اذا اراد شیئاً ان یقول لہ کن فیکون

شجرۃ الکون

اردو ترجمہ

تصنیف لطیف حضرت امام الموحدین سید العارفین سید المکاشفین شیخ اکبر محی الدین محمد بن علی طائی اندلسی المعروف بہ ابن عربی قدس اللہ سرہ

مترجم و مرتب ابو الحقائق علامہ صوفی محمد صدیق بیگ قادری

علی برادران تاجران کتب

نزد جامعہ رضویہ جھنگ بازار فیصل آباد

اذا ارادہ ان یقول لہ کن فیکون

شجرۃ الکون

اردو ترجمہ

تصنیف لطیف حضرت امام الموحدین سید المکاشفین شیخ اکبر محی الدین محمد بن علی بن محمد طائی اندلسی المعروف بہ ابن عربی قدس اللہ سرہ

مترجم و مرتب ابوالحقائق علامہ صوفی محمد صدیق بیگ قادری

علی برادران تاجران کتب
نزد جامعہ رضویہ جھنگ بازار فیصل آباد

marfat.com

جملہ حقوقِ ترجمہ محفوظ ہیں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۵

نام کتاب ———— شجرۃ الکون

مصنف ———— شیخ اکبر ابنِ عربی

مترجم ———— محمد صدیق بیگ قادری

ناشر ———— علمی برادران
جھنگ بازار فیصل آباد

طابع ———— رہنما پرنٹنگ پریس
۹ ماڈل ٹاؤن فیصل آباد

کتابت ———— احسن القلم مبارک زند
علمی کتابت سنٹر

تعداد ———— ایک ہزار

سالِ اشاعت ———— ۱۹۸۵ء/۱۴۰۶ھ

بسعی و اہتمام

فضل کریم نقشبندی

marfat.com

فہرست عنوانات

باب اوّل	تمہید	۴۴
باب دوم	اسرار حرفِ کُن	۴۶
باب سوم	مشاہدۂ آدم علیہ السلام	۴۸
باب چہارم	شاخہائے شجرۃ الکون	۴۹
باب پنجم	وحدتِ وجود	۵۱
باب ششم	حقیقت نورِ محمد صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	۵۵
باب ہفتم	سرِّ عالم و آدم علیہ السّلام	۶۱
باب ہشتم	اشارات و درجاتِ رسالت	۶۴
باب نہم	اسرار ارکانِ اسلام	۶۸
باب دہم	اسرار برزخ وحشر	۶۸
باب یازدہم	فیضان حکمتِ الٰہیہ	۶۹
باب دوازدہم	آدم و ابلیس	۷۲
باب سیزدہم	فیضان محمدّی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم	۷۵
باب چہاردہم	مقامِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم	۷۶
باب پنجدہم	سرِّ رُوح محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم	۷۹
باب شانزدہم	سرِّ معراجِ محمدّی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم	۸۳

marfat.com

تعارف

(وجہ ترجمہ کتاب)

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَعِتْرَتِہٖ وَاَوْلِیَاءِ اُمَّتِہٖ اَجْمَعِیْنَ

اَمَّا بَعْدُ بندہ ابھی اشاعت کتاب "حقیقت کعبہ" سے فارغ ہی ہوا تھا۔ او[ر] کتاب "شجرات عالم فی انساب بنی آدم" کی تدوین و تالیف میں مصروف و منہمک تھا۔ اچانک نوری بک ڈپو پر جناب مولانا رشید احمد نوری اور جناب فضل کریم صاحبان سے ملاق[ات] ہوئی۔ انہوں نے بندہ کو حضرت شیخ اکبر محی الدین ابن عربی قدس اللہ سرہ کی معروف تصنی[ف] "شجرۃ الکون" کے اردو ترجمہ کے بارے میں اپنے اشتیاق و ارادے سے آگاہ کیا۔ ان کا شوق وافر اور ارادہ اتنا ثابت تھا۔ جسے محسوس کرتے ہوئے بندہ نے اپنی تمام مصروفیات کو بالا[ئے] طاق رکھ کر ان کے ذوقِ سلیم کے پیش نظر اس نازک کام کو عملی جامہ پہنانے کا مصمم ارا[دہ] کر لیا۔ لیکن یہ نازک کام بازیچۂ اطفال اور اندیشۂ ارتحال نہ تھا بلکہ یہ حقائق و دقائق اور لط[ائف] و اسرار کا بحرِ بے کنار تھا جس میں غوطہ زنی مندرجہ ذیل اشکال کا پیش خیمہ ثابت ہوئی۔

ا :۔ دقیق و مشکل عربی الفاظ کو مناسب اردو الفاظ کا جامہ پہنانا۔

ب :۔ اصطلاحات صوفیاء و اذواقِ اولیا کا خیال رکھتے ہوئے عبارات کو موزونیت سے ہمکنار کرنا۔

ج :۔ شیخ اکبر محی الدین ابن عربی قدس اللہ سرہ جیسی قد آور شخصیت کے بلند پای[ہ] اور معیاری کلام کی فصاحت و بلاغت کو اردو ترجمہ میں برقرار رکھنا۔

یہ وہ مشکل مراحل تھے جو بندہ کے لئے ایک چیلنج کی حیثیت رکھتے تھے۔ لیکن اس آڑے وقت میں تائیدِ ایزدی اور روحِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہ نے یوں ڈھارس بندھا[ئی]

marfat.com

اے صدا تا گم نگردی ہوش دار
ایں جرس را کاروانِ دیگر است

لہذا یہ جرسِ کاروانِ دیگر صدائے دوست کا پیغام دینے کے لئے حاضر ہے۔ امید ہے کہ آپ اس سے اپنے قلوب کو زنجیرِ زلفِ محبوب میں اسیر و معقود پائیں گے اور بندہ کو دعائے خیر سے یاد فرمائیں گے۔ نیز بندہ جناب ولی محمد، تلمیذ الرحمٰن اور احمد سعید بیگ صاحبان کا اس کتاب کے ترجمہ کے مختلف مراحل میں تعاون کا تہہ دل سے شکر گزار ہے۔

marfat.com

تعارف

کتاب و مصنف

آپ کا نام و نسب یوں ہے محمد بن علی بن محمد بن احمد بن عبد اللہ عربی۔ طائی حاتمی محی الدین ابو عبد اللہ اندلسی المعروف ابنِ عربی المشہو شیخ اکبر قدس اللہ سرہ۔

آپ ۱۷ رمضان المبارک ۵۶۰ھ بمطابق ۲۸ جون ۱۱۶۵ء کو مرسیہ (اندلس) میں پیدا ہوئے۔ ۵۶۸ھ کو آپ اشبیلیہ چلے گئے۔ وہاں آپ نے مشہور زمانہ اساتذ و علماء سے تحصیل علم ظاہری و باطنی فرمایا۔ ۵۹۸ھ میں آپ بلادِ مشرق کیطرف تشریف لائے۔ کچھ دیر مصر میں رہ کر مکہ معظمہ۔ بیت المقدس۔ بغداد شریف اور حلب کی سیاحت فرمائی اور آخر کار آپ دمشق میں مستقل طور پر رہائش پذیر ہو گئے۔ آپ نے ۶۳۸ھ میں وفات پائی اور جبلِ قاسیون میں مدفون ہوئے۔ آپ نے حضرت غوثِ اعظم قدس اللہ سرہ کے خلیفہ سے اکتساب فیض فرمایا۔

(مرأۃ زمان۔ سبط ابن جوزی)

آپ نے بے شمار کتب تصنیف فرمائیں جن کی تعداد میں اختلاف ہے۔ مولانا جامی رحمۃ اللہ علیہ نے آپ کی کتب کی تعداد پانچ سو سے زائد بتائی ہے۔

نفحات الانس صہ ۶۳۴

الشعرانی رحمۃ اللہ علیہ نے ۴۰۰ کتب کا ذکر کیا ہے۔ (الیواقیت ص۱۰)

البرہان الازہر میں ۲۸۴ کتب کا ذکر ہے جبکہ ھدیۃ العارفین میں آپ کی کتب کی تفصیل درج ہے۔

marfat.com

زیرِ نظر کتاب کا ذکر "ذیل کشف الظنون" "ہدیۃ العارفین" اور انسائیکلوپیڈیا آف اسلام میں صریحاً درج ہے اور یہ حضرت ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ کی بہت اہم تصانیف میں سے ایک ہے۔

یہ امر تو مسلمہ ہے۔ آپ کی تصانیف عالیہ میں جو شہرتِ دوام فصوص الحکم اور فتوحات مکیّہ کو نصیب ہے کسی دوسری کے حصہ میں نہیں آئی لیکن کتاب شجرۃ الکون اپنی نوعیت کی اہم اور مشہور کتاب ہے جو مصر و بولاق میں طبع ہوئی۔

دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کتاب کے علم و حقائق سے اہلِ ذوق کو سرشار اور اہلِ علم کو روشناس کرائے اور ہمیں شناسائے علومِ معرفت اور شناورِ بحرِ حقیقت بنا کر توحیدِ حقیقی کی لذت سے آشنا کرے۔ آمین ثم آمین

marfat.com

شیخ محی الدین محمد بن علی ابن العربی قدس سرہ العزیز

برگزیدہ بہ نغماتِ قدسیہ ممتاز با نفاس روحانیہ واقف اسرار ولائت عارف محقق۔ سردار مقربین۔ صاحب فتح، موفق وکشف مشرق۔ ذو بصائر خارقہ و سرائر صادقہ۔ حامل معارف باہرہ وحقائق زاہرہ امام محی الدین محمد بن علی العربی معروف بہ شیخ اکبر قدس سرہ العزیز اپنے زمانہ کے اکابر کاملین میں سے تھے۔ آپ کا نام محمد لقب محی الدین اور کنیت ابن العربی تھی۔ الف لام تعریف کے ساتھ امام شعرانی فرماتے ہیں کہ کتاب نسب الخرقہ میں میں نے اسی طرح آپ کے ہاتھ کا لکھا ہوا دیکھا ہے۔ جس قدر رموز تصوّف آپ نے بیان فرمائے کسی نے اسقدر بیان نہیں فرمائے۔ آپ قائلینِ وحدتِ وجود کے امام تھے۔ آپ سے کرامات وخرق وعادات لاتعد ولاتحصیٰ صادر ہوئے ہیں۔ شیخ الاسلام صاحبِ قاموس قدس سرہٗ لکھتے ہیں کہ مجھے آج تک معلوم نہیں ہوا کہ کوئی شخص علمِ شریعت وحقیقت میں امام محی الدین ابن العربی شیخ اکبر کے مبلغ علم کو پہنچا ہو کیونکہ وہ ایک دریائے ناپیدا کنار تھے۔ اور ان کی تصانیف بحرِ زخار ہیں۔ کسی نے ایسے رموز ومفید مطالب بیان نہیں کئے۔ اور ان کی کتابوں کا مطالعہ کرنا حق تعالےٰ کی قربت حاصل کرنا ہے۔

آپ کے والد ماجد کا نام علی بن محمد العربی ہے آپ حضرت سیّدنا علی بن

marfat.com

حاتم طائی رضی اللہ عنہ کی اولاد سے ہیں۔ ۵۶۰ھ میں دو شنبہ کی شب سترھویں رمضان المبارک کو آپ بمقام مرسیہ ملک اندلس میں پیدا ہوئے۔ آپ کا طریقہ مالکی تھا اور آپ کا کلام اس قدر عجیب و لطیف ہوتا تھا کہ علمائے ظاہر اس کو سمجھنے سے قاصر تھے۔ اس لئے اکثر نے آپ پر (نعوذ باللہ) کفر کے فتوے لگائے۔

علامہ قطب الدین شیرازی فرماتے ہیں کہ شیخ اکبر شریعت و حقیقت دونوں میں کامل اور بے نظیر فرد تھے۔ جو لوگ ان کے کلام پر طعن کرتے ہیں وہ کیا کریں۔ اس کو وہ سمجھ نہیں سکتے۔ اور جو کوئی اُن کو بُرا کہتے ہیں تو ان کو ایسا جانو جیسے وہ لوگ ہیں جو سبھوں کو بُرا کہتے ہیں۔

امام فخر الدین رازی فرماتے ہیں۔ کہ امام محی الدین ابن العربی بہت بڑے جلیل القدر ولی اور اپنے زمانے کے قطب الاقطاب تھے۔

شیخ جلال الدین سیوطیؒ فرماتے ہیں کہ شیخ اکبر عارفوں کے مربّی اور حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم کے قدم بقدم چلنے والے تھے۔ انہوں نے حضرت شیخ اکبر کے منکروں کے جواب میں ایک کتاب بھی لکھی ہے جس کا نام تنبیہہ الغبی فی تبرئتہ ابن العربیؓ ہے۔

امام عبداللہ ابن سعد یافعیؒ کہتے ہیں کہ حضرت شیخ اکبر کو ولائتِ عظمیٰ حاصل تھی۔

امام سبکیؒ فرماتے ہیں کہ حضرت امام محی الدین ابن العربیؓ ایتہ من آیات اللہ تھے۔ اور اس زمانہ میں علم و فضل کی کنجی انہیں کے ہاتھ میں تھی۔ حضرت شیخ الشیوخ شہاب الدین عمر سہروردی اور حضرت شیخ کمال الدین کاشیؒ فرماتے ہیں کہ امام محی الدین ابن العربی کامل محقق و صاحب کرامات تھے۔ شیخ قطب الدین حموی قدس سرہ العزیز فرمایا کرتے تھے کہ دیکھو امام محی الدین ابن العربی کے منکر مت ہونا اور انہیں بُرا مت کہنا کیونکہ اولیاء اللہ کا لحم مسموم ہوتا ہے اور ان سے بغض رکھنے والے اکثر نصرانی مرے ہیں۔ ایسا بھی ہوا ہے کہ بعض نے شیخ کی عبارت میں جھوٹی عبارت بھی داخل کر دی

marfat.com

ہے تاکہ لوگ حضرت کو ظاہر شریعت کا مخالف سمجھنے لگیں اور اپنی اپنے حسد کی آگ بجھے۔ ایک شخص مسمی جمال الدین ابن الخیاط یمن کا رہنے والا تھا۔ اس نے چند مسائل لکھ کر بلاد اسلام میں بھیجے اور کہا محی الدین ابن العربی کے عقائد ہیں۔ آپ کی کیا رائے ہے؟ چونکہ وہ عقائد لغو تھے اس لئے سب نے بُرا کہا۔

علامہ فیروز آبادی کہتے ہیں کہ حضرت شیخ اکبر ان لغو سے پاک ہیں۔ میرے لئے ان میں کوئی مضائقہ نہیں ہے کہ اگر یہ کہوں کہ ان پر مجھے اعتقاد ہے۔ ان جاہلوں سے درگزر کرو جو جہل سے انہیں دشمن سمجھتے ہیں۔ خدائے بزرگ و برتر کی قسم جس نے انہیں حجتِ دین اور برہان بنایا ہے کہ میں نے ان کی مدح و ثنا کرنے سے انکے مرتبہ کو بڑھایا نہیں ہے۔ بلکہ مجھے اندیشہ ہے کہ کہیں اس مدح سے ان کی منفعت نہ ہوئی ہو۔

شیخ مجدد الدین فیروز آبادی لکھتے ہیں کہ حضرت شیخ اکبر کا مکان شام میں تھا اور شیخ نے تمام علوم شام ہی میں حاصل کئے۔ شام وہ ملک ہے جس کے لئے حدیث شریف میں وارد ہے کہ لا تسبوا اھل الشام فان فیھم الابدال حضرت شیخ اکبرؒ کو کسی نے بُرا اگر کہا ہے تو کوئی تعجب کی بات نہیں۔ اس لئے کہ بڑے لوگوں کے برا کہنے والے بھی ہوا کرتے ہیں۔ انبیاء کو بُرا ہی نہیں کہا بلکہ لوگوں نے قتل کیا ہے۔ صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کا حال سب پر روشن ہے۔ انہیں بُرا کہنے والے ابھی تک موجود ہیں۔ اولیاء اللہ کو ان کے زمانہ میں لوگوں نے برا ہی نہیں کہا بلکہ طرح طرح کی ایذائیں دی ہیں۔ حضرت سمنون محبؒ کو لوگوں نے ایک عورت سے بدنام کیا۔ حضرت سہل ابن عبداللہ تستریؒ کو لوگوں نے شہر بصرہ سے نکال دیا۔ حضرت ابو سعید خرازہ پر کفر کا فتویٰ لگایا گیا۔ حضرت جنید بغدادی کا بھی یہی حال ہوا۔ حضرت محمد بن الفضل بلخیؒ کو لوگوں نے بدعتی کہا اور شہر سے نکال دیا۔ حضرت ابو عثمان مغربی کو لوگوں نے مکہ سے نکال دیا۔ حالانکہ وہ بہت بڑے مجاہد علامہ اور صاحبِ جمال تھے۔ حضرت ابو بکر شبلی پر کفر کے فتوے لگائے گئے

marfat.com

اور حضرت امام ابوبکر نابلسی کو بایں فضل وکمال واستقامت فی الدین جو ملک مغرب سے مصر تک مشہور تھے زندیق کہہ کر بدنام کیا اور بادشاہوں سے کہہ کر الٹا لٹکوا کر کھال کھنچوائی - اسی طرح حضرت ابوالحسن شاذلی کو لوگوں نے زندیق کہہ کر ملک مغرب سے نکال دیا -

شیخ بدرالدین ابن جماعہ سے شیخ ابن العربی کا حال پوچھا - آپ نے فرمایا تم کو کیا ہوا ہے جو ایسے شخص کے بارے میں مذبذب ہو جس کے فضل وکمال اور جلالت قدر پر تمام عالم نے اتفاق کیا ہے ۔

شیخ فخر رومی فرماتے ہیں یہ جو مشہور ہے کہ حضرت عزالدین عبدالسلام نے انکو زندیق کہا ہے - محض جھوٹ اور افترا ہے کیونکہ صلاح الدین قلانسی صاحب فوائد مشائخ بیان کرتے ہیں کہ ایک دن ہم لوگ شیخ عزالدین کی مجلس درس میں شریک تھے اور ردت کا بیان ہو رہا تھا - قاری نے زندیق کے لفظ کو پڑھا - ایک نے کہا کہ یہ لفظ عربی ہے دوسرے نے کہا عجمی ہے تب ایک عالم نے کہا یہ فارسی الاصل ہے اور معرب ہے - اس کا اصل زن دین تھا - اس سے مراد وہ شخص ہے جو کفر چھپاتا ہو اور ایمان ظاہر کرتا ہو - تب ایک طالب علم نے فرمایا اس پر ایک شخص نے عزالدین بن عبدالسلام کی طرف مخاطب ہو کر کہا جیسے محی الدین ابن العربی ہیں - شیخ چپ رہے اور کچھ نہ بولے - صلاح الدین فرماتے ہیں کہ حضرت اس دن روزہ سے تھے جب میں نے شام کو دسترخوان بچھایا تو دریافت کیا کہ حضرت آج کل قطب کون ہے ؟ آپ نے مسکرا کر فرمایا کہ میں اس زمانے میں سوائے ابن العربی رضی اللہ عنہ کے کسی دوسرے کو قطب نہیں دیکھتا ہوں - میں سر فرو کر کے تھوڑی دیر حیرت کرتا رہا بعدہ میں نے کہا کہ اس وقت آپ نے سکوت ظاہر کر کے رضامندی کیوں ظاہر فرمائی تھی - فرمایا وہ عالموں کی مجلس تھی - وہاں سوائے سکوت کے مجھ کو کوئی چارہ نہ تھا - امام شعرانی فرماتے ہیں کہ شیخ عزالدین ابن عبدالسلام

marfat.com

شیخ الاسلام مصر جب حضرت شیخ ابوالحسن شاذلی کی صحبت میں پہنچے اور اس گروہ کے احوال سے واقف ہوئے تب شیخ اکبر کو ولائت و عرفان و قطبیت کے ساتھ یاد کرنے لگے۔
احیاء العلوم میں مذکور ہے کہ جس کسی کو اس علم (تصوف) سے کچھ بہرہ نہیں اُس کے خاتمہ کا اندیشہ ہے۔ جو لوگ کتاب و سنت سے اسے مدلل نہ پائیں تو عمل موقوف رکھیں مگر اس کی حقیقت سے انکار نہ کریں۔ لوگوں نے حضرت شیخ اکبر کے کلام کو سمجھا نہیں اور اس سے انکار کیا۔ حالانکہ یہ نہائت نامناسب تھا۔ اپنی چھوٹی سی عقل کو تمام علوم پر حاوی سمجھنا کمال نادانی ہے۔ خدائے عزوجل فرماتا ہے وما اوتیتم من العلم الا قلیلا ایک تو خود انسان کو کم علم عطا ہوا ہے۔ اس پر ہر شخص کی استعداد اور نصیب ہے۔ کسی کو اگر علم کا زیادہ حصہ نہیں ملا ہے تو اسے لازم نہیں کہ اس شخص کے علم کا انکار کرے جسے خدائے عزوجل نے اس سے زیادہ حصہ دیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ کوئی شخص صفت علم سے متصف ہوتا ہے تو اس کے مخالفین بہت پیدا ہو جاتے ہیں۔ اسرار و علوم جنہیں حضرت شیخ اکبرؒ نے ظاہر فرمایا۔ اسی قبیل کے ہیں جن کے بارے میں حضرت ابوہریرہ سے مروی ہے کہ مجھے رسول اللہ نے دو قسم کے علوم عطا فرمائے ایک کو میں نے ظاہر کیا ہے اور اگر دوسرے کو ظاہر کروں تو تقطع ہذا البلعوم یہ حلق کاٹ دیا جائے۔
حضرت امام غزالیؒ نے احیاء العلوم میں حضرت زین العابدین بن الحسینؓ سے ان دو شعروں کو اسی ضمن میں نقل کیا ہے۔ ؎

یا رب لو جوھر علم الوح بہ   لقل لی انت لعبد الوثنا

اے میرے خدا اگر میں جوہر علم کو ظاہر کروں تو لوگ مجھے بت پرست کہیں گے

ولو یحل رجال المسلمین دمی   یرون اقبح ما یاتونہ حسنا

اور مسلمان میری خونریزی کو جائز رکھیں گے اور اپنے برے افعال کو اچھا سمجھیں گے۔

marfat.com

امام غزالی فرماتے ہیں کہ اس سے علم لدنی مراد ہے جسے ہر کوئی نہیں جانتا۔ اگر منکرین کو انکار ہے تو حضرت موسیٰؑ اور حضرت خضرؑ کے قصہ پر غور کریں۔ شیخ جلال الدین سیوطیؒ فرماتے ہیں کہ جب کوئی بڑا شخص پیدا ہوتا ہے تو اس کے مقابل میں اس کا دشمن بھی ظاہر ہوتا ہے اور اشراف اور اہل علم ہمیشہ بلا میں مبتلا رہتے ہیں۔

امام شعرانی فرماتے ہیں کہ شیخ اکبر رحمۃ اللہ علیہ پہلے عرب کے ایک بادشاہ کے منشی تھے اس کے بعد زہد و عبادت و سیاحت اختیار کی اور مصر و شام و حجاز و روم کا سفر کیا اور جس جس شہر میں پہنچے وہاں کوئی نہ کوئی کتاب تالیف فرمائی۔ آپکو تصوف میں بواسطہ شیخ ابو محمد یونس قصار ہاشمی حضرت شیخ الجن والانس سیدنا میراں محی الدین عبد القادرؓ جیلانی سے خرقہ ملا ہے اور حضرت خضر سے بھی ایک ہی واسطہ ہے۔ چنانچہ وہ خود فرماتے ہیں کہ میں نے اس خرقہ کو شہر موصل کے باہر ۶۰۱ھ میں ابوالحسن علی بن عبد اللہ بن جامع سے پہنا ہے اور ابن جامع نے حضرت خضر سے خرقہ پہنا ہے اور جس مقام پر جس طرح ابن جامع کو حضرت خضر نے پہنایا ہے اسی مقام پر اسی طرح سے بغیر زیادت و نقصان کے ابن جامع نے مجھے پہنایا ہے۔ حضرت خضر سے ایک دوسری نسبت بے واسطہ بھی حضرت شیخ اکبرؓ کو حاصل ہے۔ انہوں نے خود اُس کا ذکر فرمایا ہے۔

آپ بہت بڑے صاحب تصانیف تھے لیکن افسوس اس زمانہ میں بہت کم کتابوں کا پتہ ملتا ہے۔ حضرت شیخ مجد الدین فیروز آبادی قدس سرہ العزیز فرماتے ہیں کہ میں نے بچشم خود حضرت شیخ اکبرؓ کے ہاتھ کا اجازت نامہ دیکھا ہے۔ یہ شاہ حلب کے واسطے لکھا گیا تھا۔ اس کے آخر میں یہ بھی تھا کہ اپنی کل تصنیفات کی روائت کی اجازت میں نے تمھیں دی۔ اور وہ کتابیں فلاں اور فلاں ہیں۔ جب میں نے گنا تو اجازت ناموں میں چار سو کتابیں تھیں۔ اس میں آپ کی تفسیریں بھی تھیں۔ ایک نصف قرآن کی تفسیر پچانوے جلدوں میں تھی اور آیہ وعلمناہ من لدنا علما تک ختم کر دیا تھا اور دوسری پوری تفسیر آٹھ جلدوں میں تھی اس میں محققانہ طرز اختیار کیا تھا۔ اور اسی

marfat.com

فہرست میں ریاض الفردوسیہ فی الاحادیث القدسیہ بھی شامل تھیں۔ ان کے علاوہ ایک تفسیر اہلِ تصوف کے طرز پر بھی تحریر فرمائی تھی۔ صاحب نفحات الانس لکھتے ہیں کہ بغداد کے ایک بڑے شیخ نے آپ کے مناقب لکھے ہیں۔ اس میں بیان کیا ہے کہ حضرت کی تصانیف پانچ سو سے زیادہ ہیں خود حضرت شیخ نے بھی اپنے بعض دوستوں کے اصرار سے اپنی تصانیف کی فہرست ایک رسالہ کی شکل میں مرتب کی ہے اس میں ڈھائی سو سے زیادہ کتابوں کے نام لکھے ہیں۔ جن میں اکثر تصوف میں ہے۔ بعض کی وجہ تصنیف و تالیف یہ بیان فرماتے ہیں کہ مجھ پر حق سبحانہ، کی طرف سے ایک امر وارد ہوتا تھا اور وہ مجھے جلائے ڈالتا تھا اس لئے اس امر کو بیان کرنے میں مشغول ہو جایا کرتا تھا۔ بعض کے متعلق یہ فرماتے ہیں کہ خواب میں یا مکاشفہ میں حق سبحانہ، کی طرف سے ان کے لکھنے کے لئے حکم ہوتا تھا اس لئے لکھنا پڑا۔ اس زمانہ میں جسقدر آپ کی تصانیف موجود ہیں ان میں فتوحات مکیہ اور فصوص الحکم سب سے زیادہ بزرگ کتابیں ہیں۔ شیخ سراج الدین بلقینیؒ فرماتے ہیں کہ ابن العربیؒ نے اوائل عمر میں معارف و حقائق کے دریا میں غوطہ مارا ہے اور آخیر میں فصوص فتوحات اور تنزلات موصلیہ کے ساحل پر نکلے ہیں یہ تینوں کتابیں آپ کی امہات کتابیں ہیں۔ یہ سب کتابیں لوگوں نے خود شیخ سے پڑھی ہیں اور سندلی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ فصوص الحکم آپ نے حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی اجازت سے لکھی ہے۔ چنانچہ ابتدائے کتاب میں خود فرماتے ہیں کہ آخر عشرہ محرم ۶۲۷ھ میں بمقام دمشق میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا آپ کے ہاتھ میں ایک کتاب ہے اور مجھ سے فرماتے ہیں کہ یہ کتاب فصوص الحکم ہے اس کو لو اور تمام لوگوں پر ظاہر کرو تاکہ لوگ اس سے فائدہ اٹھائیں۔ میں نے عرض کیا سمعاً و طاعتہً بسر و چشم۔ پس اس کتاب کو خالصتہً لوجہ اللہ لکھا۔ جس قدر کہ حد حضرت سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے مقرر فرمائی تھی اس پر میں نے نہ زیادتی کی اور نہ کمی اور خدائے بزرگ و برتر سے شیطان کے تسلط سے پناہ مانگی۔

marfat.com

حافظ عبداللہ ذہبی حضرت شیخ اکبرؒ کے نہائت مخالف تھے۔ ایک بار لوگوں نے ان سے پوچھا کہ امام محی الدین ابن العربی نے فصوص الحکم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی اجازت سے لکھا ہے؟ تو انہوں نے باوجود سخت مخالفت کے جواب دیا کہ ایسا علامہ کبھی جھوٹ نہیں کہہ سکتا۔

شیخ مجدالدین فیروز آبادی ایک دوسرے مقام پر لکھتے ہیں کہ حضرت شیخ اکبرؒ کی تصنیفات کا خاصہ یہ ہے کہ جو کوئی ان کا مشغلہ رکھتا ہے۔ اسے علوم وفنون کے دقیق مسئلے پانی کی طرح آسان ہوجاتے ہیں یہ کہنا کہ ان کا پڑھنا ناجائز ہے درست نہیں کیونکہ انکار کرنے والا اپنی فہم ناقص سے قرآن وسنت کے مطالب کا انکار کرتا ہے۔ ایک بار لوگوں نے ان ہی شیخ مجدالدین سے پوچھا کہ فصوص وفتوحات وغیرہ جو کتابیں حضرت شیخ اکبرؒ کی طرف منسوب ہیں کیا انکا پڑھنا پڑھانا درست ہے اور کیا یہ شیخ سے بھی پڑھی یا سُنی گئی ہیں؟ انہوں نے جواب دیا ہاں یہ کتابیں شیخ سے پڑھی اور سُنی بھی گئی ہیں اور حافظ برزنی وغیرہ نے خود شیخ اکبرؒ سے پڑھا ہے۔ اور میں نے خود قونیہ میں فتوحات پر شیخ کے ہاتھ کی لکھی ہوئی اجازت دیکھی ہے۔ شیخ اکبر کی کتابوں کا مطالعہ کرنا اللہ تعالیٰ سے قرب حاصل کرنا ہے اور جو لوگ انکار کرتے ہیں وہ راہ راست سے منحرف ہیں کیونکہ شیخ اکبرؒ اپنے زمانے میں ولایت عظمیٰ اور صدیقیت کبریٰ پر فائز تھے۔ ان کے مخالف پر اللہ کی ناخوشی کی پہلی علامت یہ ہے کہ اسے اتنے بڑے فوائد سے محروم رکھا۔ لوگوں کا یہ افترا ہے کہ شیخ کا کلام خلاف شریعت ہے اور انکا تبحر اور تبحر علمی اس کا متقاضی نہیں ہو سکتا۔ شیخ ابن العربی کبھی اس رسول کی مخالفت نہیں کر سکتے جنہوں نے اپنی شریعت غرّا کا آپکو امین ورازدار بنایا ہے غرضیکہ اس زمانہ میں انکار کیا جا سکتا تھا۔ مگر پھر ایک زمانہ ایسا آیا جب کہ لوگ عود ولوبان سلگا کر اور نہائت مقدس جگہ بیٹھ کر بہت ادب کے ساتھ فصوص الحکم کا درس دیتے تھے اور بکثرت علماء نے اس کی شرحیں لکھی ہیں جن میں ایک شیخ بدرالدین ابن

marfat.com

جماعت بھی تھے۔

شیخ مخزومی نے بھی ایک کتاب میں شیخ اکبر کے کلام پر اسرار کو ظاہر کیا ہے اور اسکا نام کشف الغطا درکھا ہے۔ عبدالغفور اللاری نفحات الانس میں فرماتے ہیں کہ جو کلمات کہ مشائخ کی طرف منسوب ہوں اور بظاہر خلاف شریعت معلوم ہوتے ہوں انہیں دوسرے امور پر محمول سمجھنا چاہیئے۔ وہ کہتے ہیں اوّل تو ان کی طرف ایسے کلمات کی نسبت ہمیں تسلیم ہی نہیں۔ دوم یہ کہ اگر نسبت کی صحت ہو جائے تو شریعت میں ان کے کلام کی تاویل پیدا کرنی چاہیئے۔ اگر ایسی تاویل مل سکے تو فبہا ورنہ ارباب علم باطن و اصحاب معرفت پر جو عارفین باللہ ہوتے ہیں اس کی تاویل چھوڑ دینی چاہیئے۔ سوم یہ کہ ممکن ہے کہ وہ کلام جس پر اعتراض ہو حالتِ سکر و غیبت کا کلام ہو جس پر کوئی مواخذہ نہیں ہو سکتا۔ پس باوجود ان احتمالات اور دفع بدگمانی کی اشکال کے اس طائفہ سے سُوء ظن پیدا کرنا عدم توفیق کی علامت ہے۔ امام یافعی اپنی تاریخ میں لکھتے ہیں کہ ایک مرتبہ آپ سے اور شیخ شہاب الدین عمر سہروردی رحمۃ اللہ علیہما سے ملاقات ہوئی تھی لیکن باہم کوئی گفتگو نہیں ہوئی۔ آپ سے لوگوں نے شیخ کا حال پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ سر سے پیر تک شیخ سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے مملو ہیں شیخ سے جب آپ کے متعلق دریافت کیا گیا تو انہوں نے فرمایا کہ حضرت ایک بحرِ حقائق ہیں۔

فتوحات مکیہ میں ایک جگہ آپ لکھتے ہیں کہ ایمان لایا میں خدا پر اس کے رسول پر اور ان سب پر جو وہ رسول لائے بہ طریق اجمال و بطریق تفصیل اور جو مجھ تک پہنچا اور جو مجھ تک نہیں پہنچا یا میرے نزدیک ثابت نہیں ہوا۔ پس جو کچھ رسول واقعی لائے اس سب کی میں تصدیق کرتا ہوں۔ یہ ایمان واعتقاد بطور تقلید کے میں نے اپنے والدین سے حاصل کیا۔ اور اسی تقلید کے تقاضے سے میں نے اس پر عمل کیا۔ اور بمقتضائے ایمان تقلیدی اس عمل کا یہ اثر ہوا کہ مجھے معلوم ہو گیا کہ میرا یہ ایمان کس مقام کا تھا اور کس

marfat.com

چیز پر میں ایمان لایا تھا میرے بصر و بصیرت و خیال سے حجاب اٹھ گیا۔ اور جو کچھ کہ مناسب حال تھا مجھ پر واضح و ظاہر ہو گیا۔ پس چشم بصر سے میں نے وہی دیکھا جو بصر سے ادراک کیا جاتا ہے اور چشم بصیرت سے بھی وہی دیکھا جو صرف چشم بصیرت سے ادراک ہوا کرتا ہے اور چشم خیال سے بھی میں نے وہی دیکھا جو صرف چشم خیال سے دیکھا جا سکتا ہے پس حقیقت حال مجھ پر منکشف ہو گئی اور حکم متخیل جو میں نے تقلید سے حاصل کیا تھا میرے کشف میں موجود ہو گیا۔ اور اس ذات کو میں نے پہچانا جس کی میں پیروی کرتا تھا کہ وہ رسول مبعوث ہیں یعنی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ خدائے عزوجل نے مجھے تمام مومنوں کے حال پر اطلاع بخشی اور اگلے پچھلے خاص و عام لوگوں میں سے قیامت تک کوئی ایسا نہ رہا جس کے حال پر مجھے اطلاع نہ بخشی گئی ہو۔ جماعتوں کے مراتب میں نے دیکھے اور ان کا اندازہ معلوم کیا اور جس جس شئے پر مجملاً ایمان لایا تھا اس سب کو میں نے مشاہدہ کیا۔ اس مشاہدہ اور معائنے نے میرے ایمان کو متزلزل نہیں کیا اور میں اپنے علم اور معائنہ اور شہود سے نہیں بلکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قول سے جو کچھ کہتا اور کرتا تھا ہمیشہ وہی کہتا اور کرتا رہا۔ پس میری جگہ ایمان اور عیان کے مابین قائم ہوئے اور پیروان نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں یہ ایک عزیز الوجود مقام ہے۔ یہاں بڑے بڑے لوگ ٹھوکر کھاتے ہیں۔ کیونکہ جس شئے پر انہیں ایمان ہوتا ہے جب اس کا معائنہ و مشاہدہ کرتے ہیں تو مشاہدہ و معائنہ کے مطابق عمل کرتے ہیں نہ کہ ایمان کے مطابق اور ایمان و مشاہدہ دونوں کے جامع نہیں ہوتے اس لئے کمال کو نہیں پہنچتے۔ اور اگر یہ شخص اہل کشف سے ہے تو اس کا کشف بھی کامل نہیں ہے۔ اس نے اپنے نفس کو نہیں پہچانا اور اپنے مشاہدہ پر عمل کیا۔ لیکن کامل وہ شخص ہے جو ذوقِ مشاہدہ و عیاں کے ساتھ اپنے ایمان پر عمل کرے۔ اور اس کے ایمان پر مشاہدہ و عیاں کا بالکل اثر نہ پڑے۔ میں نے کسی شخص کو اس مرتبہ کا نہیں پایا۔ گو میں جانتا ہوں کہ اس عالم میں خدائے عزوجل کے بڑے بڑے بندے ہیں

marfat.com

لیکن میری ان سے ملاقات نہیں ہوئی ۔ ممکن ہے کہ میں نے دیکھا ہو۔ مگر پہچانا نہ ہو۔ اس کا سبب یہ ہے کہ میں نے کبھی اپنے نفس کو حق کی طرف اس لئے متوجہ نہیں کیا کہ دنیا میں کسی شخص کی حادثات عالم میں سے کسی حادثہ کی مجھے آگاہی حاصل ہو بلکہ میرا نفس خدائے عزوجل کے ساتھ لگا رہا کہ جس کام میں اس کی مرضی ہو اس کے لئے مجھے کام میں لائے۔ اور جس کام میں اس سے دوری حاصل ہوتی ہے اس میں مجھے مشغول نہ فرمائے۔ اس کی مجھے کبھی فکر نہیں ہوئی کہ خدائے عزوجل مجھے ایسے مقام کے ساتھ مخصوص فرمائے جو پیروان نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں سے کسی کو عطا نہ فرمایا ہو۔ بلکہ اگر جمیع عالم کو مجھ سا بنا دے تو بھی مجھ پر کوئی اثر نہ ہوگا اس لئے کہ میں بندہ محض ہوں اور بندگان خدا میں سے کسی پر تفوق نہیں چاہتا ہوں بلکہ خدائے بزرگ و برتر نے میرے نفس میں ایسی کشادگی رکھی ہے کہ میں آرزو کرتا ہوں کہ تمام عالم مراتب اعلیٰ کے ایک ہی قدم پر ہو جائے۔ لیکن اس پاک و بے نیاز نے مجھے ایک ایسے امر کا خاتم بنایا ہے جو میرے دل میں کبھی نہیں آیا تھا۔ بس عجز و شکر کے اقرار کے ساتھ اور توفیقِ شکر کو حق جان کر اس کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ یہ بات میں نے کسی فخر کے خیال سے نہیں بیان کی ہے۔ بلکہ دو امور کی وجہ سے بیان کی ہے۔ ایک تو یہ کہ خدائے عزوجل خود فرماتا ہے واما بنعمۃ ربك فحدث کونسی نعمت بھلا اس نعمت سے بڑھ کر ہو سکتی ہے اور دوسری یہ کہ کوئی صاحب ہمت تو اسے سنے اور اُس کے دل میں ہمت عظیم پیدا ہو اور اپنے نفس سے جیسا میں نے کام لیا ہے وہ بھی کام لے اور جس مرتبہ پر میں پہنچا ہوں وہ بھی پہنچ جائے۔ اگر وہ بھی اس مرتبہ پر پہنچ جائیگا تو مجھے کوئی نقصان نہ ہوگا اس لئے کہ امور معنوی میں تنگی نہیں ہوا کرتی بلکہ تنگی صرف امورِ محسوسہ میں ہوا کرتی ہے۔

شیخ صدرالدین قونوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کتاب فکوک میں فرماتے ہیں کہ

marfat.com

ہمارے شیخ کو ایک نظر مخصوص حاصل تھی کہ اگر چاہتے کہ کسی کے احوال پر اطلاع حاصل ہو تو ایک نظر اسکی طرف کرتے اور اس کی اخروی و دنیوی احوال سے آگاہی پاکر خبر کرتے۔ آپ کا ایک شعر ہے۔

یامن یرانی و لم اراہ کم اذا اراہ ولا یرانی

یعنی اے وہ شخص جو کہ مجھے دیکھتا ہے اور میں اسے نہیں دیکھتا ہوں بارہا ایسا ہوا ہے کہ میں اسے دیکھتا رہا ہوں حالانکہ وہ مجھے نہیں دیکھتا تھا۔ ایک شخص نے کہا کہ لا یرانی کیسے ہو سکتا ہے۔ کیا یہ حق نہیں دیکھتا۔ آپ نے فی البدیہہ جواب میں فرمایا۔

یامن یرانی مجرماً و لا اراہ مفسداً کم اذا اراہ منعما و لا یرانی لائذاً

یعنی اے وہ شخص کہ مجھے گنہگار دیکھتا ہے۔ اور میں اسے مفسد نہیں دیکھتا۔ کتنی مرتبہ میں اسے منعم کی حیثیت سے دیکھتا ہوں اور وہ مجھے پناہ گزیدہ کی حیثیت سے نہیں دیکھتا۔

فتوحات مکیہ کے باب ۳۶۷ میں شیخ اکبر رحمۃ اللہ علیہ اپنے ایک مکاشفہ کا ذکر فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں عالم واقعہ میں حضرت ادریس علیہ نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام سے ملا اور ابتدائے عالم کے متعلق ان سے کچھ پوچھا۔ آپ نے فرمایا مجھ کو مدت عالم کی ابتدا کا حال نہیں معلوم اور نہ یہ جانتا ہوں کہ مخلوقات کس حد تک پیدا ہوتی رہیں گی۔ کیونکہ ہر نفس کے ساتھ ایک نئی خلقت پیدا ہوتی ہے۔ اور اللہ جل شانہٗ کی صفت تخلیق ابدی ہے۔ ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گی اور دنیا و آخرت ہمیشہ رہے گی۔ میں نے کہا یا نبی اللہ قیامت کی علامت مجھ سے فرمائیے۔ ارشاد ہوا کہ تمہارے جدِ آدم قریب کا وجود اس کی بڑی علامت ہے۔ میں نے کہا کہ حضرت دنیا کے بعد بھی کوئی دار اسکے سوا ہے؟ فرمایا کہ ہاں ایک ہی دار دار موجود ہے اور دنیا تمہیں لوگوں کے سبب سے دنیا ہوئی

marfat.com

فتوحات کے ساتویں باب میں فرماتے ہیں کہ عالم کی عمر کا کروڑوں برس سے بھی اندازہ نہیں ہو سکتا۔ پھر اسی باب میں فرماتے ہیں کہ عالم طبعی کی عمر کے اکتّر ہزار برس جب گزر چکے تب اللہ جل شانہٗ نے موالید ثلاثہ کو پیدا کیا۔ اور ان کے چوّن ہزار برس بعد اللہ جل شانہٗ نے اس دنیا کو پیدا کیا اور جب دنیا کو تریسٹھ ہزار برس گزر گئے تب اللہ جل شانہٗ جنت و دوزخ کو بنایا دنیا اور آخرت میں نوے ہزار برس کا تفاوت ہے اور اس کا نام آخرت اس لئے ہوا کہ وہ بعد آنے والی ہے۔ آخرت کی کوئی انتہا نہیں کہ اس کا احصار کیا جاسکے اور جب دنیا کی عمر کو ستر ہزار برس اور آخرت کی عمر کے آٹھ ہزار برس گذر چکے تب اللہ جل شانہٗ نے آدم کی مٹی کا خمیر کیا۔ تری و خشکی کے جانور پیدا کئے۔ زمین کے عفونات سے حشرات الارض کو پیدا کیا تاکہ ہوا عفونت سے پاک رہے واللہ اعلم۔

فتوحات کے باب (۲۹۰) میں فرماتے ہیں کہ مجھے یہ نہیں معلوم ہوا کہ کسی نے خلق عالم کی ابتدائی حد جانی ہو اور یہ ممکن نہیں ہے۔ کیونکہ اکثر تارے فلک اطلس میں ایسے ہیں جنہیں کواکب ثابت نہیں کہہ سکتے اور انسان کی عمران کی حرکت کو نہیں پہچان سکتی کیونکہ وہ بظاہر ثابت معلوم ہوتے ہیں۔ مگر در حقیقت نہائت بطی رفتار کے ساتھ سیر کی حالت میں ہیں۔ فلک اقصیٰ کا ہر ایک ستارہ ایک درجہ کو سو برس میں طے کرتا ہے اور جس درجہ سے اس کی سیر شروع ہوتی ہے وہاں پہنچنے میں جتنے سال لگتے ہیں اتنی مدت کا ان کواکب ثابتہ کا ایک دن ہوتا ہے اب حساب کر لو کہ اس فلک میں تین سو ساٹھ درجے ہیں اور ہر درجہ کو سو برس میں ایک ستارہ طے کرتا ہے۔

فتوحات مکیہ کے باب (۳۷) میں حضرت شیخ اکبر فرماتے ہیں کہ عالم کبھی قطب

marfat.com

سے خالی نہیں ہوتا۔ جیسے کہ کبھی رسول سے خالی نہیں ہے اور اسی واسطے اللہ جل شانہٗ نے چار نبیوں کو زندہ رکھا ہے۔ تین ان میں سے صاحبِ شرع ہیں۔ یعنی ادریس و الیاس و عیسیٰ علی نبینا و علیہم السلام اور ایک حامل علم لدنی ہیں یعنی حضرت خضر علیہ السلام اور اس کی توضیح یہ ہے کہ دین حنفی کے چار رکن ہیں۔ جیسے کہ گھر کے چار رکن ہوتے ہیں اور وہ رسل اور انبیاء اور اولیاء اور مومنین ہیں۔

فتوحات مکیہ کے باب (۳۸۳) میں فرماتے ہیں کہ جاننا چاہیئے کہ قطب سے تمام دائرہ وجود و کون و فساد کی حفاظت ہوتی ہے اور دو اماموں سے عالم غیب و شہادت کی حفاظت ہوتی ہے اور اوتاد سے حق تعالیٰ جنوب و شمال و مشرق و مغرب کی حفاظت کرتا ہے۔ اور ابدالوں سے حق تعالیٰ ہفت اقلیم کی محافظت فرماتا ہے۔ قطب ان سب کا محافظ اور نگہبان افسر ہے اور اس عالم کون و فساد کے تمام امور کا اسی کی ذات پر دار و مدار ہے۔ امام عبدالوہاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جس طرح اللہ جل شانہٗ کے امہات صفات سات ہیں اسی طرح سات ابدال بھی ہیں۔ انھیں سے حفاظتِ جہات ہوتی ہے۔

شیخ اکبر رضؓ فرماتے ہیں کہ ہر ایک ابدال کو مدد انبیاء کی روحوں سے پہنچتی ہے جو ایک ایک آسمان میں ہیں۔ میں ان ساتوں ابدالوں سے مکہ معظمہ حنابلہ کے پیچھے ملا ہوں۔ ان سب کو رکوع کی حالت میں پایا۔ بعد فراغت نماز میں نے سلام کیا۔ انہوں نے جواب دیا۔ پھر میں نے ان سے باتیں کیں۔ میں نے کسی کو ان سے زیادہ خوش وضع خوش خلق اور خوش شغل نہیں پایا۔

فتوحاتِ مکیہ کے باب ۷۳ میں فرماتے ہیں کہ بڑی وراثت ختم ولائت ہے اور ختم کی دو قسمیں ہیں۔ ایک اعلیٰ ہے اور دوسری ادنیٰ ہے اعلیٰ یہ ہے کہ ولائت

marfat.com

مطلق کا وہ خاتم ہو۔ ادنیٰ یہ ہے کہ ولائت مقیدہ محمدیہ کا خاتم ہو۔ پس مطلق ولائت کے خاتم حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا علیہ الصلوٰۃ والسلام ہیں اور اخیر زمانہ میں نزول فرمائیں گے اور ولائت مطلقہ کے آپ خاتم ہونگے اور ولایت مقیدہ کے خاتم ایک شخص ولائت مغرب کے ہونگے اور وہ خاندان اور ملک دونوں میں اشرف ہونگے وہ آج ہمارے زمانہ میں موجود ہیں اور ۵۹۵ھ میں ان سے ملا تھا اور میں نے ان میں ختم کی مہر بھی دیکھی تھی جسے اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کی آنکھوں سے مخفی رکھا ہے۔ انہوں نے اس مہر کو مجھے کھول کر بتلایا۔ اور میں نے دیکھا کہ جو اسرار و علوم ربانی وہ بیان کرتے ہیں اس سے لوگ انکار کرتے ہیں۔

فتوحات کے باب (۳۶۲) میں آپ فرماتے ہیں کہ یہ لوگوں کی کیسی بے انصافی ہے کہ جن صفات الٰہی کو انبیاء کہیں ان پہ ایمان لائیں اور جب انھیں کو کوئی عالم و مقرب پیرو رسول کہے تو انکار کر دیں یہ نہیں جانتے کہ دریا ایک ہی ہے اسی سے دونوں چشمے بہتے ہیں۔ باب الوصایا میں آپ فرماتے ہیں کہ تم آئمہ مجتہدین پر طعن کرنے سے بچو اور یہ کبھی نہ کہو کہ وہ معارف و اسرار سے محجوب تھے جیسا کہ بعض جاہل و بے علم صوفی کہا کرتے ہیں۔ جاننا چاہیئے کہ آئمہ مجتہدین کا قدم علوم غیب میں راسخ تھا اگرچہ وہ بغلبہ ظن حکم کرتے تھے لیکن ان کا علم یقینی تھا۔ ان میں اور اہل مکاشفہ میں صرف راستہ کا اختلاف ہے اور یہ لوگ تشریح کے جہت سے رسولوں کے مرتبہ میں ہیں۔

پھر باب ۳۶۹ میں فرماتے ہیں کہ قیامت کے دن یہ علمائے مجتہدین انبیاءؑ کی صفوں میں ہونگے۔ اُمّت کی صفوں میں نہ ہونگے اور ہر رسول کی جانب میں ایک عالم امّتِ محمدیہ میں سے ہوگا۔ اور یہ وہ علما ہونگے جنہیں احکام و حالات۔ مقامات و منازل میں صاحب سند ہونے کا درجہ حاصل ہوگا۔ ان کے آخر میں خاتم آئمہ مجتہدین حضرت امام مہدی علیہ السلام ہوں گے۔

marfat.com

فتوحات مکیہ باب (۲۸۵) میں شیخ اکبر علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ اولیاء اللہ عزوجل پر بھی وحی نازل ہوتی ہے۔ مگر اس کے طریقے مختلف ہیں کبھی وہ وحی کو خیال میں پاتے ہیں اور کبھی حس میں دیکھتے ہیں اور کبھی اپنے دل میں پاتے ہیں اور لکھی ہوئی عبارت میں اور یہ اکثر اولیاء اللہ کو واقع ہوتا ہے چنانچہ حضرت ابو عبداللہ قضیب البان موصلیؒ اور تقی ابن مخلد شاگرد امام احمد رضی اللہ تعالےٰ عنہما کو کتابت ہی کے ذریعہ سے ملک الالہام وحی پہنچاتا تھا۔ اور جب وہ خواب سے بیدار ہوتے تو ایک کاغذ پر لکھا ہوا پاتے تھے۔ حضرت شیخ فرماتے ہیں کہ اس کی بڑی علامت یہ ہے کہ ہر طرف سے برابر پڑھا جاتا ہے۔ اور جب ورق اُلٹتے ہیں تو کتاب بھی الٹ جاتی ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ میں نے خود اس کتابت کو دیکھا ہے۔ وہ ایک فقیر پر مطاف میں اسی صفت پر اتری تھی اس میں دوزخ سے اس کی نجات درج تھی۔

آپ فرماتے ہیں کہ کبھی بندہ کو ایک خاص طریقہ پر الہام ہوتا ہے۔ اور وہ جہت ہر انسان میں حق تعالےٰ کی جانب سے ودیعت ہے کہ ملک الالہام کو بھی خبر نہیں ہوتی لیکن لوگ اس سے انکار کرنے میں عجلت سے کام لیتے ہیں چنانچہ حضرت خضر اور حضرت موسیٰ علیٰ نبینا علیہم الصلوٰۃ والسلام کا قصہ موجود ہے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جو حضرت خضر علیہ السلام کے الہامات کا انکار کیا تو اس سے وہ معذور تھے اس لئے کہ وہ نبی تھے اور نبی ہمیشہ بالمشافہ لینے کا عادی ہوتا ہے اور چونکہ وہ صاحب شریعت ہوتا ہے۔ اس لئے اسے فرشتہ کا واسطہ ضرور رہتے تاکہ حقیقت وحی میں وہم کو بھی دخل نہ ہو۔

فتوحات مکیہ کے باب (۳۶۲) میں حضرت فرماتے ہیں فرشتہ نبی و ولی دونوں پر نزول فرماتا ہے لیکن دونوں کی کیفیت نزول میں فرق ہے یعنی انبیاء و مرسلین پر بالذات وہ نزول کرتا ہے اور اولیاء اللہ پر بہ اتباعِ نبی ان امور کو سمجھانے کیلئے جو

marfat.com

نبی لایا ہے۔ لیکن فہم وادراک میں نہیں آتے۔ کبھی ملک الالہام ولی اللہ پر بشارت کیساتھ نزول کرتا ہے۔ مثلاً اِنَّ الَّذِیْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰہُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَیْھِمُ الْمَلٰٓئِکَۃُ۔ یہ اکثر موت کے وقت واقع ہوتا ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ مجھ پر ملک الالہام نے غیر متناہی علوم لے کر نزول کیا ہے۔

فتوحات مکیہ کے باب (۳۹۲) میں آپ فرماتے ہیں کہ امتِ محمدیہ میں کوئی ایسا شخص نہیں ہے جو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے افضل ہو سوائے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے جن کا اس امت میں بھی شمار ہے۔ یعنی جب آپ نزول فرمائیں گے تو اسی شریعتِ محمدی کے مطابق احکام دیں گے۔

آپ فرماتے ہیں کہ میں نے سال ہا سال فاطمہ بنت ولیہ کی خدمت کی ہے۔ اس وقت ان کا سن پچانوے سال کا تھا لیکن چہرہ پر رونق و تازگی ایسی تھی جیسی عالم شباب میں ہوتی ہے اور میں ان پر نظر ڈالتے شرماتا تھا۔ حق تعالےٰ کے ساتھ ان کا عجیب و غریب حال تھا۔ ہمارے ابنائے جنس میں سے جو لوگ ان کی خدمت میں آتے ان سب میں مجھ سے زیادہ خوش تھیں اور مجھے خدمت میں رہنے کے لئے اکثر فرمایا کرتی تھیں اور کہا کرتیں کہ میں فلاں (یعنی میرا) جیسا کسی کو نہیں دیکھتی۔ جب میں اُن کے سامنے جاتا تو ہمہ تن متوجہ ہو جاتیں اور فرمایا کرتیں کہ میں ان لوگوں پر تعجب کرتی ہوں جو حق تعالیٰ کی محبت کا دعویٰ تو کرتے ہیں لیکن اس بات سے خوش نہیں ہوتے کہ اللہ جل شانہٗ ان کا مشہود ہے اور چشم زدن کے لئے بھی ان سے غائب نہیں ہوتا۔

فتوحاتِ مکیہ کے باب (۳۷) میں آپ فرماتے ہیں کہ اولیا اللہ عزوجل میں ایک مرد یا ایک عورت صاحب مقامات ہوا کرتی ہے جس سے بہ کثرت کرامتیں سرزد ہوتی ہیں اور بندگان خدا کو نفع پہنچتا ہے۔ اُسے ہر شے پر قدرت ہوتی ہے۔ اور

marfat.com

وہ سب کا سردار ہوتا ہے اور ہمیشہ حق کے ساتھ رہتا ہے اور اسی کے حکم سے کام کرتا ہے۔ چنانچہ بغداد میں ہمارے شیخ سیدنا محی الدین عبد القادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یہی مقام حاصل تھا۔ میں آپ سے نہیں ملا ہوں۔ لیکن ان سے ملا ہوں جو آپ کے بعد ہوئے۔ لیکن ہمارے شیخ سیدنا عبد القادر جیلانی رضی اللہ تعالےٰ عنہ کا مرتبہ ان سے بزرگ تر تھا۔

فتوحات کے باب (۳۰) میں بجھے فرماتے ہیں کہ مجھے بالتحقیق معلوم ہوا ہے کہ بشیخ محی الدین عبد القادر جیلانی رضی اللہ تعالےٰ عنہ قطب وقت تھے اور تصرفات کی انہیں اجازت تھی۔ اس لئے بے حساب کرامتیں ان سے ظاہر ہوئیں۔

فتوحات مکیہ باب (۴۰) میں فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ مجھ پر بے خودی طاری ہوئی ایک مدت اسی بے خودی میں گذر گئی لیکن نماز باجماعت پڑھتا رہا اور امامت کرتا رہا۔ اور نماز کے جمیع اعمال جیسا کہ چاہیئے بجا لاتا رہا۔ لیکن یہ تمام حالت بے شعوری میں ہوتا رہا۔ مجھے نہ جماعت کا شعور تھا کہ اعمال کا اور ایسی بے خودی تھی کہ عالم محسوس میں سے کسی شئے کا شعور باقی نہیں رہا تھا۔ بعد میں معلوم ہوا کہ کس طرح حق سبحانہ تعالےٰ نے شیخ شبلی کی اوقات کو محفوظ رکھا تھا اسی طرح مجھے بھی محفوظ رکھا شیخ شبلی پر جب غلبہ سکر ہوا تو ان پر ایک بے خودی سی رہا کرتی تھی صرف نماز کے وقت ہوش آتا تھا۔ اس کے بعد پھر حالت سکر میں بے خود ہو جایا کرتے تھے۔

فتوحات میں ہے کہ ایک مرتبہ نماز جمعہ کے بعد میں طواف کر رہا تھا۔ ایک شخص کو دیکھا وہ بھی طواف میں مشغول ہے لیکن نہ وہ کسی کے آنے جانے سے رکتا ہے اور نہ کوئی اس کی وجہ سے رکتا ہے۔ دو آدمیوں میں وہ اس طرح نکل جاتا ہے کہ ان دونوں میں سے کسی کو جدا ہونے کی ضرورت نہیں پڑتی۔ میں نے یہ حال دیکھکر سمجھا کہ یہ روح ہے جسد نہیں ہے۔ اس کے راہ پر کھڑا ہو گیا اور جب وہ سامنے آیا

marfat.com

تو میں نے سلام کیا۔ اس نے جواب دیا۔ میں اس کے ہمراہ ہولیا اور باتیں کرنے لگا۔ معلوم ہوا کہ حضرت احمد سبتی ہیں۔ میں نے پوچھا کہ حضرت ہفتہ کے سات دنوں میں سے آپ نے صرف سنیچر کو کیوں کسب نفس کے لئے مخصوص فرمایا تھا۔ آپ نے فرمایا اس جہت سے کہ خدائے تعالےٰ نے یک شنبہ کو تخلیق عالم شروع فرمائی اور جمعہ کو فارغ ہوا۔ یہ چھ دن وہ ہمارے کام میں مصروف تھا۔ میں بھی اس لئے اس کے کام میں مصروف رہا کرتا تھا اور اپنی حظ نفس کے لئے کوئی کام ان ایام میں نہیں کرتا تھا۔ جب شنبہ (سنیچر) کا دن آیا تو اُسے میں نے اپنے لئے مقرر کیا اور اس میں اپنے نفس کے لئے کسب کرتا تھا تاکہ ان چھ دنوں کے لئے قوت کا انتظام کروں۔ اس کے بعد پھر میں نے ان سے پوچھا کہ حضرت آپ کے زمانہ میں قطب وقت کون تھا۔ انہوں نے فرمایا کہ میں۔ اس کے بعد رخصت ہو گئے اور میں اپنی جگہ واپس آیا۔ یہاں میرے ساتھیوں میں سے ایک نے کہا آج میں نے ایک پردیسی کو مکہ میں دیکھا جسے پہلے کبھی نہیں دیکھا تھا۔ وہ طواف کی حالت میں آپ سے باتیں کر رہا تھا۔ وہ کون شخص تھا اور کہاں سے آیا۔ میں نے سارا قصہ اس سے بیان کیا۔

فتوحات میں ایک مقام پر آپ لکھتے ہیں کہ شیخ ابوالعباس جریری نے سنہ ۶۰۳ھ میں مجھ سے مصر میں یہ واقعہ بیان کیا کہ شیخ عبداللہ قربانی کے ساتھ میں بازار گیا تھا۔ شیخ نے اپنے چھوٹے بچے کے لئے ایک قصریہ (یعنی بچوں کے پیشاب کرنے کا شیشہ ایک ظرف) خریدی۔ اسی اثنا میں ہم سے صالحین کی ایک جماعت کی ملاقات ہوئی اور ہم سب ایک جگہ بیٹھ گئے کہ وہاں کچھ منگا کر کھائیں۔ رائے یہ ہوئی کہ روٹی سے کھانے کے لئے کچھ دودھ اور شکر منگائیں۔ قصریہ چونکہ نئی تھی اور اس میں کوئی گندگی ابھی تک نہیں پڑی تھی اس لئے اس میں دودھ منگایا۔ جب ہم کھا چکے اور لوگ سب سب اپنی اپنی راہ گئے اور میں ابو عبداللہ کے ساتھ جا رہا

marfat.com

تھا۔ قصریہ ان کے ہاتھ میں تھی۔ واللہ میں نے اور ابوعبداللہ دونوں نے اس قصریہ سے یہ آواز سنی کہ اولیائے خدائے عزّوجل مجھ میں رکھ کر کچھ چیز کھا چکے ہیں اب میں بول و براز کی جگہ نہیں بننا چاہتی۔ خدائے تعالیٰ کی قسم اب ایسا نہیں ہو سکتا۔ اس کے بعد ابوعبداللہ کے ہاتھ سے وہ قصریہ اچھل کر نیچے گری اور ریزہ ریزہ ہو گئی اس واقعہ سے ہماری حالت عجیب ہو گئی۔ شیخ ابوعبداللہ کہتے ہیں کہ میں نے شیخ ابوالعباس سے کہا کہ قصریہ کی یہ نصیحت تمہاری سمجھ میں نہیں آئی۔ تم جو خیال کر رہے ہو وہ مقصود نہیں ہے۔ بہت سے برتن ایسے ہیں جن میں تم سے بہتر لوگوں نے کھانا کھایا ہے اور پھر ان میں ناپاک اشیاء رکھی گئی ہیں بلکہ اس نصیحت کا مقصد یہ تنبیہ ہے کہ جب تمہارے قلوب معرفت الٰہی کی جگہ بن چکے ہیں۔ تو انہیں پھر اغیار کی جگہ نہ بننا چاہیئے۔ منہیات الٰہی کو اس میں جگہ نہ دینا چاہیئے۔ قصریہ کے ٹوٹ جانے سے یہ سمجھنا چاہیئے کہ اللہ سبحانہٗ تعالےٰ کے سامنے اسی طرح شکستہ رہنا چاہیئے۔ شیخ ابوالعباس نے اقرار کیا کہ بے شک یہی ہے۔ جو کچھ کہ تم کہہ رہے ہو ہماری سمجھ میں نہیں آیا تھا۔

فتوحات مکیہ میں ایک مقام پر ہے کہ میری برادری میں ایک شخص یحییٰ بن یغان (لغمان؟) تلمسان کا بادشاہ تھا۔ اس شہر میں ایک شیخ تھے جن کا نام ابوعبداللہ تونسی تھا۔ اور خلق سے گوشہ گیر ہو کر شہر سے باہر ایک مقام پر مشغول بہ عبادت رہا کرتے تھے۔ ایک دن اس مقام سے خدم و حشم کے ساتھ یحییٰ کا گذر ہوا۔ اس سے لوگوں نے ابوعبداللہ تونسی کا حال بتایا گیا۔ یحییٰ گھوڑے کی باگ موڑ کر آپ کے سامنے آیا اور سلام کیا۔ اس کے جسم پر فاخرہ لباس تھا۔ شیخ سے پوچھنے لگا کہ حضرت اس لباس کے ساتھ نماز جائز ہے یا نہیں؟ شیخ ہنس دیئے۔ اس نے پوچھا کیوں ہنستے ہیں۔ آپ نے فرمایا تیری کم عقلی پر۔ تیری مثال اس کتے کی سی ہے جس نے مردار کھا کر پیٹ بھرا ہے اور سر سے

marfat.com

لے کر پیرنک خون آلودہ ہے لیکن جب پیشاب کرتا ہے تو ٹانگ اٹھا کر پیشاب کرتا ہے کہ کہیں چھینٹا نہ پڑ جاتے نیز ایپٹ حرام سے بھرا ہوا ہے اور جو مظالم بندوں پر کئے ہیں وہ گردن پر مشرت ہیں اور تو یہ سوال کرتا ہے کہ ان کپڑوں سے نماز جائز ہے یا نہیں یحییٰ پر یہ سُن کر رقت طاری ہوئی۔ وہ گھوڑے سے اتر آیا اور سلطنت ترک کر کے شیخ کی ملازمت میں رہنے لگا۔ تین دن بعد شیخ نے فرمایا اب مہمانی ہو چکی۔ یہ رسہ ہے ہاتھ میں لو اور لکڑیاں سر پر رکھ کر لاؤ اور بازار میں بیچو۔ یحییٰ نے حکم کی تعمیل کی لکڑیاں جنگل سے لاتا۔ بازار میں بیچتا اور کھانے کے لئے کچھ رکھ کر باقی سب قیمت خیرات کر دیتا۔ لوگ اس کی یہ حالت دیکھ کر روتے تھے۔ آخر وقت تک وہ اسی حالت میں اپنے ہی شہر میں رہا۔ اگر کوئی شخص شیخ سے دعا کی درخواست کرتا تو وہ فرماتے یحییٰ سے دعا کراؤ اس نے بادشاہی چھوڑ کر زہد اختیار کیا ہے۔ شائد میں اگر اس میں مبتلا ہوتا تو یہ زہد کی حالت اختیار نہ کرتا۔

فتوحات میں مجملاً اور رسالہ برزخیہ میں صراحتاً مذکور ہے کہ برزخ ایک عالم مستقل ہے جو عالم دنیا اور عالم آخرت کے مابین ہے کما قال اللہ تعالیٰ من ورائھم برزخ الی یوم یبعثون۔ برزخ ارواح و ملائک کا مستقر ہے اور ابتدائے مخلوقات سے انقراض ارض سماوات تک ارواح وہیں رہیں گی۔ خالق مطلق نے وجود کو تین صورتوں میں ظاہر فرمایا ہے۔ دنیا برزخ و آخرت پس عالم موجودات کے بھی تین نوع ہیں ملک و ملکوت و جبروت اور انسان کی ایجاد ان کی مجموعی سے ہوتی ہے یعنی انسان جسم و نفس و روح کا مجموعہ ہے جسم کی ایجاد دنیا سے ہی جو عالم ملک کا مظہر ہے اور نفس کی ایجاد برزخ سے جو عالم ملکوت کا مظہر ہے اور روح کی ایجاد آخرت سے ہے جو عالم جبروت کی مظہر ہے۔ آدمی جب تک اس کی حیات ہے اپنی استعداد کے مطابق زندگی بسر کرتا ہے۔ اس کے بعد بمقتضائے آیہ کریمہ کل نفس ذائقۃ الموت

marfat.com

بہ واسطہ مرگ عالم دنیا سے عالم برزخ میں انتقال کرتا ہے۔ بعض ایسے ہوتے ہیں کہ چند مدت قبور میں توقف کر کے اور آلائش دنیا سے پاک صاف ہو کر عالم مثال میں چلے جاتے ہیں۔ اور بعض اخص الاولیاء و اکمل شہدا جن کے سپرد اس عالم کی خدمت کی جاتی ہے۔ اپنی قبور میں زندوں کی مانند تصرف کرتے ہیں۔ کما قال اللہ تعالیٰ وَلا تقولوا لمن یقتل فی سبیل اللہ اموات بل احیاء وَلکن لا تشعرون تمام اسباب جنت پروردگارِ عالم ان کی قبروں ہی میں عطا فرما دیتا ہے۔ القبر روضة من ریاض الجنة قبور میں بھی ترقیات ہوتی رہتی ہیں۔

فتوحات مکیہ میں سب مفصل موجود ہے عالم دنیا کبھی ویران بھی ہو جاتا ہے لیکن عالم مثال پر کوئی آفت نہیں آتی۔ قیامت کبریٰ تک یہی حال رہے گا۔ اس دنیا کا حال یہ ہے کہ جسم کے واسطہ سے نفس و روح کو رنج و راحت پہنچتا ہے۔ لیکن بعد مرگ نفس و روح جسم کے تسلط سے آزاد ہو جاتے ہیں اور انسان عالم برزخ میں انتقال کرتا ہے۔ جہاں اعمال و کردار کے مطابق اسے اچھا یا برا ایک وجود مثالی عطا ہوتا ہے اور عذاب و ثواب و تعذب و تنعم نفس و روح کے واسطہ سے حاصل ہوتا ہے۔ جب ارادہ الٰہی یہ ہوگا کہ عالم برزخ سے بھی انتقال ارواح عمل میں آئے تو قیامت کبریٰ قائم ہوگی۔ اور احکام نفسیہ منعدم ہو جائیں گے اور آن واحد میں عالم جبروت یعنی آخرت میں سب پہنچ جائیں گے۔ اور حشر اجساد کے بعد ہر شخص اپنے اپنے درجہ کے مطابق وہاں ہوگا۔ جہاں اس کا مستقر قرار پائے گا و فریق فی الجنة و فریق فی السعیر یہ تمام تفاوت اسمائے کلیہ و جزیہ الٰہیہ کی تجلیات کے واسطہ سے ہوں گے جو عالم ناسوت، ملکوت و جبروت پر متجلی ہوتی رہتی ہیں۔

فتوحات مکیہ کے باب (۱۶۱) میں صدیقیت اور نبوت کے درمیانی مقام کا ذکر کرتے وقت لکھتے ہیں کہ محترم ۵۹۰ھ میں اس مقام پر پہنچا تھا۔ واقعہ یہ ہوا کہ میں

marfat.com

بلادِ مغرب کے سفر میں تھا کہ مجھ پر حیرت غالب ہوئی اور بوجہ تنہائی کے وحشت معلوم ہونے لگی۔ اس مقام کا نام بھی مجھے معلوم نہ تھا باوجودیکہ مجھے وہ مقام حاصل تھا۔ غرضیکہ اس وحشت وحیرت کے ساتھ میں جہاں گھبرا ہوا تھا وہاں سے چل کھڑا ہوا اور عصر کی نماز کے بعد ایک شخص کے مکان پر جس سے مجھے بہت موانست تھی پر اتر پڑا اور اسی عالم حیرت و وحشت میں اس سے کلام کرتا تھا کہ میں نے دیکھا کہ ایک شخص کا سایہ ظاہر ہوا۔ میں اپنی جگہ پر اچھل پڑا اور یہ کہنے لگا کہ شائد اس شخص کے پاس کچھ فرحت حاصل ہو۔ اس نے مجھے گلے لگا لیا۔ میں نے غور کر کے دیکھا تو معلوم ہوا کہ شیخ ابو عبد الرحمٰن سلمیؒ کی روح مبارک تھی جو جسمی صورت میں متمثل ہو کر میرے پاس آئی تھی اور حق سبحانہٗ تعالیٰ نے میرے پاس اسے بھیجا تھا۔ میں نے اُن سے کہا کہ میں آپ کو بھی اسی مقام پر پاتا ہوں فرمایا کہ میں اسی مقام پر فائز تھا کہ دنیا سے عقبیٰ کی طرف انتقال ہوا۔ اب ہمیشہ اسی مقام پر متمکن ہوں۔ پھر فرمایا۔ اجنبی کو لامحالہ وحشت ہوتی ہے۔ اے برادر جب عنائتِ الٰہی تمہاری شاملِ حال ہوئی اور اس مقام پر پہنچے ہو تو خدائے عزوجل کی حمد کرو اور خضر علیہ السلام کی مشارکت سے راضی رہو۔ میں نے پوچھا اے ابو عبد الرحمٰن میں اس مقام کا نام نہیں جانتا۔ انہوں نے فرمایا اسے مقامِ قربت کہتے ہیں۔

فصوص الحکم آپ کی بڑی معرکتہ الارا تصنیف ہے۔ شیخ علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ یہ کتاب میں نے حضرت سرورِ کائنات علیہ الف الف تحیۃ والصلوٰۃ کے اشارہ سے لکھی ہے۔ عالمِ واقعہ میں آپ نے یہ کتاب مجھے عطا فرمائی تاکہ لوگوں کو اس سے فائدہ پہنچے۔ اس کتاب میں چھبیس فصلیں ہیں۔ پہلی فص حکمت الٰہیہ فی کلمہ آدمیہ ہے اور آخری فص کا نام فص حکمت فردیہ فی کلمۃ محمدیہ ہے۔ اسی طرح درمیانی فصوص بعض پیغمبروں کے نام سے موسوم ہیں اور جو کلیہ حکمت ان کے ساتھ مخصوص ہے وہ اس فص کا عنوان ہے۔ اس مقام پر صرف پہلی فص حکمت الٰہیہ سے کسی قدر اقتباس کر کے

marfat.com

نمونہ کے طور پر درج کیا جاتا ہے۔
شیخ الامام العالم الراسخ الفرد المحقق محی الملتہ والدین ابو عبداللہ محمد بن علی بن محمد العربی الطائی الحاتمی فرماتے ہیں کہ فص حکمت الٰہیہ سے ان علوم و معارف کا خلاصہ مراد ہے جو مرتبہ الوہیّت سے متعلق ہیں۔ نیز ان علوم و معارف کے محل انتقاش یعنی انسان کامل کے قلب سے مراد لی جاتی ہے۔ کلیہ آدمیہ سے مراد روح کلی ہے۔ جب حق سبحانہٗ و تعالےٰ نے ان اسماء حسنیٰ کی رو سے جن کی کوئی انتہا نہیں ہے یہ چاہا کہ ان اسماء کے حقائق کو دیکھے اور اپنے بھید کا اظہار فرمائے تو تمام عالم کو مثل کالبد بے روح کے موجود فرمایا یعنی ایک ایسے آئینہ کے مانند جس میں صیقل نہ ہے لیکن صیقل کی قابلیّت رکھتا ہو۔ پھر دائمی تجلّی کے فیض کو قبول کرنے کے لئے کالبد آدم کو بنایا اور اس کالبد میں نفخ روح فرمایا۔ اس نفخ سے حضرت آدمؑ پیدا ہوئے جو اس آئینہ عالم کے عین جلا تھے۔ چنانچہ آپ کالبد عالم کی روح قرار پائے اور ملائکہ صورت کالبد کے بعض قویٰ ہوئے۔ مثل عقل و وہم وغیرہ اور ہر قوت اپنی نفس کی آڑ میں محجوب ہو گئی۔ ہر قوت کو خواہ وہ نشاء انسانیّت کے اندر ہو یا باہر خدائے عزوجل کے نزدیک ایک منزل رفیع رکھنے کا گمان ہوتا ہے۔ اس لئے کہ جمعیت الٰہیہ کی وجہ سے اس کا ایک رُخ جناب الٰہی کی طرف ہوتا ہے اور دوسرا حقیقت حقائق کی طرف۔ یہی نشاء انسانیّت ان اوصاف کی بھی حامل ہے۔ جو بہ تقاضائے طبیعت کلیہ عالم علوی و سفلی دونوں سے متعلق ہیں۔ اس جمعیّت کا علم عقل و فکر سے نہیں بلکہ کشف الٰہی سے حاصل ہوتا ہے اور یہ بات پہنچائی جاتی ہے کہ صورتہائے عالم کا اصل انسان ہے جو خلیفتہ اللہ ہے۔ انسان کامل گویا حق سبحانہٗ تعالےٰ کے آنکھ کی پتلی ہے جس سے اپنی مخلوق کو وہ دیکھتا ہے۔ وہ انسان از روئے جسد حادث و فانی ہے اور از روئے حقیقت روح ازلی و ابدی ہے۔ جب یہ پیدا ہوا تو اس کے پیدا ہونے سے عالم کے وجود کی تکمیل

marfat.com

ہوگئی۔ اور جس طرح انگوٹھی میں نگینہ ہوتا ہے اس طرح انسان عالم میں نگینہ کی مانند قرار پایا۔ یہی محل نقش ٹھہرا۔ چنانچہ بادشاہ اسی نگینہ سے اپنے خزانوں پر ایسی مہر لگاتا ہے جو خزانوں کی حفاظت کرتی ہے۔ سوائے بادشاہ کی اجازت کے کوئی ان خزانوں کو کھولنے کی جرأت نہیں کر سکتا۔ پس انسان کو اس عالم میں پروردگار نے خلیفہ بنایا جب تک اس عالم میں انسان کامل باقی ہے یہ ہمیشہ محفوظ رہے گا۔ پھر آخرت کے خزانوں پر بھی ابدی مہر کی مانند یہی انسان مہر قرار پائے گا۔ اس وجہ سے اسماء الٰہی کے تمام چیزیں نشار انسانیت میں ظاہر ہوئیں۔ اور اس کے ساتھ خدائے عز و جل کی حجت ملائکہ پر غالب ہوئی۔ کوئی شخص حق کی کسی چیز کو نہیں پہچان سکتا تاوقتیکہ وہ اپنی ذات سے عطا نہ فرمائے۔ فرشتوں کو آدم کے مانند اسماء الٰہیہ کے جمعیت حاصل نہیں ہے۔ حق جل شانہٗ نے خود ادب آموزی فرمائی ہے یعنی ارشاد فرمایا ہے کہ اس کے سامنے کھڑے ہوں اور اس کے ساتھ جو ادب محفوظ رکھنا چاہیئے وہ سیکھیں۔ بعض ایسے امور کلیہ ہیں جو خارج میں موجود ہوتے ہیں۔ مثلاً حیات و قدرت و علم و ارادت ان کے علاوہ ایسے بھی امور ہیں جنہیں معقولی یا عقلی کہتے ہیں۔ یہ امور کلیہ اول الذکر کے طرح خارج میں موجود نہیں ہوتے لیکن عقل میں بے شک و شبہ موجود ہیں۔ امور کلیہ موجود فی العقل کا ہر شے میں ایک مستقل اثر اور اثر نظر آتا ہے۔ بالخصوص ان اشیاء میں جن کا وجود خارج میں موجود ہے۔ یہ امور جب تک خارج میں ظاہر نہیں ہوتے اپنے نفس کے اندر چھپے رہتے ہیں۔ اور معقولی یا عقلی کہے جاتے ہیں۔ اس لحاظ سے جسقدر اشیاء ایک خارجی وجود رکھتی ہیں۔ ان سب کو ان امور کلیہ موجود فی العقل کے ساتھ ایک نسبت دائمی ہوتی ہے اور ممکن نہیں کہ از روئے عقل اس نسبت میں کوئی زوال واقع ہو۔ یہ بھی ممکن نہیں کہ یہ امور عقلیہ ظاہر میں امور کلیہ موجود فی الخارج کی طرح موجود رہیں۔ امور کلیہ موجود فی الخارج زمانی ہوتے ہیں یا غیر زمانی۔ ان میں سے

marfat.com

ہر ایک پھر جسمانی ہوتا ہے یا غیر جسمانی۔ جسمانی زمانی کی مثال اجساد ہیں اور جسمانی غیر زمانی کی مثال فلک اعظم ہے اور روحانی (یعنی جسمانی) زمانی کی مثال نفوس حیوانی ہیں اور روحانی (غیر جسمانی) غیر جسمانی کی مثال ارواح علوی ہیں۔ یہ نسبت زمانی و غیر زمانی جب امور کلیہ عقلیہ کی طرف ہوتی ہیں، تو اس میں تعدد نہیں ہوتا بلکہ ایک ہی ہوتی ہے۔ الا آں کہ امر کلی عقلی اور امور موجودات خارجی میں فرق ہوتا ہے۔ مثلاً حدوث و قدم۔ ان دونوں میں فرق ہے۔ لیکن یہ فرق اسی شے کی حیثیت سے ہوتا ہے جو حقائق موجودات خارجی طلب کرتی ہیں اور جس کے لئے ان کا تقاضا ہوتا ہے۔ یعنی نسبت علم بہ عالم اور نسبت حیات بہ حی۔

حق سبحانہٗ تعالیٰ کو بھی علم و حیات ہے اور انسان کو بھی علم و حیات ہے اور ہر دو صفات یعنی علم و حیات کی حقیقت دونوں میں واحد ہے اور جو نسبت باہم ان دونوں صفات میں ہے وہ بھی واحد ہے لیکن حق سبحانہٗ تعالےٰ کی ذات میں یہ صفات علم و حیات قدیم ہیں اور انسان کی ذات میں حادث۔ پس معقولات و موجودات میں جو یہ ربط ہے وہ غور کرنے کے قابل ہے۔

امور کلیہ عقلیہ میں تجزیہ نہیں ہو سکتا۔ وہ ہر شخص میں بتامہا موجود ہیں مثلاً انسانیت ان میں تعدد اشخاص کی وجہ سے کوئی تعدد واقع نہیں ہوتا اور نسبت ہر حال میں واحد ہی رہتی ہے کبھی ایسا ہوتا ہے کہ موجودات اور امور کلیہ عقلیہ جو موجود فی الخارج نہیں ہیں۔ ان میں بھی ایک طرح کا ارتباط پایا جاتا ہے پس اس اعتبار سے کہ امور کلیہ ذاتیہ ذات کیساتھ وابستہ ہیں ایک جدید نسبت کا ثبوت ملتا ہے جسے نسبت عدمی کہہ سکتے ہیں جو باہم امور کلی عقلی و امور موجودات خارجی میں پائی جاتی ہے۔ پس موجودات خارجی کا ارتباط مثلاً وہ ارتباط جو حق و مخلوقات میں ہے اور وہ ارتباط جو موجودات میں بعض کو بعض کے ساتھ ہے۔ ارتباط معقولی ذہنی سے بہت قریب نظر آتا ہے کیونکہ موجودات کے

marfat.com

درمیان ہر حال میں ایک طرح کا ایسا ارتباط پایا جاتا ہے جو ان کا جامع ہے لیکن یہ ارتباط جامع کسی وجود خارجی کی وجہ سے نہیں ہوتا بلکہ تحقیق یہ ہے کہ امور عدمیہ (ذہنیہ) اور موجودات خارجی میں باہم ایک قسم کا ارتباط یا نسبت عدمی موجود ہے۔ جو دونوں کو باہم جمع کو مربوط رکھتی ہے۔ پس نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ حق سبحانہٗ تعالیٰ کا ارتباط وجود خارجی کے ساتھ نسبتاً زیادہ قوی ہے۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ ہر حادث ایک پیدا کرنے والے کا محتاج ہے۔ جب حضرت واجب الوجود نے اپنی ذات کے واسطے ایک حادث شے کا تقاضا ظاہر کیا تو اس واجب لذاتہ کے ساتھ یہ حادث بھی واجب ہو گیا۔ اسی طرح جب اس حادث نے اس ذات واجب الوجود پر تکیہ کیا جس سے اس کا ظہور ہوا ہے تو اس ذات کا یہ تقاضہ ہوا کہ یہ حادث اس کی صورت قرار پائے۔ کیونکہ جو شے ذاتی طور پر واجب الوجود نہیں ہے اس کے اسماء، صفات سب میں ہر شے کی نسبت واجب الوجود ہی کی طرف کی جایا کرے گی اور جب ہم نے یہ کہا کہ اس کا ظہور اس کی صورت پر ہوا ہے تو اس وقت اس نے اپنے ہی علم کے میدان میں ہمیں منتقل فرما کر یہ کہلایا ہے خود اس کا قول ہے سنریہم آیاتنا فی الآفاق وفی انفسہم اس آیت سے ہم یہ استدلال کرتے ہیں کہ کوئی وصف ایسا نہیں ہے جو ہماری ذات میں نہ ہو اور ایسے سب اوصاف واجب الذاتہ ہیں۔ اس کی تائید میں یہ اخبار الٰہی وارد ہے کہ ان اللہ خلق آدم علیٰ صورتہٖ وغیر ذالک پس ثابت ہوا کہ من عرف نفسہٗ فقد عرف ربہٗ یعنی جس نے اپنے نفس کو پہچان لیا اس نے اپنے رب کو پہچان لیا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہم شخصیت اور نوعیت کے لحاظ سے کثیر ہیں لیکن درحقیقت ایک ہی ہیں۔ وہ اس سے بے پرواہ ہے کہ ہم اس کے محتاج ہوں لیکن ہم اس سے بے پرواہ نہیں ہو سکتے کہ اس کے محتاج نہ ہوں۔ پس اس کا ازلی اور قدیم ہونا صحیح ہے۔ وہ ایسی اولیت

marfat.com

ے مستغنی ہے جس سے افتتاح وجود ہوتا ہے پس اس حیثیت سے کہ ایک شے عدم سے وجود میں آتے حق سبحانہٗ تعالےٰ کی طرف سے اولیّت کی نسبت درست نہیں ہے۔ اور اس حیثیت سے کہ ایک شے وجود سے عدم میں جارہی ہے حق سبحانہٗ تعالےٰ کی طرف آخر ہونے کی نسبت صحیح نہیں اس کی کسی صفت میں تقلید نہیں ہے مندرجہ بالا مضمون کو زیادہ واضح زبان میں بیان کیا جائیگا تو یہ ہوگا۔

اللہ جل شانہٗ کے اسماء کی کوئی انتہا نہیں اور ہر اسم ایک صفت کیساتھ موسوم ہے جب اس نے چاہا کہ حقائق اسماء یا یوں کہو کہ اپنی حقیقت کا خود معائنہ فرمائے تو عالم کو بمنزلہ ایک آئینہ کے خلق فرمایا جس میں اس کی حقیقت کا مشاہدہ و نظارہ ہو سکے۔ پس باعتبار اس کی صفت خلق کے یہ عالم ایک معتدل الخلق وجود کالبدی کے مانند ظاہر ہوا جس میں روح نہ تھی یعنی مثل آئینہ بے جلا کے تھا۔ لیکن شانِ الٰہی یہ ہے کہ جو شے معتدل الخلق ہو اس میں رُوح الٰہی یعنی فیض تجلی دائمی قبول کرنے کے استعداد ضرور ہونی چاہیئے۔ یہ استعداد بھی عالم میں بحیثیت اپنے خلق کے موجود تھی۔ اس لئے گویا اس میں نفخ روح فرمایا یعنی استعداد قبول فیض عطا فرمائی۔ اس حصول استعداد کو نفخ روح سے موسوم فرمایا گیا۔ غرض کہ شان الٰہی اس امر کی مقتضی ہوئی کہ اس آئینہ عالم کو جلا دی جائے پس ابوالبشر حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا۔ پس ان سے آئینہ عالم کی جلا ہوئی اور اس کالبد کے یہ روحِ رواں قرار پائے اور فرشتے اس عالم یعنی انسان کے بعض قوائے روحانیہ وحسیہ کی جگہ ہوئے۔ چونکہ خلقت انسان میں جمعیت الٰہیہ ودیعت رکھی گئی ہے۔ اس لئے اس میں ہر مقام عالی پر پہنچنے اور مرتبہ حاصل کرنے کی لیاقت موجود ہے جس کا ادراک بھی محض کشف الٰہی سے ممکن ہے۔ انسان کو خلیفۃ اللہ فی الارض اسی جامع حقائق ہونے کی وجہ سے کہا گیا ہے اور بارگاہ رب العزت میں اس کی جگہ آنکھ کی پتلی کی مانند اسی جمعیت کی وجہ سے قرار پائی ہے

marfat.com

اسی تپلی سے بصارت ہے ۔ اگر یہ نہیں تو بصارت بھی نہیں۔ پس اسی تپلی سے حق تعالیٰ نے اپنی خلق کی جانب نظر فرمائی اور ان پر رحم فرمایا۔ اور انسان کی خلقت سے وجود عالم کو تمام فرمایا اس کی مثال انگوٹھی کے نگینہ کی سی سمجھنی چاہیئے جس پر مہر کندہ کی جاتی ہے اور اس مہر سے بادشاہ کے خزانوں کی حفاظت اور اس کے احکام کی اجرائی کی جاتی ہے پس وجود انسانی سے حق جل و علیٰ اپنی تمام مخلوقات کی حفاظت فرماتا ہے ۔ اور اپنے ازلی ابدی کلام کو اس کے ذریعہ سے عالم میں پہنچاتا ہے ۔ جب تک انسان کامل موجود رہے گا عالم بھی محفوظ رہے گا اور جب یہ نہ رہے گا ۔ تو عالم بھی نہ رہے گا اور اس عالم سے وہ منتقل ہو کر عالم آخرت میں چلا جائیگا پھر گویا وہاں کے خزانوں کی حفاظت ہو گی اور مہر لگے گی اور وہ حالت دائمی ابدی ہو گی ۔ انسان کو لازم ہے کہ اپنے مرتبہ کو پہچانے ۔ اس کے سامنے فرشتوں کی نظیر موجود ہے جو خاص خاص اسماء الٰہی کے ساتھ اللہ جل شانہ کی عبادت کرتے ہیں اور انہیں دوسرے اسماء کا علم نہ تھا ۔ انہوں نے اپنے علم کو کامل سمجھ کر اور آدمؑ کے ظاہر خلقت پر نظر کر کے حق تعالیٰ سے حجت کی اور اپنی حقیقت کو نہیں پہچانا ۔ اگر وہ اپنی حقیقت پہچانتے تو کبھی حجت نہ کرتے فرشتوں کا یہ قصہ اے انسان تیرے ہی سمجھانے کو بیان کیا گیا ہے ۔ تجھے چاہئے کہ اپنی حقیقت کو پہچاننے کی کوشش کرے اور ہر حالت میں ادب ملحوظ رکھے اور دعویٰ سے زبان بند رکھے کیونکہ جس طرح فرشتوں کو بہت اسماء معلوم نہ تھے ۔ تجھے بھی اس کے تمام اسماء پر وقوف نہیں ہے ۔

امور کلی گر ان کا عینی وجود نہ ہو مگر معبود فی الذہن ضرور ہوتے ہیں اسلئے انہیں امور باطن کے لفظ سے تعبیر کیا جاتا ہے ۔ ان کا اثر ہر وجود عینی میں ساری و جاری ہے بلکہ عین امور وہی ہیں اور وجود عینی کا امتناء ان سے کیا جاتا ہے یعنی امور کلیہ اور موجودات خارجہ اگرچہ ایک اعتبار سے تابع و متبوع ۔ لازم و ملزوم ۔ موثر و متاثر ہیں لیکن باعتبار

marfat.com

اس کے تمام حقائق کی حقیقت ذات الٰہیہ پر منتہی ہوتی ہے۔ حقیقتہً دونوں ایک ہی ہیں۔ اس لئے کہ یہ حقائق مرکب ہوتے ہیں۔ طبیعت جوہر مبوعہ اور حقیقت عرضیہ تابعیہ موجودات خارجہ اعراض ہیں۔ اور امور کلیہ جوہر۔ عرض جوہر سے علیحدہ نہیں ہے جیسے علم و عالم حیات و حی۔ لیکن جس طرح علم کا مقتضی یہ ہے کہ جس میں یہ صفت علم ہو اسے عالم کہا جائے اسی طرح موصوف کے لحاظ سے صفت اس کی متقاضی ہے کہ اگر موصوف قدیم ہے تو صفت بھی قدیم ہو اور اگر موصوف حادث ہے تو صفت بھی حادث ہو۔ پس اس ارتباط مفعولات و موجودات عینیہ کی رو سے ہر امر کلی محکوم بہ اور وجود خارجی محکوم علیہ ہوا۔ امور کلی جب موجودات عینی کی طرف منسوب ہوتے ہیں تو ان پر بھی محکوم علیہ کا حکم کیا جاتا ہے، اور چونکہ وہ اپنی موصوف میں بغیر تجزی کے پائے جاتے ہیں اس لئے ان میں تجزی ممکن نہیں۔ مثلاً انسانیت نوع انسان کے ہر فرد میں بغیر تجزی موجود ہے اور تعدد افراد سے تعدد ماہیت نہیں ہو سکتی۔

جب کہ امور کلی جو غیر خارجی ہیں اور موجودات عینی جو غیر خارجی ہیں ان میں باوجود نسبت عدمیہ کے ایک قسم کا ارتباط ہے تو موجودات عینیہ میں باہم بہت زیادہ ارتباط ہونا چاہیئے۔ اسی طرح حادث و محدث کا ارتباط ہے، حادث کو اپنے محدث کے ساتھ رشتہ احتیاج ہوتا ہے کیونکہ اس کا وجود اسی کی ذات سے وابستہ ہے پس حادث کی صفت ہوئی۔ موجودہ بذات غیرہ یعنی واجب بالغیر اور محدث کی صفت ہوئی موجود بذاتہ یعنی واجب الوجود۔ پس جب ذات واجب الوجود نے چاہا کہ حادث کو وجود میں لائے تو تقاضا یہ ہوا کہ کل اشیاء۔ اسماء صفات میں سے سوائے اسم ذات کے اس میں ودیعت رکھی جائیں اور وہ حادث تمام اسمائے صفات کے لحاظ سے باستثنائے وجوب ذاتی واجب الوجود کی صورت پر ہو۔ پس اللہ جل شانہ نے اپنی معرفت کا رستہ ہمیں اس طرح بتایا کہ اپنی حقیقت پر نظر کریں۔ وفی انفسکم افلا تبصرون

marfat.com

نیز ہماری اپنی حقیقت حادثہ کے علاوہ اپنے دوسرے حادث اشیاء کی طرف بھی دیکھنے اور فکر کرنے کے لئے ارشاد ہوا ہے۔ سنریھم ایاتنا فی الآفاق وفی انفسھم حتیٰ یتبین لھم انہ الحق پس جب بندہ اپنے نفس کو پہچانتا ہے تو اپنے رب کو بھی پہچان لیتا ہے۔ کیونکہ جب صفات سے اللہ جل شانہٗ موصوف ہے سوائے صفت وجوب ذاتی کے اسی وجہ سے حق تعالےٰ نے اپنا کلام اپنے بندے کی زبان میں آتارا۔ بس جب ہم نے حق تعالےٰ کو پہچانا اور اپنی ہر چیز کی نسبت اس کی طرف کی پس حق تعالےٰ نے بھی ہمارے لئے اپنی ذات کی صفت ہماری صفات سے کی اور جب ہم نے حق تعالیٰ کا مشاہدہ کیا تو ہم نے اپنی ذاتوں کا مشاہدہ کیا اور جب ہم نے اپنی ذات کو دیکھا تو اسی کی ذات کا مشاہدہ کیا۔

اس میں شک نہیں کہ ہم ہزار ہیں وہ ایک ہے یہاں ہزار ہا عالم ہیں اور وہاں ایک ذات واجب الوجود ہے۔ گو ہماری حقیقت جامعیہ ایک ہے لیکن ہم میں سے ہر ایک میں فرق ہے تاکہ تمیز کی جاسکے اگر یہ فرق کرنے والی شے نہ ہوتی تو وحدت میں کثرت اور کثرت میں وحدت ممکن نہ ہوتی۔ اسی طرح بندہ اور خدا میں ایک شے فرق کرنے والی ہے یعنی ہم محتاج ہیں وہ حاجت برار ہے ہم حادث ہیں وہ محدث ہے۔ ہم مخلوق ہیں وہ خالق ہے نہ وہ محتاج ہے نہ وہ حادث ہے۔ نہ وہ مخلوق ہے۔ وہ ان صفات سے ممتاز غنی وقدیم خالق ہے۔ اس کے لئے نہ صفت اوّل ہے اور نہ صفت آخر کیونکہ ان دونوں سے تقیید لازم آتی ہے۔ وہ عین اپنی اولیت میں آخر ہے اور آخریت میں اوّل ہے۔ اور یہی معنی ہوالاوّل ہوالآخر کے ہیں۔ اللہ تعالےٰ نے اپنی ذات کو ظاہر و باطن کی صفات سے موصوف کیا۔ بس اسی رعائت سے ایک عالم شہادت بنایا اور دوسرا عالم غیب بنایا تاکہ ہم باطن حق کو اپنے باطن سے اور ظاہر حق کو اپنے ظاہر سے حاصل کریں۔ نیز اس نے اپنی ذات

marfat.com

کے لئے صفات رضا اور غضب اختیار فرمائیں پس عالم کو ڈرنے والا اور امید رکھنے والا بنایا۔ اسی لیے ہم اس کے غصے سے ڈرتے ہیں اور اس کی رضا کی کوشش کرتے ہیں۔ غرض کہ اس طرح تمام صفات کا مظہر انسان کو بنایا اور اپنے دونوں ہاتھوں یعنی جمال و جلال سے انسان کامل کو بنایا جو تمام حقائق و مفردات عالم کا جامع قرار پایا۔ اس طرح عالم شہادت اور خلیفہ باطن کو پیدا کر کے خود کتمان حجاب میں ہو بیٹھا۔ اللہ جل شانہ نے اپنی توصیف میں فرمایا کہ وہ حجب ظلمانیہ میں مخفی ہے یعنی حجاباتِ طبیعت میں پوشیدہ ہے۔ پھر فرمایا کہ وہ حجب نوریہ میں مستور رہے یعنی ارواح لطیفہ حاجب بارگاہ ہیں۔ عالم چونکہ خود لطیف و کثیف کے درمیان میں ہے اس لئے خود ایک حجاب ہے۔ باوجودیکہ عالم حادث و محتاج ہونے کی وجہ سے اپنے موجد کا دست نگر ہے۔ لیکن چونکہ اس میں وجوب ذاتی کے لئے کوئی امر مختص نہیں ہے اس لئے پروردگار عالم کی ذات کا ادراک کبھی نہیں کیا جا سکتا۔ اللہ جل شانہ نے آدم کو اپنے ہاتھ سے اس لئے بنایا کہ انہیں بزرگی عطا ہو۔ اس لئے ابلیس سے سجدہ نہ کرنے پر پوچھا "مامنعك ان تسجد لما خلقت بیدی اے آدم کی بزرگی جس نے انہیں مسجود ملائک بنایا صرف اسی میں تھی کہ ان میں صورت عالم اور صورت حق دونوں کو جمع فرمایا تھا ان الله خلق آدم علی صورته اور یہی گویا دونوں ہاتھ اللہ تعالیٰ کے تھے اسی جامعیت کے باعث حضرت آدمؑ خلیفہ مقرر ہوئے۔ اگر آدمؑ اللہ کی صورت پر اس عالم میں نہ ہوتے اور ان میں وہ سب چیزیں نہ ہوتیں جو رعایا اپنے بادشاہ کے جانشین میں طلب کرتی ہے تو وہ خلیفہ ہی نہیں بنائے جا سکتے تھے۔ پس لازم ہوا کہ ان میں وہ تمام چیزیں موجود ہوں جن کی احتیاج رعایا کو پڑتی ہے ورنہ خلافت کا صحیح اطلاق نہیں ہو سکتا۔ چنانچہ اس لفظ کا اطلاق صحیح طور پر انسانِ کامل پر ہو سکتا ہے۔ پس اللہ جل شانہ نے حضرت آدمؑ کی صورت ظاہری حقائق و

marfat.com

صورتِ عالم کے بموجب بنائی۔ اور صورتِ باطنی اپنی صورت پر بنائی۔ اسی لئے انسان کی شان میں فرمایا کہ میں اس کی بینائی اور شنوائی ہو جاتا ہوں، اور یہ نہیں فرمایا کہ میں اس کی آنکھ اور کان ہو جاتا ہوں۔ اس کے بعد آدمؑ کی صورت ظاہری و باطنی میں فرق فرمایا۔ اسی طرح اللہ تعالےٰ نے موجوداتِ عالم میں سے ہر شے میں بقدر اس کی استعداد کے سریان فرمایا۔ لیکن خلیفۃ اللہ کی سی جامعیت کسی کو نہیں بخشی۔ اگر موجوداتِ عالم میں حق تعالےٰ اس طرح اپنی صفات کے ساتھ سرایت نہ فرماتا تو کسی شے کا وجود ممکن نہ ہوتا۔ اسی ارتباطِ وجودی کے سبب سے عالم کو اپنے وجود کے بارے میں حق تعالےٰ کی طرف احتیاج واقع ہوئی۔ غرض کہ آدمؑ کی تخلیق اس طرح فرمائی اور ان سے تمام آدمیوں کو پیدا کیا۔ چنانچہ خود فرماتا ہے یایھا الناس اتقوا ربکم الذی خلقکم من نفس واحدۃ و خلق واحدۃ وخلق منھا زوجھا وبث منھما رجالاً کثیرا و نساء یعنی اے لوگو ڈرو اس پروردگار سے جس نے تم کو ایک ہی شخص سے پیدا کیا اور اس شخص سے اس کی زوج کو بنایا اور ان دونوں سے بہت سے مردوں اور عورتوں کو عالمِ وجود میں لایا۔ اس کے بعد حضرت شیخ اکبرؓ فرماتے ہیں کہ میں نے یہاں صرف اسی قدر بیان کیا جس کے لئے مجھے حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہوا تھا۔ مجھے اللہ نے جس قدر علم عطا فرمایا ہے اگر اسے بیان کرنے پر آؤں تو اس عالم وجود میں نہیں سما سکتا۔

اس فص کے بعد فص شیثیہ ہے۔ پھر فص نوحیہ پھر فص ادریسیہ پھر فص ابراہیمیہ وغیرہ علی ہذا القیاس یعنی خاتم الانبیاء والمرسلین احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام حکمتیں الگ الگ فصوص میں بیان کی گئی ہیں۔ مخفی نہ رہے کہ ہر فص ایک بحر زخار ہے جس کا سمجھنا اور حکمت الٰہی پر مطلع ہونا ہر شخص کے لئے ضروری ہے کیونکہ اس کتاب کی شانِ نزول ہی یہی ہے کہ لوگ پڑھیں سمجھیں اور علوم الٰہی پر مطلع ہوں بعض نے حضرت

marfat.com

شیخ پر اعتراض کیا ہے کہ آپ نے قوم لوط و قوم ہود و قوم صالح علی نبینا علیہم الصلوۃ والسلام کو اہل قرب میں سے کہا ہے حالانکہ یہ قطعی جہنمی ہیں۔ مگر اس میں بھی معترض بجائے معنی کے الفاظ پر جاتے ہیں۔ حضرت شیخ نے حسب مخوائے آیۃ نحن اقرب الیہ منکم ولکن لاتبصرون۔ کل شیئ یرجع الی اصلہ ان اقوام کو خدا سے بمقابلہ ان لوگوں کے جو اس عالم شہادت میں موجود ہیں قریب تر کہا تو اس میں کونسا بخلاف فص انہیں جنتی بنایا۔ حالانکہ یہ اللہ جل شانہ کے فضل پر منحصر ہے کہ ایک رند خراباتی کو جنت میں جگہ دے اور اس کی شان لاابالی کو اس کی کچھ پرواہ نہیں کہ عابد ہزار سالہ جہنم میں جائے۔ خدا کے معاملے خدا ہی کے ساتھ اسی طرح فرعون کے بارے میں حضرت شیخ اکبر نے اسے ناجی فرمایا ہے قرآن پاک میں اللہ جل شانہ نے آسیہ زوجہ فرعون کی زبانی صاف کہلوایا ہے کہ انہ قرۃ عین لی ولک عسیٰ ان ینفعنا۔ یعنی یہ میرا اور تمہارا دونوں کا قرۃ العین ہے قریب ہے کہ ہم دونوں کو یہ نفع پہنچائے گا۔ حضرت آسیہ کو تو یہ نفع پہنچا کہ حضرت موسیٰ کی بدولت وہ ایمان لائیں اور فرعون کو بھی یہی نفع پہنچایا۔ یعنی اس نے ڈوبتے وقت کہا کہ میں ایمان لایا اس رب پر جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے۔ کہا جاتا ہے کہ فرعون کا اس وقت کا ایمان لانا قابل قبول نہیں ہے اور اس آیت سے استدلال کیا جاتا ہے کہ فلم یک ینفعھم ایمانھم لما رأوا باسنا سنۃ اللہ التی قد خلت فی عبادہ الا قوم یونس لیکن یہ آیت قطعی طور پر دلالت نہیں کرتی کہ یہ ایمان ان کو آخرت میں بھی نفع نہ دے گا۔

حضرت شیخ رکن الدین علاء الدولہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے گو شیخ علیہ الرحمۃ کی بزرگی و کمال کے وہ قائل تھے مگر فتوحات کے حواشی پر بہت اعتراض کیا ہے اور گو خطاب کرتے وقت ایہا الصدیق وایہا المقرب وایہا الولی و

marfat.com

ایہا العارف الحقانی لکھتے ہیں لیکن بوجہ اس کے کہ شیخ نے حضرت حق کو وجود مطلق کہا ہے عالمی کہتے ہیں اور ان کلمات کو کلمات کفر کہتے ہیں۔ صاحب نفحات الانس لکھتے ہیں کہ بعض مشائخ نے لکھا ہے کہ یہ تکفیر ان معانی کی ہے جو کلام شیخ کے انہوں نے لئے ہیں نہ کہ ان معانی کی۔ جو شیخ کے مراد ہیں۔ اس لئے کہ وجود تین طرح کا ہے۔ ایک بشرط شے۔ یہ وجود مقید ہے۔ دوسرا بشرط لا شے۔ یہ وجود عام ہے اور تیسرا بہ شرط شے یہ وجود مطلق ہے۔ شیخ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس آخری معانی میں حق سبحانہٗ تعالیٰ کو وجود مطلق کہا ہے اور شیخ رکن الدین وجود عام کے معنی لیکر اس کی تردید کر رہے ہیں۔ شیخ علیہ الرحمتہ کے نزدیک وجود میں نہ کوئی قید شرط ہے اور نہ عمومیت۔ قیود و تعینات مراتب میں اس کے ظہور کی شرط واقع ہوئی ہے نہ کہ فی حد ذاتہ۔ شیخ نے وحدت کو کثرت میں ثابت کرنا چاہا ہے اور یہ دکھایا ہے کہ کثرت مخلوقات سے وحدت حق میں کوئی زیادتی نہیں ہو سکتی ہے

حضرت شیخ ابو بکر خوانی قدس سرہ العزیز فرماتے ہیں کہ اوائل میں فصوص الحکم کا میں بہت مشغلہ رکھتا تھا۔ ایک بار میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوا۔ میں نے نہایت ادب سے پوچھا کہ آپ فرعون کے بارے میں کیا فرماتے ہیں۔ زبان حق ترجمان سے ارشاد ہوا کہ جو اس میں لکھا ہے وہی کرو پھر میں نے عرض کیا یارسول اللہ وجود میں آپ کیا فرماتے ہیں۔ ارشاد ہوا قدیم میں قدیم ہے اور حادث میں حادث ہے۔ غرض کہ کسی کو بقول حضرت شیخ صلاح الدین سنکی قدس سرہٗ اگر علم لدنی والے کے کلام کو دیکھنا منظور ہو تو شیخ اکبر کی تصانیف دیکھے۔ آپ کے ہمعصر یہ بزرگ تھے۔ شیخ شہاب الدین عمر سہروردی۔ شیخ اوحد الدین کرمانی۔ شیخ نجم الدین کبریٰؒ۔ شیخ مصلح الدین سعدی شیرازیؒ۔ شیخ صدر الدین قونویؒ۔ شیخ موید الدین جنیدیؒ۔ شیخ ابوالحسن شاذلی مغربی

marfat.com

ابوالعباس مرسیؒ۔ ابن الفارس حموی مصریؒ۔ عزیزالدین نسفیؒ۔ ابن الصباغؒ فخرالدین عراقیؒ۔ نجیب الدین برغش شیرازیؒ۔ برہان الدین تبریزیؒ۔ نورالدین عبدالرحمٰن اسفرائنیؒ جمال الدین جرزقانیؒ۔ سیف الدین باخرزیؒ۔ سعدالدینؒ۔ ابومحمد عبداللہ مغربی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین۔

مولانا جلال الدین رومی رحمۃ اللہ علیہ کا زمانہ حضرت محی الدین ابن عربی کی اخیر عمر سے ملتا ہے۔ جس وقت فصوص الحکم لکھی گئی اس وقت مولانا کی عمر غالباً ۲۴ سال کی تھی۔ حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ شیخ اکبر علیہ الرحمہ سے (۵۵) سال پیشتر گزرے ہیں۔ حضرت شیخ اکبر رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے کل ۷۹ برس چھ یوم اس عالم فانی میں رہ کر جمعہ کی شب بائیسویں (۲۲) ربیع الآخر ۶۳۸ھ کو بمقام دمشق انتقال فرمایا اور آپ کا مزار شریف جبل کاسوں کے دامن میں جو صالحیہ کے نام سے مشہور ہے اب تک فیض بخش خاص و عام ہے

یتبرک و یزار رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

تمت بالخیر

marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

باب اوّل

تمہید

سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں جو اپنی ذات کے لحاظ سے احد اور صفات کی رُو سے فرد ہے۔ اس نے اپنے جمالِ پاک کو سمات وجہات سے اپنی ذات کو محدثات سے۔ اپنے قدم کو اطراف سے۔ اپنے ہاتھ کو حرکات سے۔ اپنی چشم اقدس کو لحظات سے۔ اپنے استوا کو ملاپ سے۔ اپنی قدرت کو زلات سے اپنے ارادے کو شہوات سے منزّہ ومبرّا فرمایا۔

جس نے اپنی صفات کو صفت کرنے والوں کی تعداد کے ساتھ شمار نہیں کیا، اور نہ ہی خواہشات کے اختلاف کی بدولت اس نے اپنے ارادے میں اختلاف فرمایا۔

اُس نے کلمہ کُن سے ساری کائنات کو مکوّن فرمایا۔ اور تمام موجودات کو اس کے ذریعہ ظہور بخشا، پس دنیا میں کوئی شئے موجود نہیں۔ جو اس حقیقت مستورہ کے بغیر ظہور پکڑتی ہو۔ اور نہ ہی کوئی حقیقت اِس کے سرِّ مستونہ کے بغیر خروج چاہتی ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

اِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَیْءٍ اِذَآ اَرَدْنٰهُ اَنْ نَّقُوْلَ لَهٗ کُنْ فَیَکُوْنُ

(جو چیز ہم چاہیں اس سے ہمارا فرمانا یہی ہوتا ہے کہ ہم کہیں ہو جا وہ فوراً ہو جاتی ہے)

اما بعد

پس جب میں نے کون وتکوین، مکنون اور اُس کی تدوین کی طرف نظرِ غائر دیکھا تو ساری کائنات کو بصورت درخت پایا۔ اور اس کے نُور کی جڑ کو دانہ کُن سے پنپتے دیکھا۔ تحقیق کہ کونیتہ دانہ کُن کے بارسے باردار ہوا۔ نَحْنُ خَلَقْنٰکُمْ (ہم نے تمہیں پیدا فرمایا) پس اِس بیج سے پھول، پھل کی صورت میں متشکّل ہوا۔ اِنَّا کُلَّ شَیْءٍ خَلَقْنٰهُ بِقَدَرٍ (بے شک ہم نے ہر چیز ایک اندازے سے پیدا فرمائی) پھر ایک ہی جڑ

marfat.com

سے دو شاخیں نمودار ہوئیں۔ وہ (جڑ) ارادہ ہے۔ اور اس کی شاخ قدرت الٰہیہ ہے پس کاف کے جوہر سے دو مختلف معانی یعنی کاف کمالیت " اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ (آج کے دن میں نے تمہارے لئے تمہارا دین مکمل کر دیا)

کاف کفریہ " فَمِنْهُمْ مَنْ اٰمَنَ فَمِنْهُمْ مَنْ کَفَرَ " (پس ان میں کوئی ایمان پر رہا اور کوئی کافر ہو گیا) ہویدا ہوئے۔ بعینہ نون کے جوہر سے بھی دو نون، ایک نون نکرہ، اور دوسرا نون معرفہ پیدا ہوئے۔ پس جب وہ قدم کے مقصد کے فرمان پر عدم کے کُن سے ان پر ظاہر ہوا تو اس نے اپنے نُور میں سے ان پر زر شیش (چھڑکاؤ) فرمائی اور جس انسان تک اس نور کے قطرے پہنچے پس اس کی بدولت اس نے دائرہ کُن سے نکلے ہوئے شجرۃ الکون کی صورت کا احاطہ کر لیا۔ پس اس طرح اِس کو کُن کے کاف کے راز میں " کُنْتُمْ خَیْرَ اُمَّةٍ " (تم بہتر امت تھے) کی صورت دکھائی دینے لگی۔ اور اس کے نون کی شرح میں " اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰہُ صَدْرَہٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰی نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّہٖ (کیا وہ شخص جس کا سینہ اللہ تعالیٰ نے اسلام کے لئے کھول دیا ہو وہ اپنے رب کی طرف سے نور یعنی ہدایت پر ہے) کا مطلب ان پر واضح ہو گیا۔ اور جو شخص اس نور سے بہرہ ور ہوا وہ مقصود کے مطلب کا افشاں صرف حرف کُن سے طلب کرتا رہا۔ اس طرح وہ اس حرف کے تلفظ میں غلطی کر کے اپنی اُمید میں ناکامی کا شکار ہوا۔ اور جب اس نے کُن کی مثال کو بغور دیکھا تو اُس نے گمان کیا کہ کاف کفریہ کو نون نکرہ سے ملا دیا گیا " فَکَانَ مِنَ الْکَافِرِیْنَ (لہٰذا وہ شخص کافروں میں سے ہو گیا۔

marfat.com

باب دوم

اسرارِ حرفِ کُن

گویا کہ ہر مخلوق کو کلمۂ کُن کے حروف کے تلفظ کے علم اور اس کے پوشیدہ بھیدوں کے مشاہدے کے مطابق حصّہ ملا ہے اور اس پر حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کا یہ قول مبارک دال ہے۔ "إن الله خلق خلقه في ظلمة ثم رش عليهم من نوره فمن أصابه ذلك النور اهتدى ومن أخطأه ذلك النور ضل وغوى"
(بے شک اللہ تعالےٰ نے اپنی مخلوق کو تاریکی میں پیدا فرمایا۔ اور پھر اس پر اپنا نور چھڑکا۔ پس جس شخص کو وہ نور پہنچ گیا وہ ہدایت پا گیا اور جو اس سے بہرہ ور نہ ہوا وہ گمراہ ہو گیا۔)

پس جب حضرت آدم علیہ السلام نے وجود کے دائرے کی طرف غور سے دیکھا تو ان کو یہ معلوم ہوا کہ موجودات کی ہر چیز کون کے دائرے کے اندر چکر کھا رہی ہے۔ وَاحِدٌ مِّنْ نَّارٍ وَّ وَاحِدٌ مِّنْ طِيْنٍ (کوئی تو آگ سے پیدا کیا گیا اور کوئی کیچڑ سے) پھر انہوں نے دیکھا کہ دائرۂ کونیہ کُن کے اسرار پر گھوم رہا ہے۔ اور جب کن کے اسرار گھومتے ہیں اسی طرف وہ بھی چکر لگانے لگتا ہے۔ اور جس طرف وہ پرواز کرتے ہیں وہ بھی پرواز کرنے لگتا ہے۔ غرض انہوں نے اچھی طرح دیکھ لیا۔ اس دائرۂ کونیہ کا مرجع اور جولانگاہ وہی اسرار کُن ہے۔ جن سے نہ ہی وہ زائل ہو سکتا ہے اور نہ ہی اُن سے پھر کر کسی دوسری طرف مائل ہو سکتا ہے۔ اور اس دائرۂ کونیہ کے اندر رہنے والوں کی یہ کیفیت ہے۔ کہ کسی نے تو کاف کمالیہ اور نون معرفت کا مشاہدہ کیا۔ اور کسی نے کاف کفریت اور نُون نکرہ کا مشاہدہ کیا۔ اس طرح دائرۂ کونیہ کا ہر موجود اپنے مشاہدے کے امر کے موافق دائرۂ کُن کے نقطے کی طرف لوٹے گا۔ اور کوئی مُکَوَّن کے

marfat.com

ارادے اور منشا سے باہر نہیں نکل سکے گا۔

غرض جب ہم نے شجرۃ الکون کی شاخوں کے اختلاف اور ثمرات کی نوع و قسم کی طرف بنظر غائر دیکھا۔ تو ہمیں پتہ چلا کہ اس درخت کی جڑ دانۂ کُن سے پیدا ہوئی ہے جس سے وہ درخت نمودار ہوا۔ اور جب حضرتِ آدم علیہ السلام مکتب تعلیم میں داخل ہوئے اور انہیں تمام اسماء تعلیم کئے گئے تو انہوں نے کن کی مثال کو بغور دیکھا۔ اور اس بارے میں خوب غور کیا کہ مُکوّن سے مُکوَّن کی کیا غرض ہے۔ اس طرح معلّم نے کاف کُن سے کاف کنزیت یعنی کُنْتُ کَنْزًا مَخْفِیًا لَا اُعْرَفُ فَاَحْبَبْتُ اَنْ اُعْرَفَ الخ (میں ایک چھپا ہوا خزانہ تھا جسے کوئی نہیں جانتا تھا۔ اور پھر میں نے یہ چاہا کہ مخلوق کو پیدا کروں تاکہ میں پہچانا جاؤں) کی شہادت دی۔ اور اس نے نون کے راز سے نونِ ربانیت یعنی اِنِّیْ اَنَا اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنَا (بے شک میں اللہ ہوں اور میرے سوا کوئی معبود نہیں۔ پس جب بخوبی دیکھ لیا (کلمہ کُن) کا تلفظ درست ہوگیا۔ اور (آدمؑ) کیلئے کاف کنزیت سے کاف تکریم یعنی وَلَقَدْ کَرَّمْنَا بَنِیْ اٰدَمَ (ہم نے بنی آدم کو مکرّم بنایا۔ اور کاف کنتیت یعنی کُنْتُ لَہٗ سَمْعًا وَبَصَرًا وَّیَدًا الخ (کوئی بندہ جب نوافل کے ذریعے میرا تقرب چاہتا ہے یہاں تک کہ میں اُسے اپنا دوست بنا لیتا ہوں۔ جب وہ میرا دوست بن جاتا ہے تو میں اس کے کان بن جاتا ہوں جس کے ذریعے وہ سنتا ہے۔ اور اس کی آنکھ بن جاتا ہوں جس کے ذریعے وہ دیکھتا ہے اور اس کے پاؤں بن جاتا ہوں جس کے ذریعے وہ چلتا ہے) کا استنباط فرمایا۔ اور اس نے اس آدمؑ کیلئے انانیت کے نون سے نون نورینہ یعنی جَعَلْنَا لَہٗ نُوْرًا (ہم نے اس کے لئے نور بنایا) استخراج کیا۔ اور نون نعمت یعنی اِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَۃَ اللّٰہِ لَا تُحْصُوْھَا (اگر تم اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شمار کرو تو ہرگز ان کا شمار نہیں کر سکو گے) کو اس کے ساتھ متصل کیا گیا)

مگر ابلیس لعین نے چالیس ہزار سال اِس مکتبِ تعلیم میں گزارے اور وہ کُن کے

marfat.com

حروف کی جستجو کرتا رہا۔ دریں اثناء معلّم نے اُسے اس کے اپنے نفس وحال وقوت کے سپرد کئے رکھا۔ اور وہ کلمۂ کُن کی صورتوں کو دیکھتا تھا تاکہ ان کے ذریعے وہ کاف کفریہ کا مشاہدہ کرے۔ پس اس نے تکبّر و انکار کیا۔ اور کلمۂ کُن کے نُون سے ناریت یعنی۔ خَلَقْتَنِیْ مِنْ نَّارٍ کا مشاہدہ کیا۔ اور اس کی کفریّت کا کاف اس کی ناریت کے نون سے مل گیا۔ فَکُبْکِبُوْا فِیْهَا الخ پس وہ (شیطان) اور اُس کے پیروکار آگ میں مونہوں کے بل ڈالے گئے۔

بابِ سوم
مُشاہدۂ آدم علیہ السلام

جب آدم علیہ السّلام نے اس درخت کے اختلاف اور گل ہائے رنگا رنگ اور ثمرات کی طرف دیکھا۔ تو انہوں نے اِنِّیْ اَنَا اللّٰہُ (بے شک میں اللہ ہوں) کی شاخ کو متعین کرلیا۔ اور اسے ندا کی گئی کہ ثمرات توحید کھاؤ اور سایۂ تفرید میں آرام کرو۔ وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ (اور اس درخت کے قریب مت جاؤ) اور جب ابلیس کے بہکانے سے انہوں نے اس درخت کا پھل کھالیا تو رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا الخ (اے رب ہمارے ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا) کی شاخ کو مضبوطی سے پکڑ لیا۔ جس کی بدولت فَتَلَقّٰٓی اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ (پس آدم علیہ السلام کو اپنے رب کی طرف چند کلمات القاہوئے) کے ثمرات اس شاخ سے ان کی طرف گرنے لگے۔

اور جب یوم میثاق کو اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ (کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں) کی صدا آئی تو ہر ایک نے اپنے مشاہدے اور لیاقتِ سماع کے مطابق گواہی دی۔ اور بالاتفاق بطور ایجاب سب نے بلیٰ کہا۔ لیکن اختلاف صرف گواہی دلانے میں ہوا کیونکہ جس شخص نے جمالِ خداوندی کی لقا کو دیکھ کر گواہی دی اس نے تو لَیْسَ کَمِثْلِهٖ شَیْءٌ (اس کی مثل

marfat.com

کوئی نہیں کی گواہی دی۔ اور جس شخص نے جمالِ صفات کی رُو سے گواہی دی اُس نے لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ (کوئی معبود نہیں مگر وہی جو پاک بادشاہ ہے) کی شہادت دی۔ جن لوگوں سے اس مخلوق کے عرائس نے شہادت دلائی۔ انکی گواہیاں مشہود کے اختلاف کی بدولت مختلف ہو گئیں۔

لہٰذا بعض نے اللہ تعالیٰ کو حد لگائی۔ بعض نے اسے معدوم ٹھہرایا۔ اور بعض اسے ٹھوس پتھر کی صورت قرار دینے لگے۔ اور سب لوگ اس باب میں قُلْ لَّنْ یُّصِیْبَنَا اِلَّا مَا کَتَبَ اللّٰہُ لَنَا الخ (کہدے ہمیں کوئی مصیبت نہیں پہنچے گی مگر اللہ تعالےٰ نے ضرور اس کو ہمارے حق میں لکھا ہوگا۔ یعنی جو کچھ ہوتا ہے ارادہ الٰہی کے موافق ہوتا ہے) کے حکم میں گرفتار تھے۔ اور یہ حکم کلمۂ کُن کے راز میں مستور ہے اور اس کے دائرہ کے نقطہ میں گھومنے والا اور اس کے دانہ کی جڑ پر قائم تھا۔ مذکورہ دانا اس شجرۃ الکون اور اس کے پھل کا بیج اور اس کی صورت کا معنیٰ ہے۔ اس لئے ہم مکوّن کیلئے مثال اور موجود کے لئے صورت قائم کرتے ہیں۔ چونکہ اس درخت سے اقوال و افعال و احوال نمودار ہوتے ہیں۔ اس کو ایک ایسا درخت قرار دیا جس کا اصل سر کلمۂ کُن ہے۔ اور عالمِ کون میں جتنے حوادث مثلاً خسارہ۔ نفع۔ غیب۔ شہادت۔ کفر۔ ایمان۔ اعمال مقربین کے ثمرات متقین کے مدارج۔ صدیقین کی منازل۔ عارفین کی مناجات اور محبّین کے مشاہدات وغیرہ یہ سب اسی درخت کے ثمرات ہیں۔

بابِ چہارم

شاخہائے شجرۃ الکون

اس درخت سے تین شاخیں نکلیں۔ جس کی جڑ دانۂ کُن سے نمودار ہوئی تھی۔ اس سے ایک شاخ نکل کر دائیں طرف چلی گئی اور یہ لوگ اصحاب الیمین ہیں۔ دوسری نکل کر بائیں

marfat.com

طرف چلی گئی۔ یہ لوگ اصحاب الشمال ہیں۔ تیسری سیدھی اور معتدل قامت شاخ بھی نکلی جس سے سَابِقُوْنَ الْمُقَرَّبُوْنَ لوگ پیدا ہوئے۔ اور جس وقت وہ درخت بخوبی مضبوط و قائم ہو کر پروان چڑھا تو اونچی اور نیچی شاخوں سے دو عالم یعنی عالم الصورت اور عالم المعنی ظاہر ہوتے یعنی اس کے ظاہری پوست سے عالم الملک نمودار ہوا۔ اور اس کے باطنی اور مستور مطالب کے لباب سے عالم ملکوت ظاہر ہوا۔ اور جس آبِ رواں سے اس کی جڑیں سیراب ہوتی ہیں۔ اور جس کی بدولت وہ پروان چڑھا۔ اور جس کے سبب اس کی زندگی اور اس کے پھول پھل قائم ہیں۔ وہ عالم جبروت ہے جو کلمۂ کن کا سر ہے۔ اور پھر ایک دیوار نے اس درخت کو گھیر کر اس کے حدود رسوم مقرر کئے۔ اس کی حدود چھ اطراف ہیں۔ یعنی

(۱) بلندی (۲) پستی (۳) دایاں (۴) بایاں (۵) آگے (۶) پیچھے۔

بلندی اس کی حدِ اعلیٰ ہے۔ پستی اس کی حدِ اسفل ہے۔ اس کے رسوم آسمان۔ اجرام افلاک۔ احکام۔ آثار اور اعلام وغیرہ ہیں۔ آسمان کے سات طبقات اس درخت کے پتوں کے بمنزلہ ہیں جن کے سایہ میں لوگ آرام کرتے ہیں اور روشن ستاروں کی تابانی میں بمنزلہ پھولوں کے بنایا۔ اور رات اور دن کو دو مختلف چادریں بنایا۔ یعنی ایک سیاہ جس کو اوڑھ کر وہ عام لوگوں کی نظروں سے پوشیدہ رہے۔ اور دوسری سفید جسکو اوڑھ کر وہ اہلِ بصیرت پر جلوہ فگن ہوتا ہے اور پھر اس درخت کے بیت المال اور اسلحہ خانے کو بمنزلہ عرشِ مجید بنایا۔ تاکہ وہ درخت لوازماتِ اصلاح یہیں سے حاصل کرے۔ پس اسمیں اِس درخت کی طبیعتِ اصلیہ کارفرما ہے اور اس کے خدام بھی خدمت کے لئے موجود رہتے ہیں وَتَرَى الْمَلٰٓئِكَةَ حَآفِّيْنَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ (اور تو فرشتوں کو دیکھتا ہے کہ وہ ہمارے عرش کے گرد جمع ہو رہے ہیں) یعنی یہ فرشتے ہر وقت عرشِ معلّٰی کے گرد گھومتے۔ جمع ہوتے۔ رجوع کرتے اور متوجہ رہتے ہیں۔ اِن فرشتوں کا یہ کام ہے۔ جب اس درخت میں کوئی نئی بات وقوع پذیر ہو یا کوئی مشکل درپیش ہو۔ تو وہ تضرع وزاری وسوال

marfat.com

سے اپنے ہاتھ عرش معلیٰ کی طرف بلند کر کے خطا سے معافی اور شفا طلب کرتے ہیں کیونکہ اس درخت کو ایجاد کرنے والا جہت و اینیت وکیفیت سے بالکل منزہ ہے۔ اس کی طرف اشارہ اور قصد کرنا محال و ناممکن ہے۔ اور نہ ہی اس کی کوئی کیفیت ہے جسے پہچانا جا سکے پس اگر عرش مجید اس کی اطاعت کی ادائیگی اور اس کی خدمت کی خاطر قیام کیلئے اس کی طرف متوجہ ہونے والوں کی جہت نہ ہوتا۔ البتہ وہ بایں صورت اپنی طلب میں بھٹک جاتے۔ وہ ذات ان باتوں سے پاک و بلند ہے۔ صرف اللہ تعالیٰ نے اسے اپنی قدرت کے اظہار کے لئے ایجاد فرمایا تاکہ اسے اپنی ذات کے لئے محل کی صورت میں بنایا۔ اور نہ ہی وجود کو اپنے احتیاج کی خاطر ایجاد فرمایا اور اس (وجود) کو صرف اپنے اسماء و صفات کے اظہار کی بدولت بنایا کیونکہ اسکا نام غفور ہے۔ اور بخشش اس کی صفات میں سے ہے اور معہذا اس کا اسم کریم ہے اور کرم اس کی صفات میں سے ہے۔

لہذا اس درخت کی شاخیں علیحدہ علیحدہ اور ثمرات مختلف رنگ کے ہو گئے تاکہ گنہگار کیلئے اس کی بخشش کا محسن کیلئے اس کی رحمت کا۔ مطیع کیلئے اس کے فضل کا۔ عاصی کے لئے اس کے انصاف و عدل کا۔ مؤمن کے لئے اسکی نعمت کا اور کافر کے لئے اس کے عذاب کا راز ظاہر ہو جائے۔

باب پنجم

وحدت وجود

اس کی ذاتِ کائنات کے ساتھ لمس و وصل و فعل سے بالکل مبرا و منزہ ہے۔ کیونکہ وہ اس وقت بھی موجود تھا جب کون کا نام و نشان تک نہ تھا وَهُوَ الْاٰنَ كَمَا كَانَ (وہ اب بھی ویسا ہے۔ جیسا کہ پہلے تھا) نہ ہی وہ کون سے متصل ہے اور نہ ہی اس سے جدا ہے۔ کیونکہ وصل و فصل صفات حدوث ہیں۔ اور اس کی ذات قدیم ہے۔ کیونکہ

marfat.com

اتصال و انفصال سے انتقال وارتحال لازم آتا ہے اور انتقال وارتحال سے تحوّل ح
زوال و تغیر و استبدال لازم آتا ہے اور یہ تمام صفاتِ نقص ہیں نا کہ صفات کمال
فَسُبْحَانَہٗ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی عَمَّا یَقُوْلُ الظَّالِمُوْنَ وَالْجَاحِدُوْنَ
عُلُوًّا کَبِیْرًا (پس اس کی ذاتِ پاک اور منزہ ہے جو چیز ظالم و منکر کہہ رہے ہیں وہ اس
سے بلند ہے وہ بلند اور بزرگ ہے) پھر لوح و قلم کو بادشاہ کی اس کتاب کی مانند بنا
جس میں وہ اپنے احکامات کا اندراج کرتا ہے اور اس میں حل و عقد، قبض و بسط۔ وجود
و عدم۔ احسان و اکرام۔ ثواب و انتقام وغیرہ کے امور تحریر کئے جاتے ہیں۔ اور
سدرۃ المنتہیٰ کو شجرۃ الکون کی ایک شاخ قرار دیا تاکہ خدمت پر مامور اور اس کے
احکام کو نافذ کرنے والا شخص اس سدرۃ المنتہیٰ کے نیچے قیام کرے۔ اور اس کے
ثمرات اسی کے پاس ہی جمع ہوں۔ اور وہ وہاں کتاب الملک یعنی لوحِ محفوظ کے
مطابق اس درخت و محو و اثبات۔ کمی و بیشی کا مجاز و مالک ہو۔ اور سدرۃ المنتہیٰ کے
نیچے مقرر شخص اس سے آگے جانے کی استطاعت نہیں رکھتا کیونکہ ہر فرشتے کے
لئے ایک حد مقرر کر دی ہے۔ جس کے آگے وہ ہرگز نہیں بڑھ سکتا۔ وَمَا
مِنَّا اِلَّا لَہٗ مَقَامٌ مَّعْلُوْمٌ {ہم (گروہِ ملائکہ) میں سے ہر ایک کے لئے ایک
معین مقام ہے۔}

اور اس شجرۃ الکون کا ہر پھل خواہ وہ عمدہ ہو یا گھٹیا، چھوٹا ہو یا بڑا، کم ہو یا زیادہ سب کا
ایک ایسی کتاب میں شمار کیا گیا ہے جو لَا یُغَادِرُ صَغِیْرَۃً وَّلَا کَبِیْرَۃً اِلَّا
اَحْصٰھَا (جو چھوٹی بڑی کسی بھی شے کو شمار کئے بغیر نہیں چھوڑتی)

اور جس وقت اس درخت کے ثمرات سدرۃ المنتہیٰ کے ناظم کے پاس
پہنچتے ہیں تو بادشاہ حکم دیتا ہے کہ ان ثمرات کو دونوں خزانوں یعنی جنت و دوزخ
جو ان کے لئے بنائے گئے ہیں میں داخل کر دو۔ اس کا عمدہ پھل جنت کے خزانہ میں

marfat.com

داخل کیا جاتا ہے۔ كَلَّآ اِنَّ كِتٰبَ الْاَبْرَارِ لَفِیْ عِلِّیِّیْنَ (بیشک نیک لوگوں کے اعمالنامے علیّین میں ہوتے ہیں) اور اس کار دی یا گھٹیا پھل آگ کے خزانے یعنی دوزخ میں داخل کیا جاتا ہے۔ كَلَّآ اِنَّ كِتٰبَ الْفُجَّارِ لَفِیْ سِجِّیْنٍ (بے شک کافروں کے اعمالنامے سجّین میں ہیں)

جنت اصحاب الیمین مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ الْاَیْمَنِ مِنَ الشَّجَرَةِ الْمُبٰرَكَةِ الطَّیِّبَةِ کا گھر ہے اور دوزخ اصحاب الشمال مِنَ الشَّجَرَةِ الْمَلْعُوْنَةِ فِی الْقُرْاٰنِ کا گھر ہے۔ اور پھر دنیا کو اس درخت کے شگوفوں کی جگہ بنایا۔ اور آخرت کو اس کے ثمرات کی قرار گاہ بنایا۔ اور احاطہ کرنے والے نے قدرت کے احاطے سے اس درخت کو محیط کیا۔ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ مُّحِیْطٌ (اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کا احاطہ کرنیوالا ہے) اور ارادے کا دائرہ اس پر گھومنے لگا یَفْعَلُ مَا یَشَآءُ وَیَحْكُمُ مَا یُرِیْدُ (اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے وہی کرتا ہے اور حکم کرتا ہے جس چیز کا ارادہ کرتا ہے) اور جب اس درخت کی جڑ اور شاخیں اچھی طرح قائم ہوگئیں تو اس کی دونوں اطراف باہم مل گئیں اس کا آخر اس کے اوّل سے لاحق ہوگیا اِلٰی رَبِّكَ مُنْتَهٰهَا اِلٰی مُبْتَدَاهَا (تیرے رب کی طرف سے اس کا منتہیٰ اس کے مبتدا کی طرف ہے) کیونکہ جس کی ابتداء میں کُن ہو اس کی انتہائیں یکوُن ضروری ہوتا ہے۔ اگرچہ درخت کُن کی فروعات وثمرات اور کھیتیاں مختلف ہیں لیکن سب کا اصل دائرہ کُن ہے۔ اور ان کا آخر صرف کلمۂ کن ہی ہے۔ درحقیقت اگر کوئی بنظر بصیرت دیکھے تو اُسے معلوم ہو جائے گا۔ کہ شجر طوبیٰ کی شاخیں درختِ زقّوم کے ساتھ متعلق ہیں۔ اور قربِ الٰہیہ کی سرد بادِ نسیم بادِ سموم کی حرارت سے ملی ہوئی ہے۔ سمائے وصل کا سایہ ظلِّ یحموم سے ملا ہوا ہے۔ ہر ایک نے اپنی قسمت کے مطابق حظ اٹھایا۔ کسی نے کاسۂ مختوم سے نوش فرمایا۔ اور کوئی کاسۂ محتوم (واجب کیا گیا) سے پی رہا ہے اور کوئی ان کے مابین محروم ہی ہے۔

marfat.com

اور جب وجود کے اطفال عدم سے منصۂ شہود پر نمودار ہوئے۔ تو نسیم قدرت ان پر رواں دواں ہوئی۔ لطائفِ حکمت نے غذا فراہم کی اور ارادے کی بادلوں نے صنائع عجیبہ کی بارش ان پر برسائی۔ بایں وجہ اس درخت کی ہر شاخ ارادہ ازلی کے مطابق نمو ہوئی۔ اور اس کے عنصر میں صحت و بیماری کو رکھ دیا گیا اور تمام کون دو عناصر سے جو کلمۂ کن کے دو اجزاء سے مستخرج ہے مرکب ہے۔ اور وہ دو اجزا تاریکی و نور ہیں کون میں خیر نور کی طرف سے اور شر تاریکی کی طرف سے ہے۔

گروہ ملائکہ نور سے متخلق ہے۔ اس لئے اِن سے خیر و بھلائی ہی سرزد ہوتی ہے۔ لَا یَعْصُوْنَ اللّٰہَ مَآ اَمَرَھُمْ (وہ اللہ تعالیٰ کے حکم کی نافرمانی نہیں کرتے) شیاطین کا گروہ تاریکی سے پیدا کیا گیا۔ جس کی وجہ سے وہ سوائے شر کے اور کوئی کام نہیں کر سکتے

حضرت آدم علیہ السلام اور آپکی اولاد کو تاریکی و نور دونوں سے پیدا کیا گیا ہے خیر و شر نفع و ضرر چاروں انکے عنصر میں ودیعت کئے گئے اور انسان کو معرفت و نکرت دونوں چیزیں ہی عنائت کی گئیں۔ نور و ظلمت سے جس کا جوہر غالب آگیا۔ انسان اسی طرف منسوب ہو گیا۔ اگر اس کا جوہرِ نور، جوہرِ ظلمت پر غالب آجائے۔ گویا اسکی روحانیت اس کی جسمانیت پر غالب آگئی۔ بے شک اِس طرح اِنسان ملک و فلک سے بہتر و افضل ہوگا۔ اور اگر اس کا جوہرِ ظلمت، جوہرِ نور پر غلبہ حاصل کر لے۔ تو بایں صورت وہ شیطان سے بھی بڑھ جائے گا۔

جب اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو کُن کی مشتِ خاک سے پیدا فرمایا اور اُن کی پشت پر اپنا دستِ قدرت پھیرا تاکہ بُرے بھلے میں تمیز ہو سکے اور ان کی پشت مُبارک سے اصحاب الیمین اور اصحاب الشمال کو نکالا۔ اصحاب الیمین اپنی دائیں طرف چلے گئے اور اصحاب الشمال اپنے آپ بائیں طرف چلے گئے۔ اور ان میں سے کوئی شخص بھی اپنے اصل مقصد سے ذرہ بھر بھی اِدھر اُدھر نہ ہو سکا۔

marfat.com

باب ششم

حقیقت نورِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

شجرۃ الکون جس کی اصل دانہ کُن سے ہے ۔ اللہ تعالٰے نے سب سے پہلا کام یہ کیا ۔ اس کے عنصر کا جوہر نکال کر اُسے اتنا خالص اور پاکیزہ کیا ۔ کہ وہ ہر قسم کی الائش اور کدورت سے پاک ہو کر مزیّن ہو گیا ۔ اور پھر اُس پر نورِ ہدایت مترشح فرمایا ۔ جس کی وجہ سے جوہرِ اصلی ہویدا ہو گیا ۔ اور پھر اُسے اپنی رحمت کے سمندر میں غوطہ زن فرمایا تاکہ اس کی برکت عام ہو جائے ۔ پھر اُس سے ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نورِ مبارک پیدا فرمایا بعد ازاں ملاءِ اعلیٰ کے نور سے مزیّن فرما کر ضیاءِ رفعت بخشی ۔ اور اس نورِ مبارک کو ہر ایک نور کا اصل ٹھہرایا ۔ پس حضرتِ سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تحریر (تخلیق نور) میں سب سے اوّل اور ظہور میں سب سے آخر ہیں ۔ آپ قیامت کے تائد ۔ مسرتوں کے مبشر ، دیوانِ اُنس کے مقیم ، ریاض الانس وحضرۃ الانس مستقر ہیں ۔ آپ کے رُوحانی ولُعانی کو حجابِ جسمانیت میں اور آپ کے عالمِ شہود کو آپ کے عالمِ وجود میں مستور فرما دیا گیا ۔ آپ بے شک اسی جہان میں سے ہیں ۔ لیکن تمام عالمِ کون آپ کے لئے بنایا گیا ہے ۔ اللہ تعالیٰ نے تمام عالمِ کون کو اس لئے پیدا نہیں کیا ۔ کہ آپ کو اس کا احتیاج تھا ۔ بلکہ آپ کی پیدائش مبارک سے پانی اور کیچڑ کی فضیلت ومکرمت کا اظہار مقصود تھا کیونکہ اس نے تمام کائنات کو پیدا فرمایا ۔ لیکن سوائے آدمی کے کسی کو اپنی خلافت عنایت نہیں فرمائی ۔ کسی اور شے کے بارے میں اس نے یہ نہ فرمایا اِنِّی جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَۃً (بیشک میں زمین پر ایک خلیفہ پیدا کرنے والا ہوں) آدمی کے وجود کے ظہور میں یہی حکمت تھی کہ حضور سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے شرف ومنزلت کو ظاہر کیا جائے ۔ لہٰذا اجسام کے پیدا کرنے میں یہ حکمت تھی تاکہ اس کی بدولت کافِ کنز یہ کُنْتُ کَنْزًا مَخْفِیًّا

marfat.com

لا اُعرَف (میں ایک پوشیدہ خزانہ تھا جس کو کوئی پہچانتا نہ تھا) کا اظہار کیا جائے۔ اور اس سے مقصود یہ تھا کہ ایجاد کرنے والے (اللہ تعالیٰ) کی معرفت حاصل ہو۔ چونکہ حضور سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا قلبِ مبارک اتم و اکمل معارف کے ساتھ مخصوص تھا۔ کیونکہ سب لوگوں کے معارف ایمان اور تصدیق سے متعلق ہیں۔ اور آپ کی معرفت مشاھدے اور معائنے سے وابستہ ہے۔ اور فی الحقیقت سب لوگوں نے آپ کے نورِ معرفت کی بدولت اللہ تعالےٰ کو پہچانا اور انہوں نے اس بات کا اقرار کیا کہ آپ ہم پر فضیلت رکھتے ہیں۔ لہٰذا اللہ تعالےٰ نے آپ کو دانۂ کُن کے مغز سے ظاہر فرمایا۔ جس طرح ایک کھیتی اپنے بُھٹے کو نکالتی ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو آپؐ کے صحابہ کے ذریعے مضبوط فرمایا۔ پھر آپ اپنی قرابت کی بدولت اور بھی زیادہ قوّی ہو گئے اور اس طرح آپ اپنی آرزو اور شوق کی بدولت مرتبۂ طمانیت و قرار پر گامزن ہوئے۔

جب اس شاخِ محمدی صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہور پکڑا تو اس کی معطّر ٹہنی پُر برگ و بہار ہوئی اور قبولیّت کے بادل برسنے لگے۔ اور آپ کے وجودِ تقدّس کے ظہور کی بشارت کا دونوں جہانوں میں ڈنکا بجنے لگا۔ اور جن و بشر نے آپ کے وجودِ مسعود کی آمد آمد کی مبارکبادیاں دیں۔ اور سارا جہان آپ کے وجودِ مقدس کی بدولت معطّر ہو گیا۔ اور آپ کے پیدا ہوتے ہی تمام بُت سرنگوں ہو گئے۔ اور آپ کے مبعوث ہوتے ہی تمام ادیان منسوخ ہو گئے۔ اور آپ کی تصدیق پر قرآن پاک نازل ہوا۔ اور شجرۃ الکون طرب و انبساط سے جھومنے لگا۔ تمام شاخیں اور رنگ دار پھول لہلہانے لگے۔ اس درخت کی ان تمام شاخوں نے جو بائیں طرف علیحدہ ہو گئی تھیں اور گمراہی کے گڑھے میں گرنے کو ہی تھیں۔ جب ان کو خبر پہنچی۔ کہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری کی ہوائیں چل پڑی ہیں" وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ" (ہم نے آپ کو سارے جہانوں کی رحمت بنا کر بھیجا) تو اُس نے سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰىٓ" (جن

marfat.com

سے ہمارا وعدہ بھلائی کا ہو چکا ہے) کی خوشبو کو سونگھا۔ تو وہ ہدایت کی طرف مائل ہو گئے۔ اور جن کو گمراہی کا زکام لگا ہوا تھا۔ یا وہ خلعت و قبولیت سے عاری تھے (وہ اِس خوشبو کو سونگھ نہ پائے) پس اس لئے قدرت کی تند و تیز ہواؤں نے اس کی تازگی کو بھسم کر کے رکھ دیا۔ لہٰذا اس کی سعادت ترش روئی کا شکار ہو گئی۔ اور وہ اپنی کامیابی کی اُمید سے مایوس ہو گئے۔

اِس شاخ کا راز وجود کے درخت کا ثمر اور وجود کے صدف کا دُرِ ناسفتہ تھا۔ اور روحانیت کی رُوح یَا اَیُّهَا النَّبِیُّ اِنَّا اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِیْرًا وَّ دَاعِیًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ سِرَاجًا مُّنِیْرًا (اے نبی بے شک ہم نے آپکو شاہد بشارت دینے اور ڈرانے والا اور اس کے حکم سے اللہ تعالیٰ کی طرف بلانے والا اور روشن چراغ بنا کر بھیجا) کی رُوح ہے۔ پس وہ کون کی ظلمت کا چراغ اور وجود کے جسم کی رُوح ہے کیونکہ جب اللہ تعالےٰ نے آسمان و زمین کو خطاب کر کے فرمایا تھا" اِئْتِیَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا قَالَتَا اَتَیْنَا طَآئِعِیْنَ (تم دونوں طوعاً و کرھاً آؤ تو دونوں نے کہا کہ ہم مطیع ہو کر آئے) پس یہ جواب زمین سے کعبہ مقدسہ کی جگہ اور آسمان سے محاذاتِ کعبہ نے دیا۔ اِس طرح کعبہ مقدسہ کی زمین ایمان کا محل ہو گئی۔ پس جب آدم علیہ السلام کی تخلیق کے وقت اللہ تعالےٰ نے فرشتوں کو ہر قسم کی بُری بھلی زمین سے ایک ایک مشتِ خاک جمع کرنے کا حکم دیا۔ تو اس وقت فرشتوں نے حسبِ حکم ہر قسم کی بری بھلی مٹی آدم علیہ السلام کا خمیر تیار کرنے کے لئے جمع کی۔ کعبہ شریف جو ایمان کا محل ہے۔ خاص اس جگہ سے بھی ایک مشتِ خاک حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا خمیر مبارک تیار کرنے کے لئے لی گئی اور اس کو آدم علیہ السّلام کے خمیر میں ملا دیا گیا۔

اگر خمیرِ آدم میں وہ مشتِ خاک جس سے سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم پیدا فرمائے گئے۔ نہ ہوتی۔ تو یوم میثاق کو اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ کے ندا کے جواب میں بَلٰی کہنے

marfat.com

کی جرأت کسی کو نہ ہوتی۔ آپؐ کے اس قولِ مبارک کُنْتُ نَبِیًّا وَّاٰدَمُ بَیْنَ الْمَآءِ وَالطِّیْنِ (میں اس وقت بھی نبی تھا۔ جب آدم علیہ السلام مٹی اور پانی کے درمیان تھے) کا یہی مطلب تھا۔ خلاصہ یہ کہ وجود کے حقائق اور اس کی برکت آپ ہی کے وجود کے ذرات ہیں۔ اور بوقت اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ قَالُوْا بَلٰی آپ کا خمیر تمام بنی آدم کے اجزاء کے ذرات میں سرایت کر گیا۔ بایں وجہ جواب دینے کے لئے ان کی زبانوں میں باذن اللہ جرأت پیدا ہو گئی۔ پھر جس کے خمیر میں بنابر تقدیر الٰہی تخمیر کی استعداد تھی۔ اس میں تو خمیرِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم باقی رہا۔ یہاں تک وہ عالم محسوس میں ظاہر ہوا۔ پھر وہ اسی صورت پر قائم رہا۔ پس اس دعوے کی تحقیق کے لئے یہ مطلب ظاہر ہوا۔ اور اس روحانی معنیٰ کا نور محاذات جسمانی پر چمکا۔ پس اس طرح جسم تاریکی کے بعد منوّر ہوا۔ اور وہ طاعتِ الٰہی کی حقیقت کو پہچان گئے۔

اور جس کی طینت میں خمیر کی قابلیت نہ تھی۔ اور ان میں صرف یوم میثاق میں جواب دینے کے لئے ہی تخمیرِ نبوی کی تاثیر رکھی گئی تھی تاکہ بَلٰی کہنے کے لئے اس کی زبان میں فہ پیدا ہو جائے۔

مدتِ مدید کے بعد وہ خمیر اس کی طینت کے فاسد ہونے کی بدولت تباہ ہو گیا۔ تو خمیرِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم جو بطور امانت تھا اپنی اصلی حالت پر واپس آ گیا۔ کیونکہ اس امانت کی حفاظت کفار کے دل نہیں کر سکتے تھے۔ بلکہ وہ مومنین کے قلوب میں محفوظ رہ سکتی تھی۔ آپ کے قولِ مبارک کُلُّ مَوْلُوْدٍ یُوْلَدُ عَلَی الْفِطْرَۃِ الَّتِیْ فَطَرَ اللّٰہُ النَّاسَ عَلَیْھَا (ہر ایک بچہ اسی فطرت پر پیدا ہوتا ہے۔ جس پر اللہ تعالیٰ نبی آدم کو پیدا فرمایا۔ یعنی فطرتِ اسلام پر) کیونکہ تمام انسان ایمانِ اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ قَالُوْا بَلٰی میں برابر ہیں۔ کیونکہ تلبیہ کی مساوات اور اجابت کی ندا صرف اس خمیرِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی بدولت تھی جو ان کے اجزاء کے ذرات میں سریان کئے ہوئے تھا۔ جو علم الٰہی اور تقدیر الٰہی کے

marfat.com

مطابق اس اقرار پر قائم و باقی رہا وہ انکار وجود سے بچا رہا۔ اس شجرۃ الکون سے جو کچھ حادث ہوا مثلاً بالیدگی۔ فرزدنی۔ افکار کے پھول و پھل۔ پر یقین و شوق۔ مستعد ذوق۔ پاکیزہ بھید طلب بخشش کی نسیم جو چیز اعمال سے نمو پاکر احوال کو پاکیزہ کرتی ہے۔ جو ریاضات نفوس۔ مناجات القلوب۔ منازلِ اسرار۔ مشاہداتِ ارواح کے ساتھ پر برگ و بہار ہوتی ہے۔ جس کے ذریعے حکمتوں کے پھول اور معرفتوں کی باریکیاں جنم لیتی ہیں جن سے انفاس کی خوشبو اٹھتی ہیں۔ جس سے انس کے اوراق پیوستہ ہوتے ہیں جس سے مفید خواہیں نشوونما پاتی ہیں اور جو مخصوص لوگوں کے مراتب۔ خواص کے مقامات۔ صدیقین کی منازل۔ مقربین کی مناجات اور محبین کے مشاہدات سے اس کی اصل پر مبنی ہوتی ہے۔ یہ سب امور۔ اسی شاخِ محمدی ﷺ سے بہرہ ور و بارور ہوئے۔ سب اسی کے نور سے تاباں ہیں اور اسی کی نہر کوثر سے سیراب ہیں۔ اس کے احسان کے جوہر کی غذا کھانے والے اور اس کی ہدایت کے گہوارے میں پرورش پانے والے ہیں۔ اسی وجہ سے اس کی برکات عام اور اس کی رحمت تمام مخلوق پر تمام ہوئی۔ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ (اور ہم نے آپ کو سارے جہانوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا) اور جب آپ کی بدولت شجرۃ الکون کے گھر کو بنایا گیا۔ اور آپ ہی کے لئے دن اور رات کو مسخر۔ رسوم کو رواج دیا گیا اور اقطار کی حدود مقرر کی گئیں۔ اور آپ کے ذکر کو شہرت اور آپ کے اسرار و مقام کی لوگوں کو اطلاع دی گئی۔ آپ کی تصدیق کے لئے عہد میثاق لیا گیا۔ آپ کی تحقیق کو متمسک کیا گیا۔ آپ کی عروسِ شریعت کو آپ کے متبعین اور صحابہ کرام کے ذریعے مزین کیا گیا۔ آپ کی نبوت سے انبیائے کرام کی نبوت آپ کی کتاب سابقہ کتب اور آپ کی رسالت سے تمام رسولوں کا سلسلہ منقطع کیا گیا۔

پس جو کوئی آپ کی شریعت عالیہ میں دامن میں پناہ لے گا۔ وہ نجات پائے گا۔ اور جو شخص آپ کی ملت کی رسی سے بندھا رہے گا وہ اسی طرح محفوظ رہے گا۔

marfat.com

جیسے آدم علیہ السلام نے آپ کے توسل رنج والام سے نجات پائی۔ اور اسی طرح جب آپ صلب حضرت ابراہیم علیہ السلام میں منتقل ہوئے تو اُن پر آگ ٹھنڈی ہو گئی۔ اور جب آپ صدف اسماعیل علیہ السلام میں منتقل ہوئے تو آپ کی ہی بدولت آزمائش عظیم میں فدیہ (ذبیحہ) ذبح کیا گیا۔

خلاصہ یہ کہ اصحاب الیمین کی شاخ کا ثمر یُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّونَهُ (وہ انکو دوست رکھتا ہے۔ وہ اس کو دوست رکھتے ہیں) اصحاب الشمال کی شاخ کا ثمر وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَأَنْتَ فِيهِمْ (جب تک آپ ان میں ہیں اللہ تعالیٰ انکو عذاب نہیں دے گا) سابقون المقربون کی شاخ کا ثمر مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰهِ وَالَّذِينَ مَعَهُ أَشِدَّاءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ (محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں اور وہ لوگ جو آپ کے ساتھ ہیں وہ کفار کے لئے سخت گیر اور آپس میں ایک دوسرے پر رحم کرنے والے ہیں) پس آپ کی برکت تمام آفاق میں عام اور آپ کا کلمہ مکمل و تمام ہو گیا۔

حضرت آدم علیہ السلام کو آپ کے اسم پاک کی صورت پر پیدا کیا گیا۔ کیونکہ آدم علیہ السلام کا سر مبارک آپ کے اسم پاک کے پہلے میم کی طرح گول ہے۔ اس (آدمؑ) کے بازووں کا دونوں پہلوؤں کے ساتھ الصاق "حا" کی صورت کی طرح ہے اور ان کا باطن مبارک آپ کے اسم مبارک کے دوسرے میم کی صورت پر ہے۔ اور دونوں پاؤں پھیلی ہوئی "دال" کی مانند ہیں۔ بغرض اللہ تعالیٰ نے تخلیق آدم علیہ السلام کو آپ کے اسم مبارک کی صورت کامل سے متمثل فرمایا۔

marfat.com

باب ہفتم

سرّ آدم و عالم

اور اللہ تعالیٰ نے تمام عالم کون کو آدم علیہ السلام کی صورت و اسم پر پیدا فرمایا کیونکہ عالم کی دو اقسام ہیں۔ عالم الملک اور عالم الملکوت۔ عالم ملک جسمانیت آدمؑ کی مانند ہے۔ اور عالم ملکوت مثل روحانیت آدم علیہ السلام ہے۔ کثافت عالم سفلی ان کی جسمانیت کی کثافت کی مانند اور لطافت عالم علوی ان کی روحانیت کی لطافت کی مثل ہے۔

اور ایستادہ پہاڑوں کو زمین کے لئے میخیں بنایا گیا۔ وہ حضرت آدم علیہ السلام کے جسم اقدس میں ہڈیوں کی مانند ہیں جو ان کے جسم میں میخوں کا کام دیتی ہیں۔ اور چلتے پھرتے ہوئے پانی سے بھرے ہوئے دریا اور غیر جاری کھارے اور میٹھے سمندر کی مثال جسم میں اس خون کی مانند ہے جو اس کی رگوں میں جاری اور اعضا میں رکا ہوا ہے۔ دریاؤں کے پانی کے ذائقوں میں اختلاف کی مثال انسانی جسم میں یوں ہے۔ شیریں پانی لعاب دہن کی مانند ہے کیونکہ اس میں کھانے پینے کی چیزیں ملتی رہتی ہیں۔ آنکھ کا پانی نمکین ہوتا ہے۔ تاکہ اس سے آنکھ کی چربی سالم رہے اور کان کا پانی کڑوا ہوتا ہے تاکہ اگر کوئی کیڑا مکوڑا اس میں داخل ہو جائے۔ تو وہ مر جائے۔ اور بعینہٖ بعض زمینیں عمدہ ہوتی ہیں جس میں کھیتی اُگنے کی صلاحیت ہوتی ہے اور بعض سنگلاخ ہوتی ہیں جن میں کھیتی نہیں ہو سکتی۔

اسی طرح انسان کے جسم کی بھی یہی کیفیت ہے۔ جیسا کہ زمین میں بڑے بڑے دریا ہیں اور ان سے چھوٹی چھوٹی نہریں نکلتی ہیں اور لوگ ان سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔ اسی طرح انسان کے جسم میں بڑی سخت رگیں مثل وتین (شاہ رگ) موجود ہیں۔ جس سے تمام رگوں میں خون پھیلتا ہے۔

پھر عالم علوی یعنی آسمان میں اللہ تعالیٰ نے سورج کو اہل زمین کے لئے روشن چراغ کی مانند بنایا۔ بعینہٖ انسانی جسم میں روح نے ضیاء بخشی۔ بوقت موت جب جسم سے

marfat.com

روح غائب ہو جاتی ہے۔ تو جسم اسی طرح تاریک ہو جاتا ہے۔ جس طرح سُورج کے غائب ہو جانے سے زمین تاریک ہو جاتی ہے۔

اور پھر عقل انسانی کو مانند قمر کے بنایا۔ جس طرح چاند کبھی گھٹتا اور کبھی بڑھ جاتا ہے۔ اور ابتدا میں وہ ہلال یعنی چھوٹا ہوتا ہے۔ اسی طرح چھوٹے بچّے کی عقل شروع میں چھوٹی ہوتی ہے۔ جس طرح چاند بڑا ہوتا جاتا ہے اسی طرح بچّہ کی عقل حسبِ عمر زیادہ ہوتی جاتی ہے۔ اور جیسے چاند چودھویں رات کے بعد گھٹنا شروع ہو جاتا ہے۔ عین اسی طرح عقل انسانی بھی چالیس سال کے بعد گھٹنا شروع ہو جاتی ہے۔ اور جس طرح آسمان پر پانچ سیارے جنہیں خمسہ متحیرہ کہتے ہیں۔ یعنی زحل مشتری۔ عطارد مریخ۔ اور زہرہ۔ اسی طرح انسان میں بھی حواس خمسہ یعنی شم۔ ذوق۔ لمس۔ سمع اور بصر موجود ہیں۔ جس طرح عالم علوی میں عرش و کرسی بنائے گئے۔ اسی طرح جسمِ انسانی میں دِل بمنزلۂ عرش اور سینے کو بمنزلۂ کرسی پیدا کیا گیا۔

عرش مجید کو خدائے قدوس نے پیدا کر کے اپنے بندوں کے قلوب اس کی طرف مائل کئے۔ اور التجاء وزاری کے وقت ہاتھوں کو اپنی طرف بلند کرنے کے لئے اس کو محل قرار دیا۔ اور نہ یہ کہ عرش کو اس نے اپنی ذات کیلئے محل اور اپنی صفات کا مجانس بنایا۔ کیونکہ اس کا نام رحمٰن ہے۔ اور استواء اس کی نعت و صفت اس کی ذات سے متصل ہے۔ عرش اس کی مخلوقات میں سے ہے۔ نہ وہ اس کے ساتھ متصل ہے۔ اور نہ ہی اس سے اس کی ملامست ہے۔ اور نہ ہی وہ اس پر محمول ہے اور نہ اس سے کا احتیاج ہے کرسی اس کے اسرار کا ظرف اور انوار کا ترکش ہے۔ جو کچھ دائرہ وَسِعَ کُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ (اس کی کرسی آسمانوں اور زمین پر حاوی ہے) میں ہے وہ اس کی امانت گاہ ہے۔

لہٰذا اللہ تعالےٰ نے انسان کے سینے کو بمنزلہ کرسی کے بنایا۔ کیونکہ اس سے علوم

marfat.com

صادرہ کی تحصیل ہوتی ہے۔ جو بمنزلہ ایک ایسے میدان کے ہے جو قلب و نفس کے دروازے پر ہے۔ اور یہاں سے دو دروازے قلب و نفس کی طرف نکلتے ہیں۔ قلب سے جو بھلائی یا نفس سے جو برائی صادر ہوتی ہے۔ اس کا محل صدر ہے اور اس سے جوارح مستفید ہوتے ہیں۔ اور اللہ تعالےٰ کے اس قول کا یہی مطلب ہے۔ وَحُصِّلَ مَا فِي الصُّدُوْرِ (اور سینوں میں جو کچھ ہے وہ حاصل کیا جائیگا)۔

اور اللہ تعالےٰ نے دِل کو بمنزلہ عرش کے بنایا۔ عرش مجید آسمانوں پر مصروف اور زمین پر مسکون ہے۔ کیونکہ دلوں کا عرش آسمانی عرش سے افضل ہے۔ اور نہ ہی آسمانی عرش میں خدا تعالیٰ سما سکتا ہے اور نہ ہی عرش مجید اسے اٹھا سکتا ہے۔ اور وہ اس کا ادراک بھی نہیں کر سکتا۔ اور یہ زمین کا عرش ہر وقت خدا تعالیٰ کی رویت میں منہمک رہتا ہے اور اللہ تعالےٰ اس پر اپنا ظہور بخشتا ہے۔ اور آسمانِ کرم سے اس پر نزول فرماتا ہے۔ چنانچہ فرمایا۔

مَا وَسِعَنِیْ سَمٰوٰتِیْ وَلَا اَرْضِیْ وَوَسِعَنِیْ قَلْبُ عَبْدِیَ الْمُؤْمِنِ

(اور نہ ہی میرا آسمان مجھے اپنے میں سما سکتا ہے اور نہ ہی میری زمین اور پھر عالمِ آخرت میں جنت اور دوزخ کو بنایا گیا۔ اور جنت کو خیر کا اور دوزخ کو شر کا خزانہ بنایا گیا۔ اسی طرح قلب انسانی میں "سویدا" صرف بھلائی کا مکان ہے جو بندۂ مومن کے لئے جنت کی مانند ہے کیونکہ وہ محلِ مشاہدہ و تجلّی و مناجات و منازل اور منبع انوار ہے۔ اور نفس کو بمنزلہ دوزخ کے بنایا۔ جو منبع شر۔ محلِ وسواس۔ منزلِ شیطان اور بیت الظلمت ہے۔

پھر اللہ تعالےٰ نے لوح و قلم کو کِتَابُ الْکَوْنِ وَالتَّکْوِیْنِ وَمَا کَانَ وَمَا یَکُوْنُ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ کا نسخہ بنایا۔ اور فرشتوں کو اس نسخہ کے محو و اثبات موت و حیات اور کمی و بیشی کے تحریر کرنے پر مامور فرمایا۔ بعینہٖ زبان بمنزلہ قلم اور سینہ کو بمنزلہ لوح بنایا۔ جو بھی زبان سے نکلتا ہے۔ ذہن اس کو لوحِ صدر پر تحریر کر دیتا ہے۔ اور

marfat.com

ارادۂ قلب جس چیز کو سینہ کی طرف مبذول کرتا ہے۔ زبان ترجمان کی مانند اس کا اظہار کرتی ہے۔ پھر حواس کو دِل کا رسول بنایا اور جو چیز دل میں ہوتی ہے (حواس) یعنی رسول اس کو تحریر کر لیتے ہیں اور کان اس کا رسول بمنزلہ جاسوس۔ آنکھ اس کا رسول بمنزلہ نگہبان اور زبان اس کا رسول بمنزلہ ترجمان کے ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے تصدیق ربوبیّت و رسالت کے لئے ہیکل انسانی کو پیدا فرمایا۔ کیونکہ وہ مدبّر یعنی روح کا محتاج ہے۔ اور مدبّر واحد ہے۔ رُوح غیر مرئی۔ غیر متکیّف۔ غیر متحیّر ہے۔ کوئی چیز بجز اس کے شعور و ارادے کے متحرک نہیں۔ جسم میں المکس واحساس بھی اسی کی بدولت موجود ہے۔ اور جسدِ انسانی میں ان تمام چیزوں کی موجودگی اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ عوالم کیلئے ایک مدبّر و محرک کی ضرورت ہے۔ پھر اس سے صرف ایک ہی مدبّر کے وجود کا ثبوت بھی فراہم ہوتا ہے جو اپنی سلطنت کا جاننے والا ہو۔ اور وہ اس کی حدوثیّت پر قادر ہو۔ وہ مدبّر غیر مکیّف غیر متمثل۔ غیر مرئی۔ غیر متحیّز۔ غیر محسوس۔ غیر متبعّض۔ غیر ملموس اور غیر مقبوس ہو یعنی لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَّھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ (بلکہ اس کی مثل کوئی شے نہیں اور وہ سننے والا دیکھنے والا ہے)

گویا کہ اللہ تعالیٰ کے دو رسول مخلوق کی طرف بھیجے گئے ہیں ایک ظاہری رسول محمّد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم اور دوسرے باطنی رسُول حضرت جبرائیل علیہ السلام ہیں۔ پس جبرائیل علیہ السلام وحی لے کر ان کی قوم کی طرف آتے تھے اور آپ کی قوم ان کو نہ دیکھ سکتی تھی اور نہ پہچانتی تھی۔ بعینہٖ مدبّرِ ہیکل انسانی کے بھی دو رسول ہیں۔ ایک رسُولِ ظاہری اور ایک باطنی۔

بابِ ہشتم

اشاراتِ درجاتِ رسالت

باطنی رسول ارادہ ہے جو بمنزلہ جبرائیل علیہ السلام کے ہے جو زبان یعنی (ظاہری رسول)

marfat.com

کی طرف وحی لاتا ہے اور زبان ارادے کو ظاہر کرتی ہے اور وہ بمنزلہ حضور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہے۔ جس طرح وجود انسانی سے آپ کی صحت نبوت اور صدق رسالت ثابت ہے۔ اسی طرح انسانی وجود سے تحقیق شریعت اور اتباع سنت پر بھی دلالت ہو سکتی ہے۔ چونکہ انسان کے ہاتھوں کی پانچ انگلیاں ہیں یعنی یہ پانچ اصل ہیں۔

اَصْلِ اوّل: اسلام کی بنیاد بھی پانچ اصولوں پر ہے جیساکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بُنِیَ الاِسْلَامُ عَلٰی خَمْسٍ شَہَادَۃً اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ وَاِقَامَ الصَّلٰوۃِ وَاِیْتَاءَ الزَّکٰوۃِ وَصَوْمَ رَمَضَانَ وَالْحَجَّ اِلٰی بَیْتِ اللّٰہِ الْحَرَامِ (اسلام کی بنیاد پانچ شہادتوں (ارکان) پر رکھی گئی ہے (۱) یہ کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے رسول ہیں (۲) نماز قائم کرے (۳) زکوٰۃ دے (۴) رمضان شریف کے روزے رکھے (۵) حج بیت اللہ کرے۔)

اَصْلِ دوم:۔ نماز پانچ اوقات میں ادا کی جاتی ہے۔

اَصْلِ سوم:۔ زکوٰۃ مفروضہ نصاب میں خمس ہے۔

اَصْلِ چہارم:۔ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور وہ لوگ جو آپ کے ساتھ ہیں۔ یعنی صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور اگر آپ کو ساتھ ملا لیا جائے تو پانچ ہو جائیں گے۔

اَصْلِ پنجم:۔ اسی طرح آپ کے اہل بیت کی تعداد مع آپ کے پانچ ہے۔ یعنی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ علی و فاطمہ و حسین و حسن علیہم السلام۔

اور جب معلوم ہو گیا کہ ارکان دین یہی ہیں تو ارکان شریعت کو قائم رکھنا ناگزیر ہو ہے۔ اور محبت صحابہ و مودت قرابت واجب و لابدی ہے۔ لہذا انسان کے اعضاء میں بھی مذکورہ پانچ چیزوں کو پانچ ارکان پر دلالۃً پیدا کیا ہے لہذا اسلام کے مذکورہ پانچ اصول جن پر اسلام کی بنیاد رکھی گئی ہے وہ بمنزلہ حواس خمسہ یعنی سمع۔ بصر۔ ذوق لمس اور شم کے ہیں

marfat.com

کیونکہ توان حواس کی بدولت ہر شے کی لذت و معرفت حاصل کر سکتا ہے۔

اس طرح ان پانچ ارکان کے قائم کرنے سے انسان ہر چیز کے ذوق و عرفان کا ادراک و معرفۃ الرحمٰن اور علم الایقان حاصل کر سکے گا۔ مثلاً حاسۂ بصر انسان کو نماز قائم کرنے کی طرف بلائے گا۔ چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جُعِلَتْ قُرَّۃُ عَیْنِیْ فِی الصَّلٰوۃِ (میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں رکھی گئی ہے۔

حاسۂ لمس انسان کو زکوٰۃ کی ادائیگی کی طرف بلائے گا۔ چنانچہ اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔ خُذْ مِنْ اَمْوَالِھِمْ صَدَقَۃً (توان کے مالوں سے زکوٰۃ لے)۔ حاسۂ ذوق انسان کو اس امر پہ تیار کرے گا۔ کہ تو لذتِ طعام کو روزے کے رکن کو قائم کرنے کے لئے ترک کر دے۔ حاسۂ سمع انسان کو اذان وغیرہ کی سماعت کی ترغیب دلائے گا اور حاسۂ شم انسان کو توحید کی خوشبو سونگھنے کی طرف مائل کرے گا۔ جیسا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اِنِّیْ لَاَجِدُ نَفَسَ الرَّحْمٰنِ مِنْ قِبَلِ الْیَمَنِ (بے شک میں خدا تعالےٰ کے سانس کو یمن کی طرف سے محسوس کر رہا ہوں۔

خلاصہ یہ کہ یہ حواس خمسہ انسان کو مذکورہ پانچ ارکانِ شرعی قائم کرنے کی طرف بلائیں گے۔

اِسی طرح اللہ تعالیٰ نے انسان کے دائیں ہاتھ کی پانچ انگلیوں کو بمنزلہ پانچ افراد یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ، عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ، کے بنایا ہے۔

جب حضرت آدم علیہ السلام کی پیشانی میں نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم رکھا گیا تو فرشتوں نے اس کا استقبال کیا اور اُسے سلام کیا جانے لگا۔ یعنی فرشتے اس نُور پاک کو سلام کرتے تھے۔ لیکن حضرت آدم علیہ السلام اس نور پاک کو ابھی تک دیکھ

marfat.com

نہیں پائے تھے۔ ایک دن انہوں نے اللہ تعالیٰ کے حضور درخواست کی۔ بارِ الٰہا! مجھے اس بات کا اشتیاق ہے۔ اپنے صاحبزادے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نورِ پاک کا دیدار کروں۔ اے اللہ! اسے میرے کسی ایسے اعضاء کی طرف منتقل کر دے جس کے ذریعے میں بآسانی نورِ مصطفوی صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھ سکوں۔ چنانچہ استدعائے آدم علیہ السلام پر نورِ مصطفوی صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کی دائیں ہاتھ کی انگلی سبابہ میں منتقل کر دیا۔ اب جبکہ آدم علیہ السلام نے اپنی انگلی نورِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بدولت تاباں و منور دیکھا۔ تو انہوں نے اس کو اونچا کر کے اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ فرمایا۔ اور بایں وجہ اس انگلی کا نام مسبحہ پڑ گیا۔

پھر حضرت آدم علیہ السلام ملتجی ہوئے کہ الٰہا! کیا اس نورِ پاک سے میری صلب میں بھی کچھ بچا ہے یا کہ نہیں۔ تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہاں۔ آپ کے چاروں خلفاء ابوبکر و عمر و عثمان و علی رضوان اللہ علیہم اجمعین کا نور ابھی تک تمہاری پشت میں موجود ہے۔

پھر اللہ تعالیٰ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کے نور کو آدم علیہ السلام کے انگوٹھے میں، حضرتِ صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہٗ کے نور کو وسطیٰ میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہٗ کا نور بنصر میں اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ کا نور چھنگلیا میں رکھا۔ اس سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ ہاتھ کی ان انگلیوں کا یکجا ہونا ہی ان پانچ حضرات کی محبت پر دال ہے۔ ان کے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان فرق نہیں ڈالنا چاہیئے۔ پس بے شک ان کے درمیان جمعیت ہے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ مَعَہٗ الخ احمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں اور جو لوگ ان کی معیت میں ہیں۔

پھر اللہ تعالیٰ نے انسان کے بائیں ہاتھ میں پانچ انگلیاں پیدا کیں۔ جو پانچ اشخاص یعنی اہل بیت کی یاد دلاتی ہیں۔ ان سے اللہ تعالیٰ نے رجس (پلیدی) کو دور کر

marfat.com

دیا ہے۔ چنانچہ وہ فرماتا ہے۔ اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰہُ لِیُذْھِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ اَھْلَ الْبَیْتِ وَیُطَھِّرَکُمْ تَطْھِیْرًا (اللہ تعالیٰ نے یقیناً اہل بیت کرام سے رجس دور کرنے کا ارادہ کیا۔ تاکہ انہیں بالکل پاک کردے) رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ آیت میرے علی و فاطمہ و حسن و حسین علیہم السلام کے باب میں نازل ہوئی

بابِ نہم

اسرار ارکان اسلام

پھر اللہ تعالیٰ نے تیرے قدموں (پاؤں) کی بھی پانچ پانچ انگلیاں بنائیں تیرے لئے وہ پانچ فرض نمازوں کی یادداشت کی طرف اشارہ کرنے والی ہیں۔ یہ کہ انسان اپنے پاؤں پر کھڑا ہو کر نماز قائم کرے۔ کیونکہ نماز زمین میں اللہ تعالیٰ کی خدمت گذاری ہے۔ اور خدمت قدمین (دونوں قدموں) سے متعلق ہے۔ پس اس طرح تیرے دائیں پاؤں کی پانچ انگلیاں پانچ نمازوں کی اور تیرے بائیں قدم کی پانچ انگلیاں زکوٰۃ کے واجب نصاب یعنی پانچ درہم کی یاد دلاتی ہیں۔ پس زکوٰۃ نماز کے ساتھ ملی ہوئی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے۔ کہ دونوں قدموں کی انگلیوں کا اشارہ نماز و زکوٰۃ کی طرف ہے۔

بابِ دہم

اسرارِ برزخ و حشر

پھر اللہ تعالیٰ نے ایسی چیزیں بنائیں۔ جو اس کی موت اور بعث بعد الموت پر دلالت کرتی ہیں۔ منجملہ نوم (نیند) کو پیدا فرمایا۔ جو قبر (برزخ) کے عذاب و ثواب پر دال ہے۔ کیونکہ نیند میں بعض اوقات انسان بُرے خواب دیکھتا ہے۔ جس کی بدولت اسے تکلیف ہوتی ہے۔ جیسا کہ مردہ کے ساتھ ہوتا ہے۔ وہ مفقود الحس ہوتا ہے

marfat.com

س کی سماعت و بصارت و درایت کالعدم ہوتی ہے۔
پھر اللہ تعالےٰ نے اس کے لئے کان اور آنکھ کو پیدا فرمایا۔ جن کی وساطت سے وہ سنتا۔ دیکھتا ہے۔ اور وہ اپنے آپ کو بھی دیکھتا ہے۔ یہاں اس کا نفس اسے چاہتا ہے لے جاتا ہے اور وہ کھاتا اور پیتا ہے۔
مذکورہ امور بمنزلہ برزخ کے عذاب و مسرت کے ہیں۔ پھر وہ اسے نیند سے جگاتا ہے۔ جس میں انسان بے اختیار ہے۔ اگر اس کا یہ ارادہ ہو کہ وہ نیند سے کبھی بیدار نہ ہو۔ تو وہ کبھی بھی اس پر قدرت نہیں رکھ سکتا۔ بلکہ جب اللہ تعالیٰ چاہے گا۔ اسے بیدار کر دے گا۔ بعینہٖ جب اللہ تعالےٰ چاہے گا۔ تو وہ مردوں کو قبروں سے زندہ فرمائے گا جس میں ان کا کوئی اختیار نہیں ہوگا۔ اگر وہ چاہیں بھی کہ ہم دوبارہ زندہ نہ ہوں تو وہ ہرگز اس پر قادر نہیں ہو سکیں گے۔ اس بیان سے زنادقہ۔ دھریہ۔ فلاسفہ اور معتزلہ گمراہ فرقوں کا جو عذابِ قبر اور بعث بعد الموت کے منکر ہیں کا پورا رد ہو جاتا ہے۔

باب یازدہم

فیضانِ حکمتِ الٰہیہ

پھر اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق کو تین اصناف پر پیدا فرمایا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ وَاللّٰہُ خَلَقَ کُلَّ دَآبَّۃٍ مِّنْ مَّآءٍ ج مَنْ یَّمْشِیْ عَلٰی بَطْنِہٖ کَالْحَیَّاتِ وَالدِّیْدَانِ وَمِنْھُمْ مَّنْ یَّمْشِیْ عَلٰی رِجْلَیْنِ ج کَالطَّیْرِ وَالْاٰدَمِیِّ وَمِنْھُمْ مَنْ یَّمْشِیْ عَلٰی اَرْبَعٍ کَالدَّوَابِّ۔ (اور اللہ تعالیٰ نے ہر جاندار چیز کو پانی یعنی نطفہ سے پیدا فرمایا۔ ان میں سے بعض پیٹ کے بل رینگتے ہیں مثلاً سانپ اور کیڑے۔ بعض دو پاؤں پر چلتے ہیں مثلاً پرندے اور آدمی اور بعض ان میں سے چار پائے ہیں مثلاً گائے بھیڑ بکری وغیرہ)

marfat.com

پھر ان میں سے کچھ بصورت سجدہ کرنے والوں کے ہیں۔ کچھ رکوع کرنے والوں کی صورت میں اور بعض حالتِ قیام میں ہیں۔ جیسے درخت دیواریں وہ حالت رکوع میں نہیں جا سکتے۔ صنف رکوع میں چار پائے شامل ہیں۔ جو سجدہ نہیں کر سکتے اور نہ ہی قیام اور صنفِ سجدہ میں حشرات ہیں وہ بلند نہیں ہو سکتے۔ اس کی تمام مخلوق اسکی طاعت و تقدیس و تنزیہہ کے لئے پیدا کی گئی ہے۔ چنانچہ وہ فرماتا ہے: وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمْدِہٖ (دنیا کی ہر چیز ہی اس کی حمد و تسبیح میں منہمک ہے) پس اللہ سبحانہ تعالیٰ نے تمام مخلوق کی عبادت و طاعت کو تیرے لئے جمع فرمایا اور اللہ تعالیٰ نے تیرے لئے تمام مخلوق سے زیادہ کشائش و وسعت عنائت فرمائی۔ اگر تو قیام و رکوع و سجدہ کی حالت میں عبادت کرنا چاہے۔ تو ساری مخلوق کی عبادت و فضیلت تیرے لئے جمع ہو جائیں گی۔ پس اسی طرح تجھ پر نماز فرض کی گئی۔ اور اسے مخلوق کی تمام عبادات پر مشتمل کیا۔ فضیلت قیام و رکوع و سجدہ کی بدولت تو وجود کلیہ کا مقصود ٹھہرا۔ معبود کی مراد کی خاطر تو عبودیت کے لئے مخصوص کیا گیا ہے۔ ہمارے مذکورہ قول کا یہ مطلب ہے یعنی خَلَقَ اللّٰہُ اٰدَمَ عَلَیْہِ السَّلَامُ عَلٰی صُوْرَۃِ اِسْمِ مُحَمَّدٍ (اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو اسم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت اور عالم کون کو اس کے طریق کی کیفیت پر پیدا فرمایا۔

یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ ملاء اعلیٰ شجرۃ الکون کو نفع پہچانے۔ اس کی مصلحتوں کو استعمال کرنے اور اس کے حقوق کو قائم کرنے کے لئے مسخر ہیں۔ کیونکہ اس میں شاخِ محمدیؐ اور نور احمدی صلی اللہ علیہ وسلم کی خاصیت ہے۔

سب سے پہلے جب شب عدم کی تاریکی سے روز وجود نے طلوع کیا تو شموس محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کے انوار مبارکہ جبین آدم علیہ السلام کے افق پر پوری تابانی سے چمک اٹھے۔ اور فرشتے اس کی تابانی کو دیکھتے ہی سجدے میں گر پڑے۔

marfat.com

اور ان کی زبان بے اختیار ہو کر اس طرح گویا ہوئی مَلِیْكَ الْعَرْشِ مُحَمَّدٌ اَبَدًا (عرش کے بادشاہ اور مالک ہمیشہ سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں) پس جب انہیں سجدہ کرنے کا حکم دیا گیا۔ تو انہوں نے سجدہ کیا۔ اور جب انہیں شہود کے ساتھ مخصوص کیا گیا۔ تو انہوں نے مشاہدہ کیا۔ پس انہیں اِس مشاہدے کا شکرانہ ادا کرنے کے لئے کہا۔ کہ تم اس درخت کی خدمت کے لئے کمربستہ ہو جاؤ۔ وہ اس کا اصل ہے۔ اور یہ وہ سلطنت ہے جو اس کے لئے عقد و حل بھی ہے۔

اور البتہ تم میں سے بعض "سفرہ" ہیں۔ جو صحفِ مطہرہ کے لئے تگ و دو کرتے ہیں بعض بررہ (نیکوکار) ہیں۔ جو اس درخت کی سبزہ زاروں کے گرد گھومتے ہیں۔ بعض حَمَلَہ (اٹھانے والے) ہیں جو ہر عامل کے عمل کو اٹھاتے ہیں۔ بعض تم میں سے کتاب (لکھنے والے) ہیں۔ جو توبہ کرنے والوں کے آستانہ پر کھڑے ہیں۔ بعض تم میں سے وہ ہیں۔ جو بنی آدم کے چہروں سے گناہوں کے غبار کو استغفار کے پانی سے دھوتے ہیں۔ اور اہلِ زمین کے لئے استغفار مانگتے ہیں۔ بعض تم میں سے حَفَظَہ ہیں۔ جو ان کی حفاظت کرتے ہیں۔ اور نفع و نقصان کرنے والی چیزوں کا شمار کرتے ہیں۔ بعض تم میں ایسے ہیں جو بنی آدم کے رزق کی سعی کرتے ہیں۔ تاکہ وہ اپنے رازق کی اطاعت بفراغت کر سکیں۔

لہٰذا ملائکہ کا ایک گروہ ہواؤں کے ارسال پر متعین ہے۔ ایک گروہ بادلوں کے چلانے۔ ایک گروہ دریاؤں کے پانیوں کو جاری کرنے۔ ایک جماعت بارش کے نازل کرنے۔ ایک جماعت تمام اقطارِ عالم کی حفاظت کرنے اور ایک گروہ رات کے وقت یاد کرنے پر مقرر ہے۔ ایک گروہ دن کے وقت تسبیح میں مصروف رہتا ہے۔ فرشتوں کا ایک گروہ معقبات (پیچھے چلنے والا) کہلاتا ہے۔ جو انسان کے جوارح کو مہلک اشیاء سے محفوظ رکھتا ہے۔ ایک گروہ آفات کو دُور کرنے۔ ایک گروہ

marfat.com

جنت کو آراستہ کرنے اور ایک گروہ دوزخ کو مشتعل کرنے پر مامور ہے۔

باب دوازدہم

آدم و ابلیس

المختصر یہ کہ جب گھر سجایا گیا۔ اور ارادۂ الٰہی کی شراب کا جام چلنے لگا۔ تو اس وقت سب سے پہلے اس مشہد محضر میں ابلیس کو حاضر ہونے کا حکم ہوا۔ وہ لباسِ تسبیح و تقدیس میں ملبوس خراماں خراماں چل رہا تھا۔ لیکن ان ملبوسات میں خفیہ طور پر خباثت و فساد و آفات موجود تھیں۔ اور جب وہ اس محضر میں حاضر ہوا اور اس نے اس دلکش منظر کا مشاہدہ کیا۔ اور وہ جبلِ عرفان پر براجمان ہوا۔ تو اس نے ماء و طین کے حق کو گھٹیا اور حقیر سمجھا۔ پس اس نے انکار کیا۔ اور اپنی نافرمانی پر ڈٹا رہا۔ اور جب اُسے کہا گیا کہ تو اپنے جامِ شراب (استعداد) کی روشنی میں سجدہ کر۔ تو اس نے تجرّد و غرور کی بدولت سجدہ کرنے سے انکار کر دیا۔ اور اس نے جام عرفان سے منہ موڑ لیا۔ بایں وجہ وہ صحبتِ ملائکہ سے الگ ہو گیا۔ اور غم و وسواس کے سمندر میں ڈوب گیا۔ اور اس وقت جب اس نے اپنے علم کو ٹٹولا تو وہ گویا کھوٹے پیسے تھے۔ جس سے امید منفعت منقطع ہو گئی۔ اس طرح وہ تنہائی و جدائی کے جنگل میں اپنے گروہ و شریعت دونوں سے الگ ہو کر کرب و مزب کے گہرے سمندر میں ڈوب گیا۔ وہ غم کی زیادتی کے باوجود یہی پکار رہا تھا۔ وَلَاُضِلَّنَّهُمْ وَلَاُمَنِّيَنَّهُمْ وَلَاٰمُرَنَّهُمْ (میں ضرور بنی آدم کو گمراہ کروں گا۔ اور ان کو دنیا کی امید دلاتا رہوں گا۔ اور ان کو برائی کا امر کرتا رہونگا) اور ارادہ الٰہی اس کی پکار کا یہ جواب دیتا تھا کہ میں اپنے بندوں کے لئے ایک امن کا فرمان جاری کردوں گا۔ اور جو میرے بندے ہوں گے ان پر تو غلبہ حاصل نہیں کر سکے گا۔

بعد ازاں ابلیس نے اللہ تعالےٰ سے مہلت مانگی کہ مجھے روزِ حشر تک زندہ رکھا

marfat.com

جائے۔ اللہ تعالیٰ نے اس کی اس التجا کو اس لئے قبول فرمایا۔ تاکہ کفّار کو دور رخ کیطرف لے جانے کی کمان اس کے ہاتھ میں رہے۔ اور گنہگاروں کے لئے وہ عصار کا کام دے۔ تاکہ جب ان میں سے کوئی پھسل جائے۔ تو اس فعل کو ابلیس کی طرف منسوب کر کے یہ کہے۔ اِنَّمَا اسْتَزَلَّهُمُ الشَّيْطٰنُ (بے شک ان کو شیطان نے بہکایا) اور اگر کوئی کار بد کرے۔ تو اس کو منسوب الی الشیطٰن کر کے یہ کہے۔ هٰذَا مِنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ (یہ کام شیطان کا ہے)

جب آدمؑ و ابلیس سے خدا تعالیٰ کی نافرمانی سرزد ہو گئی۔ هٰذَا يَتْرُكُ مَا اَمَرَ رَبُّهٗ وَذَاكَ يَفْعَلُ مَا نُهِيَ عَنْهُ (ابلیس نے تو امرِ الٰہی سے روگردانی کی اور آدم علیہ السلام سے وہ فعل سرزد ہوا جس سے انہیں منع کیا گیا تھا) تو اس معاملے میں قضا و قدر نے ان دونوں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کر دیا۔ کیونکہ یہ بات ازل سے مقدر ہو چکی تھی۔ کہ خود ہی امر کرے گا۔ اور اس کا ارادہ اس کے امر کے خلاف ہوگا۔ امر کے ماحصل کو ارادے نے چھین لیا۔ جب دونوں سے نافرمانی سرزد ہو گئی۔ تو ابلیس کو یہ حکم ہوا۔ کہ وہ حد سے آگے نہ بڑھے پس اس نے وہیں ڈیرہ جمالیا اور برعکس اس کے آدم علیہ السلام جنّت کے مشتاق ہو کر اسے دن رات یاد کرنے لگے۔ اپنے کئے پر سخت نادم ہوئے۔ اور نادمین میں ہم نشین ہو کر۔ رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا الخ (اے رب ہمارے ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا) کے نعرے بلند کرنے لگے اور قربِ الٰہی کی بشارت دینے والے نے غم کے دور ہو جانے کی خوشخبری فَتَلَقّٰى اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ (پس اللہ تعالیٰ نے اپنے کلمات سے چند کلمے القا فرمائے اسنائی۔

پس ابلیس کی یہ حالت ہوئی کہ لعنت کے بے لگام گھوڑے اس کی طرف دوڑے اور انہوں نے اسے ملعونیّت اور شیطنیّت کی خبر دی اور اس کو جنّت سے ذلیل کر کے نکالا گیا۔

marfat.com

بعد ازاں فرمایا اس (جنت) سے نکل جاؤ اور مزید فرمایا "اِھْبِطُوْا" (یہاں سے اتر جاؤ) ۔ تو آدم علیہ السلام بہت گھبرائے اور قریب تھا کہ شدتِ اضطراب سے ان کے ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتے ۔ عرض کی ۔ اے میرے مولا ۔ ایک طرف تو میرے لئے نافرمانی کی تلخی تہنم سے جرعہ نوش ہے اور اس پر طرّہ یہ کہ ہبوط کے حکم سے مجھے ناامیدی کی آگ میں بھی دھکیل دیا گیا ہے ۔ جواب ملا کہ کوئی بات نہیں ۔ اب تو تو دو گروہوں کے الگ الگ راستوں کے موڑ پر ملے گا فَرِیْقٌ فِی الْجَنَّۃِ وَفَرِیْقٌ فِی السَّعِیْرِ (ایک گروہ جنت میں جائیگا ۔ اور ایک دوزخ میں) پس آدم علیہ السلام جنت سے دائیں طرف چل دیئے اور ابلیس بائیں طرف اور اس طرح ابلیس اصحاب الشمال کا اصل بن گیا ۔ کیونکہ آدم و ابلیس دونوں جنت میں اکٹھے اور ایک ساتھ رہے تھے ۔ پس صحبت کا اثر ہوا ۔ مزید برآں جنت میں آدمؑ کی معیت میں ابلیس نے سیر و تفریح بھی کی تھی ۔ اس طرح آدمؑ انسانؑ میں شمائیت (شر) کا اثر جاری و ساری ہو گیا ۔

اب جو انسان اپنے اصل یعنی آدم علیہ السلام کی صلب میں بائیں طرف تھا ۔ وہ تو ابلیس کے کامل اثر سے کافر ہو گیا ۔ ابلیس نے ان کو ان کی قربت کی بدولت اپنا مطیع بنا لیا ۔ اور جو لوگ اپنے اصل یعنی آدم علیہ السلام کی پشت میں دائیں جانب تھے ، وہ نورِ معرفتِ آدمؑ کی بدولت ظلمتِ ابلیس سے محفوظ رہے ۔ ابلیس کی دوری کی وجہ سے ان پر بالکل اثر نہ ہوا ۔ اور ان کے جواہر کے انوار و معارف اثرِ ابلیس سے محفوظ رہے ۔ البتہ اس قلیل صحبت اور ہمسائیگی کا اثر اصحاب الیمین پر بھی ہو گیا ۔ جس کی وجہ سے ان سے بھی گناہ سرزد ہو جاتے ہیں اور یہ شیطان کا انسان کی بائیں طرف ہمسایہ رہنے کا اثر ہے ۔

اور سمجھ لینا چاہیئے کہ اس کے شر کا دوسرا سبب و اصل یہ بھی ہے کہ جب عزرائیل علیہ السلام کو خمیر آدمؑ کے لئے مختلف مقامات سے مٹی جمع کرنے کا حکم ہوا ۔ اور اس کام کے لئے وہ زمین پر نازل ہوئے تو اس وقت ابلیس زمین پر رہتا تھا اور اور اللہ تعالیٰ نے اسے

marfat.com

گروہ ملائکہ کی معیت میں زمین پر اپنا خلیفہ متعین کیا ہوا تھا۔ اور عبادت الٰہی کے لئے اُس نے زمین پر عرصۂ دراز تک زندگی بسر کی تھی۔ جب عزرائیل علیہ السلام نے حسب حکم تمام روئے زمین سے تھوڑی تھوڑی مٹی جمع کر لی۔ چونکہ ابلیس اس مٹی کو اپنے پاؤں تلے روندا کرتا تھا۔ بایں وجہ جب آدم علیہ السلام کی مٹی کو گوندھ کر اس سے صورت آدم بنائی گئی۔ اور تخلیق نفس کا موقعہ آیا تو نفس کو ابلیس کے قدموں کے نیچے روندی ہوئی مٹی سے تیار کیا گیا۔ اور دل کو اس مٹی سے تیار کیا گیا جو روندنے سے محفوظ رہی تھی۔

لہٰذا ابلیس کے قدموں سے لگی ہوئی مٹی سے نفس نے خبث اور اوصاف ذمیمہ کا اکتساب کیا۔ یہیں سے ہی نفس شہوات کی آماجگاہ بن گیا۔ پس نفس پر ابلیس کا غلبہ وعیش اس مٹی کو پائمال کرنے کی بدولت تھا۔ یہیں سے ابلیس نے اپنا تجبر ظاہر کیا اور کہا کہ میں اسے سجدہ کروں جو میری پائمال کی ہوئی مٹی سے بنایا گیا ہے۔

اور اسی لئے اس نے اس وقت اپنے عنصر کے جوہر یعنی آگ کی طرف نظر کرکے تکبّر کا دعویٰ کیا۔ اور ساتھ ہی وہ مائل بتکبر ہو گیا۔ اس بارے میں اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔ یَآاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّیْطٰنِ (اے لوگو جو ایمان لائے ہو، شیطان کے قدموں کے نیچے سے پیدا کی گئی چیز (نفس) کی پیروی نہ کرو۔

باب سیزدہم

فیضانِ محمدیؐ

جاننا چاہیئے اصل بات یہ ہے کہ جب شجرۃ الکون نے ظہور پکڑا تو اس سے تین شاخیں نمودار ہوئیں۔ ایک شاخ ذات الیمین۔ دوسری ذات الشمال اور تیسری مستقیم قویم جو شاخ سابقین قرار پائی۔

اور روحانیت محمدیؐ صلی اللہ علیہ وسلم نے تینوں شاخوں اور ان کے متعلقات کو ان کی

marfat.com

استعداد کے مطابق مستفیض فرمایا۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ (ہم نے آپ کو (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) سارے جہانوں کیلئے رحمت بنا کر بھیجا ہے)۔

پس اصحاب الیمین نے ہدائتِ روحانی۔ اتباعِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم۔ عمل بالسنۃ اور شریعتِ مطہرہ کا حظ اٹھایا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِيَّ الْاُمِّيَّ (وہ لوگ جو رسول نبی اُمّی کی پیروی کرتے ہیں) اور سابقون نے روحانی قربت۔ ذاتی زلفت اور خصوصی صحبت سے استفادہ فرمایا۔ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ ج وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا (پس جو لوگ اِن لوگوں یعنی نبیوں۔ صدیقین، شہداء اور صالحین جن پر اللہ تعالیٰ نے انعام کیا کے ساتھ ہونگے اور یہ بہت اچھے ساتھی ہیں)۔

اور اصحاب الشمال کو آپ کی سدحانیت سے یہ حصہ ملا کہ دنیا میں ان کو حمائت حاصل ہوئی اور وہ فوری سزا سے بھی پرامن رہے۔ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ (اور اللہ تعالیٰ کی یہ شان نہیں کہ وہ کفار کو اس حالت میں سزا دے کہ آپ ان میں تشریف رکھتے ہوں۔

باب چہاردہم

مقامِ محمدیؐ

پس جب آپ عالمِ مثال سے عالمِ وجود میں جلوہ فگن ہوئے۔ تو شجرۃ الکون میں آپ کے وجودِ اقدس کی شاخِ مستقیم تویم ظاہر ہوئی اور پس جب اس شاخ کی بنیاد مضبوط ہو گئی تو اس سے فرع ظاہر ہوئی۔ اور آپ کی سیاست کے متولی نے یوں ندا کی فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ (پس جیسا کہ تجھے حکم دیا گیا۔ اسی پر قائم رہ) پس آپ کی شان استقامت اور آپ

marfat.com

کا مرتبہ دار المقامہ ٹھہرا۔ مرتبہ استقامت پانے کے بعد آپ کونین سے فارغ ہوئے۔ اور آپ اِس مقام سے دوسرے مقام میں منتقل ہوتے ہوئے اس منزل دنیا میں جلوہ افروز ہوئے۔ آپ کا

مُقامِ اوّل:۔ یہ دنیا میں آپ کے وجود مقدس کا مقام ہے۔ چنانچہ فرمایا یٰاَیُّھَا المُدَّثِّرُ قُمْ فَانْذِرْ (اے چادر اوڑھنے والے اٹھ اور لوگوں کو عذاب سے ڈرا)

مُقامِ ثانی:۔ آخرت میں آپ مقامِ محمود سے مشرف ہوں گے۔ اللہ تعالےٰ فرماتا ہے عَسٰی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا (قریب ہے کہ تیرا رب تجھے مقامِ محمود میں اٹھالیگا۔

مُقامِ ثالث:۔ جنت میں آپ مقامِ خلود سے نوازے جائیں گے۔ اس بارے میں فرمایا۔ اَلَّذِیْ اَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَۃِ مِنْ فَضْلِہٖ (وہ ذات جس نے ہمیں اپنے فضل سے دار المقامہ (دار الخلود) یعنی جنت میں بسایا۔

مُقامِ رابع:۔ چوتھا مقام شہود ہے۔ یہ رویتِ حق کے لئے مخصوص ہے اور اُسے مقام قابَ قوسین بھی کہتے ہیں۔ چنانچہ فرمایا۔ ثُمَّ دَنٰی فَتَدَلّٰی فَکَانَ قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰی (پھر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بارگاہِ صمدی کے قریب ہوئے اور راہ پائی۔ پس آپؐ اللہ تعالیٰ سے دو کمانوں کے باہم ملنے کے اندازے سے یا اس سے بھی زیادہ قریب ہو گئے)

لہٰذا آپ کی شخصیت دنوّ و علو و شہود کے ساتھ مخصوص ہو گئی۔ کیونکہ تمام کائنات کا مقصود آپ ہی ہیں۔ بایں ہمہ اگر وجود کو شجر تسلیم کیا جائے تو آپؐ اس کے ثمر و جوہر ہونگے پس ثمر دار درخت ثمر میں موجود دانے کی وجہ سے پُر ثمر ہوتا ہے اور اسی دانے سے ہی اس کا اصل پھوٹتا ہے۔ اور جب اس دانے کو زمین میں بوکر اسے مناسب غذا و پرورش فراہم کی جائے تو پھر اس سے ایک درخت نکلے گا اور اس سے شاخیں اور پتے نمودار ہونگے اور ہر شاخ سے اور شاخیں نکل کر پھلدار ہونگی۔ اب جب ہم اس پُر ثمر درخت کو دیکھیں گے تو اسی بیج کا بچہ یہ ذہن نظر آئے گا۔ جس سے یہ درخت پیدا ہوا تھا۔

marfat.com

دانہ شروع میں مانند نطفہ ہوتا ہے۔ پھر وہ بشکل شجر ظاہر ہوتا ہے۔ اور بعد ازاں وہ درخت دانے کو نئے رنگ میں ظاہر کرتا ہے۔ پس اسی طرح آپؐ کے بطون کو آپ کے سابق معنیٰ اور اخفیٰ کے طور پر شمار کیا جائے گا۔ اور آپ کے ظہور کو آپ کی صورتِ لاحقہ اور شہرت کی صورت میں سمجھا جائیگا۔ آپ کے اس قول مبارک کا بھی یہی مطلب ہے۔ یعنی کُنْتُ نَبِیًّا اٰدَمُ بَیْنَ الْمَآءِ وَالطِّیْنِ (میں اس وقت بھی نبی تھا جب آدم علیہ السلام مٹی اور پانی کے درمیان تھے۔

لہذا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی اس درخت کی صورت و معنیٰ کے مظہر ٹھہرے پس آپ ہمیشہ زبان قدیم میں مذکور اور قرطاس عدم میں منشور ہیں۔ اس کی مثال اس طرح ہے جیسے کوئی تاجر اپنے بستر اور خزانے میں تہہ بہ تہہ اوپر نیچے ترتیب وار رکھ دے۔ اب جو کپڑا اس نے سب سے پہلے رکھا تھا۔ وہ سب سے آخر میں نکلے گا۔ اس طرح حضرت سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم وجود میں سب سے اوّل اور ظہور میں سب سے آخر ہیں۔

جب تقدیر کے مقصار نے شاخِ محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کی حکومت و سیاست کو اپنے ہاتھ میں لیا۔ اور اسے جوہر احسان کی غذا سے اور شراب محبت کے پیالے سے مستفیض فرمایا۔ اور نازک حالت میں اس کی حفاظت کی اور وہ کثرت و فراوانی سے لہلہانے لگی۔ اور اس کی خوشبوؤں سے گلشن ہستی معطر ہو گیا پس یہ خوشبوئیں عارفین کی ارواح کیلئے غذا مومنین کی نظروں کا نور۔ محبوں کے آستاں کا پر خوشبو سبزہ۔ عاصیوں کی مجلس کی بساط تشنہ لب گناہگاروں کی فریاد بن گئی اور اگر کبھی اصحاب الشمال کی طرف سے خطاؤں کی باد سموم یا گناہوں کی بادِ صرصر چلنے لگے۔ تو وہ شاخ جس کو اللہ تعالیٰ نے بطریق احسن نشو و نما فرمایا ہوتا ہے۔ وہ بھی مائل بشمائل ہو کر برے عمل کی طرف راجع ہو جاتی ہے۔ بداعمالی کی طرف رجوع کرنے سے اس کی سبزی تو متاثر ہوتی ہے۔ لیکن اس کا اصل ارضِ ایمان میں مضبوط و مستحکم رہتا ہے۔ مگر جو نقصان شاخ میں بصورت تبدیلی ہوتا ہے۔ اگر گنہگار شخص توبہ کے

marfat.com

ذریعے اِس کا تدارک کرے۔ تو (بھٹکی ہوئی) شاخ پھر طریقۂ مستقیم کی طرف مائل ہو جاتی ہے۔ اور ماءِ استغفار نوش کر کے وہ دوبارہ سرسبز و شاداب ہو جاتی ہے۔ اس طرح اس کا گناہ معاف کر دیا جاتا ہے۔ اب وہ شاخ طریقۂ استقامت پر سرسبز رہتی ہے۔ پریشانی کے بعد دوبارہ اس کے ایمان کی شاخ چمک اٹھتی ہے۔ اور شفیع و صادق حبیب جس کے بارے اللہ تعالیٰ قسم کھاتا ہے وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَ مَا غَوٰى (قسم ہے ستارے کی کہ جب وہ گرتا ہے۔ کہ تمہارے صاحب (حضرت سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم) نہ گمراہ ہوئے اور نہ ہی سرکش اکھڑا ہوتا ہے۔

اور یہ بات بھی قابلِ ذکر ہے کہ بے شک شاخِ محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کی نیت کی روحانیت سے مادۂ ارواح اور اس کی جسمانیت سے مادۂ اجسام حاصل کیا گیا ہے۔

بابِ پنجم

سِرِّ روحِ محمدی صلی اللہ علیہ وسلم

آپ کے مادۂ روحانیہ کے جود و کرم کا اشارہ اس آیت کریمہ میں واضح کیا گیا ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الخ سے آگے لفظ "مِصْبَاحٌ" آتا ہے مِصْبَاح سے نورِ محمدی صلی اللہ علیہ وسلم مراد ہے۔ اور مصباح کو مشکوٰۃ الوجود قرار دیا گیا ہے۔ پس کائنات کو مشکوٰۃ کے ساتھ تشبیہہ دی گئی ہے۔ اور آقا و مولا سرکار دو عالم کے زجاجہ (شیشے) کے ساتھ تعبیر کیا گیا ہے۔ آپ کے قلب کے نور کو مصباح سے تشبیہہ دی گئی ہے۔ پس آپ کا نورِ باطن آپ کے ظاہر پر اس طرح چمکا۔ جس طرح مصباح زجاجہ میں تاباں ہے۔ لہٰذا نورِ مصباح مانندِ نار ہو گیا اور زجاجہ کی صفائی کی بدولت وہی نار نور بن گئی اور ہر مخلوق نے اپنی استعداد۔ اتباع صحبت اور عمل بالشریعہ کے مطابق حظ اٹھایا۔ اس کی تائید میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ وَاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ

marfat.com

مَآءً بِقَدَرٍ (اور اس نے ایک انداز ے کے مطابق آسمان سے پانی اتارا) کیونکہ اس آئت مبارکہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو پانی کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے جو آسمان سے ایک انداز ے سے اترتا ہے ۔ جس طرح پانی ہر چیز کی زندگی کا سبب ہے ۔ اسی طرح آپؐ کا نورِ پاک ہر ایک قلب کے لئے باعث حیات ہے ۔ اور وجود باجود ہر چیز کے لئے باعثِ رحمت ہے ۔ پھر آپؐ کے نورِ مقدّس سے لوگوں پر منفعتیں ظاہر ہوئیں اور مذاہب کے ذریعے اِن کو آپ کی برکات سے جو بھی میسر آیا ۔ پس اس نے دلوں کو بڑوں چھوٹوں اور اعلیٰ وادنیٰ کے لئے اس کی وادیاں بنایا ۔ اور ہر وادیٔ قلب نے اپنی استعداد کے مطابق اس پانی کی مقدار کو جو سیل کی طرح اس کی طرف رواں تھا برداشت کیا ۔ قَدْ عَلِمَ کُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ (ہر ایک گروہ نے اپنے اپنے گھاٹ کو پہچان لیا) پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جسمانیت کو اس جھاگ کے ساتھ تشبیہ دی گئی جو صاف پانی کے اوپر ہوتی ہے اور جلدی زائل ہو جاتی ہے ۔ اسی طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جسمانیت یعنی آپ کی ظاہری کیفیت مثلاً کھانا ۔ پینا ۔ نکاح کرنا ۔ لوگوں کے ساتھ ان کے احوال وافعال میں شریک ہونا سب زائل ہو گیا ۔ اور جو چیزیں لوگوں کو نفع دینے والی تھیں یعنی آپ کی نبوت و رسالت وحکمت وعمل ومعرفت وشفاعت اب تک زمین پر باقی ہیں ۔ اور اسی طرح (ابدالآباد تک) رہیں گی ۔ اسی طرح آپؐ کی ولادتِ مبارکہ میں بھی یہی حکمت ہے ۔ کیونکہ آپ کو کثیف ولطیف مادوں سے پیدا کیا گیا ہے تاکہ آپ کامل الخلق اور کامل الوصف ہو جائیں یعنی اللہ تعالیٰ نے آپ کو ضدّین یعنی روحانی وجسمانی دو نوعیتوں میں تخلیق کیا ۔

آپ کو بشری اور جسمانی حالت اس لئے عطا فرمائی گئی تاکہ آپ بشر سے ملاقات کریں اور صورتوں کا جائزہ لے سکیں ۔ اور آپ میں ایک ایسی طاقت رکھی گئی ۔ جس کی بدولت آپ بشر سے ملاقی ہو کر مادہ بشریّت کے ذریعے اس کی امداد کریں ۔ اور

marfat.com

اِن کے ساتھ شیر و شکر ہو جائیں۔ اور آپ انہیں میں گھل مل جائیں۔ چنانچہ فرمایا اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُکُمْ (سوائے اس کے کچھ نہیں کہ میں بھی تمہاری طرح بشر ہوں) یعنی تمہاری جنس سے ہوں اور تمہاری طرح کھاتا پیتا ہوں کیونکہ اگر آپ اپنی روحانی۔ ملکی اور نورانی ہیئت میں ان کی طرف تشریف لاتے۔ تو آپ کی قربت کی کوئی بھی استطاعت نہ رکھتا۔ اور نہ ہی آپ کے سامنے آسکتا۔ بایں وجہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ (بے شک تمہارے پاس تمھیں میں سے رسولِ پاک تشریف لائے)

پھر آپ میں قوّتِ روحانی ظاہر فرمائی۔ اِس کے ذریعے آپؐ عالم الروحانیں اور ملکوت العلوّیین کا سامنا فرماتے تھے۔ گویا اس کا مقصد یہ تھا کہ آپ کی برکت و رحمت مکمل ہو جائے اور روحانی لوگ آپؐ کی بشریّت کا مشاہدہ بھی کر سکیں۔

پھر آپؐ میں تیسرا وصف جو پہلے دونوں سے بالکل الگ تھا ظاہر فرمایا یعنی آپ میں وصفِ ربّانی اور سرِّ الٰہی کو ہویدا فرمایا تاکہ آپؐ صفاتِ ربوبیّت کے تجلّی کے وقت ثابت قدم رہیں اور حضرتِ الٰہیہ کے مشاہدے کی طاقت رکھ سکیں۔ انوارِ فردانیت کے اسرار کو پاسکیں۔ اشاراتِ قدسیہ کے خطاب کو سن سکیں۔ نفحات الرحمانیہ کے عطر کو سونگھ سکیں۔ اور تابان و شیریں مقامات کی طرف عروج فرماسکیں۔ اور آپؐ کے قول کے بھی یہی معنیٰ ہیں۔ اِنِّیْ لَسْتُ کَاَحَدٍ مِّنْکُمْ (میں تمہاری طرح نہیں ہوں) نیز فرمایا۔ لِیْ وَقْتٌ لَا یَسَعُنِیْ فِیْہِ غَیْرُ رَبِّیْ سُبْحَانَہٗ (میرے لئے ایک ایسا وقت ہے۔ جس میں میرے اللہ سبحانہٗ تعالیٰ کے سوا کسی کو کوئی گنجائش نہیں ہوتی) پس یہ ایک ایسا مقام ہے جو صرف حضور سرکارِ دو عالم صلّی اللہ علیہ وسلّم کے ساتھ ہی مختص ہے۔ کوئی مقرب فرشتہ اور نبی و مُرسل اس مقام تک پہنچ نہیں پاتے۔ اس پیالے کو سوائے آپ کی عروسِ آراستہ کے کوئی بھی چکھ نہیں سکتا۔ اور یہ مقام صرف اور صرف آپ کیساتھ ہی مخصوص ہے۔ جو ان مذکورہ چار مقامات میں سے ایک ہے۔ باقی تین مقامات

marfat.com

دوسری مخلوق کے لئے کرامت کا درجہ رکھتے ہیں۔ تاکہ ہر ایک انسان اپنی قسمت کے مطابق حظ اٹھائے۔ رہا مقام محمود تو وہ عالم صورت کے ساتھ مخصوص ہے اور عالم صورت کا دنیا میں عالم ملک سے تعلق ہے۔ پس وجود آپ کی طمانیت اور آپ کی رسالت و نبوت کی برکت سے انہیں نوازتا ہے۔ وَمَآ اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ (ہم نے آپ کو سارے جہانوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا) اور آپ کو یٰاَیُّھَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَیْکَ مِنْ رَّبِّکَ (اے رسولؐ جو آپؐ کی طرف اتارا گیا۔ وہ لوگوں تک پہنچا دے) کے منبر پر جلوہ فگن فرمایا گیا۔

پس آپ دعوت میں لوگوں کے مجیب۔ نصیحت میں اُن کے خطیب، بے چینی میں ان کے طبیب اور محبت میں ان کے نصیب ہیں۔ اور یہ مقام اہلِ دنیا کے ساتھ مخصوص اور رہا دوسرا مقام جو مقام محمود ہے جس کا تعلق قیامت کے ساتھ ہے۔ پس یہ مقام ملاء اعلیٰ کا نصیب ہے۔ وہ آپؐ کے مقام کی برکت اور جمالِ اقدس کے مشاہدہ اور آپ کے کلام مبارک کے سماع کی بدولت اس مقام تک رسائی حاصل کریں گے۔ یَوْمَ یَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِکَۃُ صَفًّا لَّا یَتَکَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَہُ الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا۔ (یاد کر اس دن کو جب رُوح الامینؑ اور فرشتے صف بستہ کھڑے ہونگے اس وقت صرف رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم کو ہی کلام و خطاب کرنے کی اجازت ملے گی۔ لہٰذا آپ خطبہ دینے کے لئے کھڑے ہو جائیں گے۔ اس وقت فرشتے آپ کے سامنے صف بستہ کھڑے ہونگے۔ اور ساری مخلوق وہیں موجود ہو گی۔ آپؐ اپنے خطبے کا آغاز اپنی اُمّت کی شفاعت کے ذکر سے فرمائیں گے اور میری امّت میری امّت کی ندا فرمائیں گے تو جواب ملے گا میری رحمت۔ میری رحمت۔

تیسرا مقام، مقامِ شہود ہے۔ جو دارالخلود (جنّت) میں ہو گا۔ تاکہ اہل جنّت

marfat.com

پ کے مشاہدے سے مشرف ہو سکیں۔ آپ کے دیدار عالی مقام سے
وریں بہرہ ور ہو سکیں اور قصورِ جنت آپ کی تشریف آوری سے معظم ہو جائیں
ور آپ کے قدوم میمنیت لزوم سے مسرت پیدا ہو اور نورِ جنت میں بہار آ جائے
ور آپ کی تشریف آوری سے تمام حجابات رفع ہو جائیں اور شرور و فتن ختم
ہو جائیں۔

چوتھا مقام مقامِ رویتہ المعبود ہے جسے مقام قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰی
بھی کہتے ہیں۔ جو آپ کے لئے ہی مخصوص ہے۔ گویا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم
شجرۃ الکون کا ثمر۔ صدفِ وجود کے موتی اور سرّ اور کلمۂ کُن کے معنیٰ ہیں۔ ذاتِ
باری تعالیٰ کے لئے صرف درخت کا وجود ہی مطلوب نہ تھا۔ بلکہ فی الحقیقت
درخت مقصود تھا۔ لہذا شجرۃ الکون کی حفاظت و پرورش ثمر کی فراہمی اور اسکے
پھولوں کی شگفتگی کے لئے مختص تھی۔ پس اس کی مراد یہی تھی کہ جب ثمر کو ثمر
رکھنے والے کے سامنے پیش کیا جائے۔ اور اسے عروسِ حضرت القربۃ کے
پاس پہنچایا جائے تو ندیم بارگاہِ کبریا بھی اس کے جلوے سے بہرہ یاب ہوں۔

باب شانزدہم

سرّ معراج محمدی صلی اللہ علیہ وسلم

پس ایک رات آپ سے کہا گیا کہ اے ابو طالب کے دُرِّ یتیم اٹھئے۔ کیونکہ
ب ایسی ہستی تیری دید کی طالب ہے۔ جس نے تیرے لئے جواہر کا ذخیرہ اکٹھا
کر رکھا ہے۔ پھر آپ کی طرف مالکِ حقیقی کا خاص خادم بھیجا گیا۔ جب وہ حاضر
خدمت ہوا۔ تو اس وقت آپ بستر پر آرام فرما رہے تھے۔ اور قاصد نے آپ کو
بیدار فرمایا۔ آپ نے قاصد جبرائیل امین سے فرمایا کہ تم کہاں سے آئے ہو۔

marfat.com

انہوں نے عرض کی اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اٹھیئے اس وقت مجھے اَیْنَ (کہاں) کی خبر
اور نہ ہی اس کی ضرورت ہے۔ بلکہ میں اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں۔ اور آپ کی خ
میں جملہ خدام کے ہمراہ بھیجا گیا ہوں۔ اور ہم اللہ کے حکم کے بغیر نازل نہیں ہوتے۔
آپؐ نے جبرائیل علیہ السلام سے فرمایا کہ اے جبرائیل۔ بتائیے کہ میرے بلا
کا کیا مقصد ہے۔ جبرائیل امینؑ نے جواب دیا کہ آپ ارادۂ الٰہی کی مراد اور مقصودِ
ایزدی ہیں۔ تمام عالمِ کون آپ کے لئے ہے اور اللہ تعالیٰ آپ کی مراد ہے
آپ کائنات میں برگزیدہ شخصیت اور آپ جام محبت کی شرابِ طہورہ
آپ دُرِّ صدف۔ ثمرِ شجر۔ شمس المعارف۔ بدر اللطائف ہیں۔ صرف آپ کے رفع
مقام کی خاطر اس دارالدنیا کو بنایا گیا ہے۔ اور یہ جمال کائنات صرف آپ کے و
کے لئے تیار کیا گیا ہے۔ اور جام محبت کو صرف آپ کے پینے کے لئے م
کیا گیا ہے۔ پس آپؐ اٹھیں کیونکہ یہ تمام دسترخوان آپ کی تکریمت کی خاطر
بچھائے گئے ہیں۔ اور ملاءِ اعلیٰ آپ کی تشریف آوری کی خوشخبری ایک دوسرے کو د
رہے ہیں۔ اور کرّوبیاں آپ کی آمد کی خبر سن کر مسرت وشادمانی سے ہجوم ر
ہیں۔ کیونکہ انہوں نے آپ کی روحانیت کا شرف حاصل کر لیا ہے۔ اور اب
آپ کی جسمانیت کے دیدار سے بھی حظ اٹھانا چاہتے ہیں۔ پس آپ نے
ملک کی طرح عالم ملکوت کو بھی اپنے فیوضات سے مشرف فرمایا۔ اور زمینِ بطحا
مانند آپ نے اپنے قدم مبارک سے سطحِ آسمان کو بھی بہرہ ور فرمایا۔
پھر آپؐ نے جبرائیلؑ امین سے پوچھا کہ ذاتِ کریم اس کے ساتھ کیا معاملہ
فرمائے گی۔ انہوں نے عرض کیا لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَ مَا
تَاَخَّرَ تاکہ اللہ تعالیٰ آپ کو پہلے اور پچھلے (اہلِ مکہ اور اہلِ مدینہ) کے الزامات
پاک فرما دے۔ آپ نے فرمایا: یہ تو میرا انعام ہے۔ میرے عیال واطفال کیلئے

marfat.com

یا الغام ہے۔ فَاِنَّ شَرَّ النَّاسِ مَنْ اَکَلَ وَحْدَہٗ (کیونکہ سب سے بُرا شخص وہ ہے جو اکیلا کھاتا ہے) ۔ جبرائیل علیہ السلام نے فرمایا۔ وَلَسَوْفَ یُعْطِیْکَ رَبُّکَ فَتَرْضٰی (اللہ تعالیٰ تجھے اتنا عطا فرمائے گا۔ کہ آپ اس پر راضی ہو جائیں گے۔

پھر آپؐ نے رُوح الامین سے فرمایا۔ اب میرا دل خوش ہو گیا ہے۔ چلیئے اب میں اپنے رب کی طرف فرحاں و شاداں چلتا ہوں۔ پس براق پیش کی گئی۔ آپ نے فرمایا کہ یہ میرے لئے ہے۔ نہیں جبرائیلؑ نے فرمایا۔ یہ عشاق کی سواری ہے۔ آپؐ نے فرمایا۔ میرا شوق میری سواری۔ میری آرزو میرا زادِ راہ اور میری رات میری دلیل ہے۔ میں صرف انہیں کے ذریعے ذاتِ کریم تک پہنچوں گا۔ یہی چیزیں مجھے اس کا راستہ بتائیں گی۔ بتائیے جس شخص نے اس کی محبت کے بوجھوں اور اس کی معرفت کے پہاڑوں اور اس کی امانت کے رازوں کو جس کے اٹھانے سے زمین و آسمان اور پہاڑ قاصر رہے ہوں۔ اٹھایا ہوا ہو۔ بھلا یہ کمزور و ناتوان حیوان براق اس کا بوجھ کیسے برداشت کر سکتا ہے۔ اے جبرائیل تو ہی بتا کہ تو مجھے اس کا راستہ کیسے بتائے گا۔ کہ تو تو سدرۃ المنتہیٰ تک کا راہی ہے۔ میں ذات لامنتہیٰ کا محضور ہوں۔ اے جبرائیل تیری مجھ سے کیا نسبت ہے جبکہ میرا اپنے رب کے ساتھ ایک ایسا وقت بھی ہے۔ جس میں کسی دوسرے کی گنجائش نہیں ہے۔ جب میرے محبوب (اللہ تعالیٰ) کی شان لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ ہے۔ تو میں بھی تمہاری طرح نہیں ہوں۔ سواری تو مسافت کو طے کرنے کے لئے اور رہبری جہات کا راستہ بتانے کے لئے ہوتی ہے۔ اور یہ باتیں حوادث کا محل ہیں میرا محبوب حوادث و جہات سے منزہ و مبرا ہے۔ اس کی طرف کوئی بھی حرکات سے (چل کر) نہیں جا سکتا۔ اس کے راستے کی منازل کی راہنمائی اشارات سے ناممکن ہے۔ جس نے دنیائے معانی کو پہچان لیا۔ گویا اس نے میرے معادن کا کھوج

marfat.com

لگالیا۔ اے جبرائیل چلیئے۔ میرا قرب اس کے ساتھ وَاِذْ قَابَ قَوْسَیْنِ
اَدْنٰی ہے۔ اس سے روح الامین پر جلال وہیبت طاری ہوگئی۔ اور وہ آپؐ
حضور عرض کرنے لگا کہ مجھے تو صرف آپ کی خدمتگزاری اور حاشیہ برداری
لئے بھیجا گیا ہے۔ اور براق کو آپؐ کی مکرمت کے اظہار کے لئے حاضر کیا گیا
کیونکہ بادشاہوں کی یہ عادت ہوتی ہے۔ کہ جب وہ اپنے حبیب کی ملاقات
مقرّب کی دعوت فرماتے ہیں۔ تو ان کی عزت وتکریم کے ظہور کے ارادے
عملی جامہ پہنانے کے ان کی طرف خاص خدام اور عمدہ سواریاں بھیجتے ہیں۔ تا
وہ ان پر سواری کریں۔ لہٰذا ہم بھی آپ کی خدمتِ اقدس میں بادشاہوں کی عادا
اور راستوں کے آداب کو پیش نظر رکھ کر حاضر ہوئے ہیں۔ اور جو شخص یہ گما
کرے کہ وہ اللہ کی طرف قدموں سے چل کر پہنچ سکتا ہے۔ وہ خطا پر ہے
جو انسان یہ سمجھے کہ وہ ذلت پردوں میں پوشیدہ ہے تو وہ عطائے الٰہی سے
محروم ہے۔

یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ملاءِ اعلیٰ آپ کے انتظار میں ہیں اور جنت کے
دروازے وا کر دیئے گئے ہیں۔ اس کی فرودگاہوں کو مزین کیا گیا ہے۔ اس کی
حوروں کو سجایا گیا ہے۔ اس کے مشروبات کو مصفّیٰ کیا گیا ہے۔ تمام فرحتیں آپ
کے قدوم میمنت لزوم کیلئے اور تمام مسرتیں آپ کے ورودِ مسعود کی بدولت
منائی جارہی ہیں۔ یہ رات آپ ہی کی رات ہے۔ اور یہ سلطنت صرف آپ ہی
کے لئے ہے۔ اس رات کی تخلیق سے ہی میں آپ کا منتظر ہوں۔ بس نے بے حیلہ
آپؐ کو اپنا وسیلہ بنالیا ہے اور اپنے وسیلے کو منقطع کرلیا ہے۔ میں اس باب
میں عقل سے بیگانہ فکر سے غافل اور سر سے سرگشتہ ہوں۔ جانسوزی میں مشغول ہوا
غمی و دلخراشی بہت بڑھ چکی ہے۔ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم! میری حیرت نے

marfat.com

مجھے اس کے ازل و ابد کے میدانوں میں ڈال دیا ہے۔ پس جب میں نے میدانِ اوّل یعنی ازل کا چکر لگایا۔ تو میں اس کی ابتدا کو معلوم کرنے سے قاصر رہا۔ اور جب میں نے دوسرے میدان کی طرف رجوع کیا اور دیکھا کہ اس کا آخر اس کا اوّل ہی نکلا۔ پھر میں رفیق اعلیٰ کی جستجو کے لئے رفیق سفر کا متلاشی ہوا۔ دورانِ سفر میکائیل علیہ السلام سے ملاقات ہوئی۔ تو اُس نے کہا تو کہاں کا قصد کئے ہوئے ہے۔ یہ راستہ مسدود ہے۔ اس کے دروازے وغیرہ مغلق ہیں۔ وہ معدود زمانوں میں نہیں سما سکتا۔ اور نہ ہی محدود مکانوں میں موجود ہے۔ میں نے پوچھا۔ اے میکائیل تیرا اس مقام پر ٹھہرنے کا کیا مقصد ہے۔ اس نے جواب دیا کہ میں سمندروں کے پانیوں کی مقادیر کی پیمائش۔ بارشوں کے نزول اور اسے اقطارِ عالم میں ترسیل کرنے میں مشغول ہوں۔ مجھے اس بات کا تو علم ہے کہ کڑوے اور کھارے پانی کے دریاؤں کی کتنی وسعت ہے اور وہ کتنی جھاگ پیدا کرتے ہیں۔ مگر میں نمائتِ احدیت اور تعدادِ فردیت کے علم سے بے بہرہ ہوں۔

پھر میں نے اس سے سوال کیا کہ حضرت اسرافیل علیہ السلام کہاں ہیں۔ اس نے جواب دیا۔ کہ ان کو مکتب تعلیم میں داخل کیا گیا ہے۔ وہ لوحِ محفوظ کی پیشانی ورخ کے صفحے کا مشاہدہ کر رہے ہیں۔ وہ اس سے مبروم و منقوص امور کو تحریر کر رہے ہیں۔ وہ چھوٹے بچوں کی طرح متعلم ہیں۔ جو لوح محفوظ کو پڑھ رہے ہیں ذَالِکَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ (یہ جاننے والے اور غالب کا اندازہ ہے) اور اسرافیل علیہ السلام زمانۂ تعلیم میں اپنے معلّم سے حیا کی وجہ سے اپنے سر کو اوپر نہیں اٹھاتے پس ان کی آنکھیں اوپر دیکھنے سے مقصور اور ان کا قلب فکر سے محشور ہے۔ وہ نفخۂ صور تک اسی حالت میں رہیں گے۔

بعد میں میں نے میکائیل علیہ السلام سے کہا چلیئے عرش مجید سے صراطِ حق

marfat.com

کے بارے میں پوچھیں۔ جو معلومات اس سے میسر آئیں اسے تحریر کریں جب عرشِ معلیٰ نے ہماری گفتگو کو سُنا۔ وہ خوشی سے جھومنے لگا۔ وہ کہنے لگا لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ وَلَا تَحَدِّثْ بِهٖ جَنَانَكَ (اس باب میں تو اپنی زبان کو مت ہلا۔ اور نہ اپنے دل میں اس بارے میں خیال کر) کیونکہ یہ ایسا راز ہے جو کبھی معلوم نہیں ہو سکتا۔ اور یہ ایک ایسا پردہ ہے جس کے وراء کوئی دروازہ نہیں کھلتا۔ یہ ایک ایسا سوال ہے جس کا کوئی جواب نہیں۔ میں کون ہوں جو اس بارے میں لب کشائی کروں۔ اور اس کا پتہ لگا سکوں۔ کہ وہ کہاں ہے۔ میری حقیقت صرف یہ ہے کہ میں دو حرفوں کی پیداوار ہوں اور کل میں بے نشان تھا۔ پھر اُس نے مجھے دو حروف سے ظہور بخشا۔ بھلا جو چیز کل معدومِ محض مفقودِ صرف ہو۔ وہ ذات پاک کا کھوج کیسے لگا سکتی ہے۔ یا وہ اس کی معرفت رویت کیسے حاصل کر سکتا ہے جو ہمیشہ سے موجود تھا۔ اور نہ اس کا باپ اور نہ ہی اس کا بیٹا ہے۔ وہ استواء میں مجھ سے سابق ہے۔ اس کے غلبہ نے مجھے مقہور کیا ہوا ہے۔ اگر اُس کا استواء نہ ہوتا۔ تو میں مستوی نہ ہوتا۔ اور استیلائے ذات نہ ہوتا۔ تو میں کبھی ہدایت نہ پاتا۔ آسمان کی طرف اس کا استواء صرف اس وقت تھا۔ جب آسمان ابھی دخان تھا۔ پھر عرش پر اس کا استواء قیام برہان کی بدولت ہے۔ ورنہ مجھے اس کی عزت کی قسم کہ وہ مستوی تو ہے۔ لیکن میں یہ بات بالکل نہیں جانتا کہ کس چیز کے ساتھ اس کا استوا ہے بلحاظ قرب میں اور ثریٰ دونوں برابر ہیں جس پر وہ حادی ہے میں اس کا ادراک نہیں کر سکتا اور نہ ہی اس کے وسیع علم پر میرا احاطہ ہے۔ میں تو صرف اس کا ایک بندہ ہوں اور ہر غلام کو اس کی نیت کے مطابق حصہ ملتا ہے۔ آپ کے سامنے میں اپنی کہانی سناتا ہوں اور میں اس اندوہ کا شکوہ کرتا ہوں اور میں اس کی رفعتِ تکریم اور قوتِ قدرت کی قسم کھاتا ہوں کہ اس نے مجھے پیدا کر کے بحرِ احدیت میں غرق کر دیا اور ابدیت کے میدان میں سرگشتہ کر دیا۔ کبھی وہ مجھے ابدیت

marfat.com

کے مشرق سے طلوع کر کے مدہوش کر دیتا ہے۔ اور کبھی اپنے قرب کے موقفوں میں لا کر محبت کرتا ہے۔ اور بعض اوقات اپنی عزت کے حجابات میں پوشیدہ کر کے مجھے وحشت میں ڈال دیتا ہے۔ اور کبھی وہ اپنے لطف کی سرگوشیوں سے میری مناجات سن کر خوش ہو جاتا ہے۔ کبھی وہ جامِ محبت سے میرے ساتھ مواصلت کر کے مجھے مست بنا دیتا ہے۔ جب اس کا شوقِ دیدار مجھے ستاتا ہے تو جواب میں لَنْ تَرَانِی کی آواز سنتا ہوں۔ میں اس کی ہیبت سے پگھلنے لگتا ہوں۔

اور تجلئ عظمت کی بدولت مانند کلیم اللہ بے ہوش ہو کر گر جاتا ہوں اور جب میں وجدانی کیفیت سے باہر نکلتا ہوں۔ تو مجھے کہا جاتا ہے کہ اے عاشق! یہ جمال محفوظ اور یہ حُسن مستور ہے۔ کیونکہ اس جمال کو سوائے اس حبیب پاکؐ کے جو برگزیدہ شخصیت ہیں۔ سوائے اس دُرِّ یتیم کے جس کے ہم مربّی ہیں اور کوئی نہیں دیکھ سکتا جب تیرے گوش میں سُبْحَانَ الَّذِیْ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ (پاک ہے وہ ذات جس نے اپنے بندے کو سیر کرائی) کی آواز پہنچے۔ تو تُو (ہماری طرف ان کے عروج کے) راستے میں کھڑا ہو جا۔ ممکن ہے کہ تو اس ہستی کی زیارت کر لے جو ہمارا دیدار کرے گا۔ اور تو اس شخصیت کا مشاہدہ کرے جو ہمارے سوا کسی کو نہیں دیکھتا۔

یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم جب عرشِ معلیٰ آپ کے دیدار کا مشتاق ہے۔ تو میں کس طرح آپ کا خادم نہ بنوں۔ پھر آپؐ مرکب (براق) پر سوار ہو کر بیت المقدس پہنچے۔ پھر مرکب ثانی (معراج) کے ذریعے پہلے آسمان پر پہنچے۔ پھر آپ مرکب ثالث (ملائکہ) کے ذریعے ساتویں آسمان تک پہنچے۔ پھر آپ مرکب رابع (روح الامین) کے ذریعے سدرۃ المنتہیٰ تک گئے۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام یہیں رُک گئے۔

حضرت سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے جبرائیلؑ! ہم آج رات آپ کے مہمان ہیں۔ میزبان کا مہمان سے علیحدہ ہونا مناسب نہیں۔ کیا ایک دوست دوسرے

marfat.com

دوست کو یہاں لاکر تنہا چھوڑ سکتا ہے۔

جبرائیل علیہ السلام نے جواب دیا۔ جناب آپ میرے مہمان نہیں بلکہ آپ قدیم وکریم کے مہمان ہیں۔ میں اگر یہاں سے انگشت بھر بھی آگے بڑھوں گا تو خاکستر ہو جاؤنگا وَمَا مِنَّا اِلَّا لَهٗ مَقَامٌ مَّعْلُوْمٌ (ہم میں سے ہر ایک کے لئے ایک مقرر مقام ہے) جس سے وہ آگے نہیں جا سکتا۔

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے جبرائیل علیہ السلام سے فرمایا۔ کیا اللہ تعالیٰ سے تجھے کوئی احتیاج ہے۔ فرمایا۔ جی ہاں ایک حاجت کا طالب ہوں۔ پس جب آپ محبوبِ حقیقی جو لا منتہیٰ ہے کے ساتھ ملاقی و واصل ہوں اور محبوب اس طرح گویا ہو کہ لو یہ تو ہے اور یہ میں ہوں (اب کوئی واسطہ درمیان میں نہیں ہے) تو آپ اس وقت میرا ذکر ضرور فرمائیں۔

پھر جبرائیلؑ امین ستر ہزار حجاباتِ نور کو چیر کر آگے بڑھے۔ وہاں پانچواں مرکب یعنی رفرف جو سبز نورانیت رکھتا تھا اور مشرق و مغرب میں پھیلا ہوا تھا۔ حاضر خدمت ہوا۔ آپ اس پر سوار ہو کر عرشِ معلیٰ تک پہنچے۔ عرشِ معلیٰ دامن گیر ہو کر زبانِ حال سے عرض کرنے لگا کہ یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ کب تک مشروب خالص نوش فرماتے رہیں گے جبکہ آپ کے لئے وقت نہائت ہی مناسب و موزوں ہے۔ آپ فوراً (بارگاہِ ایزدی اور آستانہ سرمدی پر) تشریف لے جائیں۔ کبھی آپؐ کا محبوب آپ کے شوق میں آسمان دنیا پر نزول فرماتا ہے۔ کبھی اپنی بارگاہ کے ندیموں کے پاس آپ کی خاطر نزول فرماتا ہے اور کبھی وہ آپؐ کو اپنی مہربانی کے رفرف پر مرکوب فرماتا ہے یعنی سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِهٖ (پاک ہے وہ ذات جس نے اپنے بندے کو سیر کرائی) کبھی وہ آپ کو جمالِ احدیت کا مشاہدہ کراتا ہے یعنی مَا کَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰی (جو آپ نے دیکھا دل نے اس کی تکذیب نہیں کی) اور کبھی وہ آپؐ کو جمال صمدانیت کا جلوہ دکھاتا ہے

marfat.com

یعنی مَازَاغَ الْبَصَرُ وَمَاطَغٰی (وقت مشاہدہ آپ کی چشم مبارک دوسری طرف مائل نہیں ہوئی۔) اور کبھی وہ آپ کے لئے اپنی ملکوتیت کے سربستہ رازوں سے پردہ اٹھاتا ہے یعنی فَاَوْحٰۤی اِلٰی عَبْدِهٖ مَاۤ اَوْحٰی پس اللہ تعالیٰ نے اپنے بندے کی طرف جو اس کی مرضی تھی وحی نازل فرمائی) اور کبھی وہ آپ کو حضرت القدس میں اپنے قرب سے مشرف فرماتا ہے یعنی فَکَانَ قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰی (پس دو کمان کے برابر یا اس سے بھی کم فاصلہ رہ گیا)

یہ وقت تشنگیٔ دیدارِ ذات اور فریاد رسی کا ہے۔ میں تو حیران و سرگرداں ہوں کہ کس طرف سے اس کی راہ لوں۔ حالانکہ اس نے مجھے ساری کائنات سے بڑا بنایا لیکن میں سب سے زیادہ خوف زدہ ہوں۔ اپنی تخلیق کے وقت اس کے رعب و جلال سے کانپنے لگا تھا پھر اس نے میرے ایک پائے پر لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہ رقم فرمایا تو میری ہیبت اور بڑھ گئی اور ارتعاش و ارتعاد پیدا ہو گیا میں اسی حالتِ غیر میں ہی تھا کہ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ مرقوم ہوا۔ پس اسی وقت حالت سکون طاری ہو گئی اور طمانیت میسر آئی گویا کہ آپؐ کا اسمِ مبارک میرے قلبِ حزیں کے لئے اماں۔ میرے سرّ کیلئے طمانیت اور میرے قلق کے لئے حرزِ جاں ہے۔ تو جب آپ کے اسم مبارک میں اتنی برکت ہے۔ تو پھر آپ کی نظرِ تیریں کے کیا کہنے۔ میری طرف نظرِ التفات فرمائیے آپ یا محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم رحمۃ للعالمین بنا کر بھیجے گئے ہیں۔ مہربانی فرمائیے اور اس رات بالضرور مجھے حظِ وافر سے نوازیئے اور یہ کہ آپ نارِ جہنم سے میرے لئے برأت کی گواہی دیں۔ کیونکہ بعض کاذبوں نے یہ بات اس ذات کی طرف منسوب کی ہے۔ اور بعض فریبی لوگ اس بارے میں یہ کہہ رہے ہیں۔ جیسا کہ انہوں نے خطاء کی وجہ سے یہ گمان وزیادتی کی ہے کہ میں نے اس ذات اقدس کو اپنے اوپر اٹھایا ہوا ہے۔ جس کی کوئی حد نہیں اور میں نے احاطہ کیا ہوا ہے جس کی کوئی کیفیت نہیں۔

marfat.com

اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ وہ اپنی ذات میں لامحدود اور اپنی صفات میں لامعدود ہے اسے میری حاجت کیسے ہو سکتی ہے یا میں اسے کیسے اٹھا سکتا ہوں۔ کیونکہ الرحمٰن اس کا نام ہے اور استواء اس کی نعت وصفت ہے اور اس کی صفت ونعت کا تعلق واتصال صرف اسی کی ذات کے ساتھ ہے۔ پھر وہ کس طرح مجھ سے اتصال وانفصال کر سکتا ہے۔ اور نہ میں اس سے ہوں اور نہ وہ مجھ سے ہے۔

اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم مجھے اس کی عزت کی قسم کہ میں نہ تو وصلاً اس سے قریب ہوں نہ فصلاً اس سے بعید۔ اور نہ میں اسے اٹھانے کی سکت رکھتا ہوں اور میں تو اس سے بعید۔ اور نہ میں اسے اٹھانے کی سکت رکھتا ہوں۔ اور میں تو اسکی جامعیت کو پراگندگی سے پاک دیکھتا ہوں اور میں کسی کو اس کی مثل نہیں پاتا۔ بلکہ اس نے مجھے اپنی رحمت احسان اور فضل سے ایجاد فرمایا۔ اور اگر وہ مجھے نیست ونابود کر دے تو بھی اسکا فضل وعدل ہی ہو گا۔

اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم میں اس کی قدرت سے قائم اور اس کی حکمت سے دائم ہوں۔ یہ کیسے صحیح ہو سکتا ہے کہ حامل محمول بن جائے۔ پس آپ توقف نہ فرمائیں۔ کیا آپ نہیں جانتے بے شک کان، آنکھ اور دل سب اس کے آگے جواب دہ ہیں۔

پس حضور سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے زبانِ حال سے فرمایا۔ اے عرش! تو میرے سامنے سے ہٹ جا۔ تو مجھے مت مشغول کر۔ میری طہارت کو مکدّر اور میری خلوت کو مشوش مت کر۔ کیونکہ میرے پاس اتنا وقت نہیں ہے کہ میں تیرے عتاب کے لئے سمع خراشی کروں اور نہ ہی یہ ایسی جگہ ہے۔ جہاں میں تیری تقریر سے اپنے دِل کو راضی کروں۔

پس حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے پہلو تہی فرمائی۔ اور آپ نے مسطورہ

marfat.com

اور بے حرف وحی کی طرف بھی توجہ نہ فرمائی اور نہ ہی آپ کی چشم مبارک یکسوئی
سے روگرداں ہوئی۔ پھر آپ نے چھٹے مرکب پر قدم رنجہ فرمایا۔ وہ تائیدِ ایزدی
کا مرکب تھا۔ پھر اوپر سے آواز آئی۔ آپ نے نہیں دیکھا۔ تیرا محافظ تیرے سامنے
ہے۔ دیکھیئے یہاں اس وقت آپ اور آپ کا رب ہی موجود ہے۔ آپ
نے فرمایا میں اس حیرت میں منہمک ہوں کہ میں جو کہتا ہوں پہچانتا نہیں۔
اور جو کچھ کر رہا ہوں جانتا نہیں۔ عین اُس وقت ایک قطرہ جو شہد سے زیادہ میٹھا اور
برف سے زیادہ ٹھنڈا، جھاگ سے زیادہ نرم اور کستوری سے زیادہ خوشبودار میرے
لب پر آکر گرا۔ اور اس کی بدولت میں تمام انبیاء و مرسلین سے بڑھ کر علم والا ہو گیا۔ اور میری
زبان پر اَلتَّحِيَّاتُ الْمُبَارَكَاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ لِلّٰهِ جاری ہو گیا۔
پھر مجھے یہ جواب دیا گیا۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ
پھر میں نے سوچا کہ جس باب میں مجھے خصوصیت و شرف حاصل ہوا ہے کیوں نہ میں
اپنے بھائیوں یعنی انبیاء کرام کو شامل کروں پس میں نے اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى
عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ کہا۔ صالحین بندوں سے یہاں انبیاء کرام کا گروہ مراد ہے
لہٰذا جب حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے شب اسریٰ کے بارے میں پوچھا گیا۔ کہ
کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے واقعتاً اللہ تعالیٰ کا دیدار فرمایا۔ تو آپ نے فرمایا۔ جی ہاں
اس میں کوئی شک نہیں۔ کیونکہ میں اس وقت جب آپ نے اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا فرمایا۔
اور فرشتوں نے اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ
کہا۔ آپ کے دامنِ عالی کے ساتھ چمٹا ہوا تھا۔

آپ فرماتے ہیں۔ کہ مجھے آواز آئی کہ قریب ہو جا۔ پھر میں قریب ہوا۔ اللہ تعالیٰ
کے اس قول کے یہی معنیٰ ہیں ثُمَّ دَنٰى فَتَدَلّٰى یہاں تک کہ آپ قاب قوسین
کے مقام تک پہنچے۔ یاد رہے کہ اس قرب میں فاصلے اور مسافت کا کوئی دخل

marfat.com

نہیں تھا۔

گویا دَنیٰ شفاعت اور تقرب برضا الی اللہ کے لئے کہا گیا تھا۔ اور دنیٰ خدمت اور تقرب بالرحمۃ الربوبیۃ کے لئے کہا گیا تھا۔ پھر دَنیٰ فَتَدَلّٰی میں دَنیٰ کا مطلب ہے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا تعلق ذاتِ پروردگار سے ہے اور فَتَدَلّٰی کا مطلب ہے کہ آپ پر وحی کا نزول اسی ذات کی طرف سے ہے (گویا آپ ایک لحاظ سے براہ راست ذات سے اور بلحاظ دیگر بذریعہ وحی یعنی بالواسطہ صفات سے متعلق ہیں) دَنیٰ لطافت اور فَتَدَلّٰی اس پر مزید شفقت و رحمت ہے۔

یہ وہ مقام ہے یہاں اَیْنَ بین و جستجوئے کیف سے فارغ ہو گیا ہے اور اَیْنَ کی حالت ختم ہو گئی۔

پس اگر آپ قابَ قوسین پر اکتفا فرماتے تو یہ احتمال پیدا ہو جاتا۔ کہ اللہ تعالیٰ ابھی کسی جگہ رہتا ہے۔ اس لئے فرمایا گیا اَوْ اَدْنیٰ یعنی مکان کی نفی کی گئی ہے۔ یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت بایں طور تھی۔ کہ یہاں نہ مکان نہ زمان نہ اوان اور نہ اکوان تھا۔ پس ندا آئی اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آگے بڑھو۔ آپ نے فرمایا۔ اے میرے رب جب جہات ختم ہو چکی ہیں تو میں اپنا قدم کہاں رکھوں۔ جواب ملا کہ قدم کو قدم پر رکھو تاکہ ہر ایک کو علم ہو جائے کہ میں زمان، مکان، اوان، دِن، رات، حدود اقطار اور حدود مقدار سے منزا ہوں۔ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم دیکھئے۔ پھر آپ نے نور درخشاں کا مشاہدہ فرمایا۔ پس آپ نے پوچھا یہ نور کیسا ہے جواب ملا کہ یہ نور نہیں ہے بلکہ جنّت الفردوس ہے۔ پھر اسے آپ کے قدم مبارک کے سامنے لا کھڑا کیا گیا۔ اور وہی نور آپ کے قدموں پر بچھا در ہونے کے لئے قدموں کے نیچے آ گیا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کہ اس وقت یہاں آپ کے قدموں کی ابتدا ہے وہیں تک کائنات کے اوہام کا انقطاع ہے۔ پھر فرمایا اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کہ جب تک آپ سیرِ اَیْنَ یعنی مکان و زمان کی سیر میں رہے اس وقت تک جبرائیل علیہ السلام آپ

marfat.com

کے رہبر اور براق آپ کا مرکب رہا۔ اور اب جبکہ آپ مکان سے نکل آئے اکوان سے غائب ہوئے اور جہت سے فارغ ہوئے اور درمیان سے حجاب اٹھا دیئے گئے۔ قاب قوسین کے سوا باقی نہ رہا۔ تو اب میں ہی آپ کا رہبر ہوں۔ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اب میں تیرے لئے دروازہ کھولتا ہوں تیری خاطر حجاب اٹھا رہا ہوں۔ اور میں آپ کو شیریں خطاب سے نواز رہا ہوں۔ اور عالم غیب میں آپ نے مجھے تحقیقاً و ایماناً یکتا پایا۔ اور اب عالم شہود میں آپ میری توحید کو شہادتاً و عیاناً بیان فرمائیں۔ پس آپ نے فرمایا اَعُوْذُ بِعَفْوِكَ عَنْ عُقُوْبَتِكَ (میں تیرے عفو کے ساتھ تیرے عذاب سے پناہ مانگتا ہوں)

پس اللہ تعالےٰ نے فرمایا یہ دعا آپ کی امت کے لئے سہارا ہے۔ یہ حقیقت میری وحدت کے مدعی یعنی آپ کی نہیں ہے۔ پس آپ نے فرمایا لَا اُحْصِیْ ثَنَاءً عَلَیْكَ كَمَا اَثْنَیْتَ اَنْتَ عَلٰى نَفْسِكَ (جس طرح کہ تو نے اپنے نفس کی تعریف کی ہے مجھ میں یہ استعداد نہیں کہ میں بھی اسی طرح بیان کروں)

پس ذات کریم نے فرمایا۔ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کہ جو آپ کی زبانِ مبارک نے عجز و سکوت کو اختیار فرمایا۔ تو میں اسے اب ضرور صدق کا لباس پہناؤں گا وَمَا یَنْطِقُ عَنِ الْھَوٰی (وہ اپنی خواہش سے نہیں بولتے) اور جب آپ کی نظریں اشارات سے بیگانہ ہو گئیں۔ (یعنی دیدار حق میں منہمک ہو گئیں) تو اب میں آپ کی نظریں خلعت ہدایت سے نوازوں گا۔ مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰی (آپ کی نگاہ نہ بہکی، اور نہ حد سے بڑھی) اور پھر میں ضرور آپ کو نازک حالات میں ایک نور عنایت کروں گا۔ جس کے ذریعے آپ میرے جمال کا نظارہ کر سکیں گے۔ اور ایسے کان دونگا جس سے آپ میرے کلام کی سماعت کر سکیں گے۔ پھر زبانِ حال سے اپنی طرف آپ کے عروج کے معنیٰ سے آپ کو روشناس کراؤنگا۔ اور میری طرف آپ کی نظر کے راجع ہونے کی حکمت بیان کردنگا۔ گویا کہ اللہ تعالےٰ اس امر کی طرف اشارہ فرمارہے تھے کہ۔ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم

marfat.com

اِنَّآ اَرْسَلْنٰکَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہم نے آپکو اپنی امت پر گواہ اور خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے) اور شاہد کا حقیقی مطلب یہ ہوتا ہے کہ وہ ہر چیز کو دیکھ کر گواہی دیتا ہے۔ غیب پر گواہی دینا کسی صورت میں بھی روا نہیں۔ پس میں آپ کو اپنی جنت دکھاتا ہوں تاکہ آپ اس چیز کا مشاہدہ کریں۔ جو میں نے اپنے دوستوں کے لئے تیار کی ہے۔ اور میں آپ کو اپنا جہنم دکھاتا ہوں تاکہ آپ اس چیز کا مشاہدہ کریں جو میں نے اپنے دشمنوں کے لئے تیار کی ہے۔ پھر میں آپ کو اپنے جلال کا مشاہدہ کراؤنگا اور اپنے جمال کو منکشف کرونگا تاکہ آپ جان لیں کہ میں اپنے کمال میں مثیل، شبیہہ، بدیل، نظیر، مشیر، حد، قد، حصر، عدد، زوج، فرد، مواصلہ مفاصلہ، مماثلہ، مشاکلہ، مجالسہ، ملامسہ، مباینہ اور باہمی امتزاج سے منزہ ہوں۔ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم میں نے مخلوق کو پیدا کر کے اپنی طرف بلایا۔ انہوں نے میرے بارے میں اختلاف کیا۔ پس ایک قوم نے عزیرؑ کو میرا بیٹا قرار دیا۔ اور اس طرح انہوں نے میرے ہاتھوں کو مغلول ٹھہرایا۔ اور یہ یہود تھے۔ اور قوم نصاریٰ نے یہ گمان کیا کہ مسیح میرا بیٹا ہے۔ اور میرے لئے بیوی اور بیٹا ثابت کیا۔ اور بت پرستوں نے میرے شریک ٹھہرائے اور فرقہ مجسمہ نے میری صورت بنائی اور فرقہ مشبہ نے مجھے محدود ٹھہرایا۔ فرقہ معطلہ نے مجھے معدوم گردانا اور فرقہ معتزلہ نے یہ گمان کیا کہ قیامت کو میرا دیدار نہیں ہوگا۔

دیکھئے میں نے آپ کے لئے دروازہ کھول دیا ہے اور اپنا حجاب اٹھا دیا ہے۔ پس اے میرے محبوب دیکھئے اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم وہ لوگ جن چیزوں کو میری طرف نسبت کرتے ہیں۔ کیا وہ مجھ میں موجود ہیں۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے، اس نور کی مدد سے جس کے ذریعے اللہ تعالےٰ نے آپ کو قوی اور مؤید بنا دیا تھا بغیر ادراک اور احاطہ کے اس کا دیدار فرمایا۔ آپ نے دیکھا کہ وہ ذات فرد اور الصمد ہے جو نہ کسی چیز میں ہے۔ نہ کسی چیز پر ہے۔ نہ کسی کے ساتھ قائم ہے۔ اور نہ ہی کسی کی محتاج

marfat.com

ہے۔ اور نہ وہ ہیکل نہ مثل۔ نہ صورت نہ جسم نہ متحیز نہ مکیف نہ مرکب ہے۔ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَّھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ (کوئی چیز اُس کی مثل نہیں، اور وہ سننے والا اور وہ جاننے والا ہے) پس جب ذاتِ کریم نے آپ کے ساتھ بالمشافہ کلام فرمایا اور آپ کو وجہاً لوجہ (آمنے سامنے) اپنے مشاہدے سے مشرف فرمایا۔ تو اس ذات اللہ تعالےٰ نے فرمایا۔ اے میرے حبیبؐ۔ اے محمد صلے اللہ علیہ وسلم! جو اسرار آپ کو بتائے گئے ہیں کائنات میں انہیں ظاہر نہ کیا جائے اور زمانے میں ان کو نہ پھیلایا جائے۔ فَاَوْحٰی اِلٰی عَبْدِہٖ مَآ اَوْحٰی (پس اس نے اپنے بندے کی طرف وحی بھیجی، جو بھیجی)

آپؐ کے معراج شریف کا راز۔ راز سے بھی راز میں تھا۔

وَصَلِّ اللّٰھُمَّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰے اَشْرَفِ مَخْلُوْقَاتِکَ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ بَحْرِ اَنْوَارِکَ وَمَعْدَنِ اَسْرَارِکَ وَلِسَانِ حُجَّتِکَ وَاِمَامِ حَضْرَتِکَ وَعَرُوْسِ مَمْلَکَتِکَ وَطِرَازِ مُلْکِکَ وَخَزَائِنِ رَحْمَتِکَ وَطَرِیْقِ شَرِیْعَتِکَ وَرَاجِ جَنَّتِکَ وَعَیْنِ حَقِیْقَتِکَ الْمُتَلَذِّذِ بِمُشَاھِدَتِکَ عَیْنِ اَعْیَانِ خَلْقِکَ الْمُقْتَبِسِ مِنْ ضِیَائِکَ صَلٰوۃً تُحِلُّ بِھَا عُقْدَتِیْ وَتُفَرِّجُ بِھَا کُرْبَتِیْ وَتَقْضِیْ بِھَا اَرَبِیْ وَتُبَلِّغُنِیْ بِھَا طَلَبِیْ صَلَاۃً دَائِمَۃً بِدَوَامِکَ بَاقِیَۃً بِبَقَائِکَ قَائِمَۃً بِذَاتِکَ صَلَاۃً تُرْضِیْکَ وَتُرْضِیْہِ وَتَرْضٰی بِھَا عَنَّا یَارَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ٭

وَحَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ٭

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ٭

وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰے سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰے اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ

وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝

marfat.com

شجرة الكون

للشيخ الاكبر سيدنا ومولانا محي الدين بن العربي قدس الله سره ونور الله ضريحه المتوفى سنة ثمان وثلثون وستمائة

استانبول

طبع في مطبعة العالم على ذمة حسن حلمي الكتبي في سنة

١٣١٨

marfat.com

شجرة الكون

بسم الله الرحمن الرحيم

